★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
جلد نمبر 15 | پیر 2 رمضان المبارک 1446ھ، پیر 3 مارچ 2025ء، 19 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 128
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

# وزیراعلیٰ کا صوبہ بھر میں مہنگائی کے سدباب کیلئے جامع کریک ڈاؤن کا حکم

### رمضان المبارک کے دوران گراں فروشی، ذخیرہ اندوزی کے معاملے میں بلاامتیاز کارروائی کی جائے، رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، تاجر برادری غریب عوام کا احساس کریں، مریم نواز

### تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو گراں فروشی کے خلاف موثر مہم چلانے کی ہدایت کردی گئی پوری دنیا میں رمضان المبارک میں نرخ کم کئے جاتے ہیں، ہمیں بھی رضا کارانہ نرخ کم کرنے چاہئیں، اجلاس سے خطاب

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے صوبہ بھر میں مہنگائی کے سدباب کیلئے موثر اور جامع کریک ڈاؤن کا حکم دیتے ہوئے تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو گراں فروشی کے خلاف موثر مہم چلانے کی ہدایت کردی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری ریٹ لسٹ نمایاں آویزاں کرنے کا حکم دیتے ہوئے ضروری اشیائے خورونوش کی طلب ورسد کے امور کی کڑی مانیٹرنگ اور ذخیرہ اندوزی روکنے کے لئے کارروائی کی بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

## سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹراکورٹ اپیلوں پر سماعت آج پھر ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹراکورٹ اپیلوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

## رمضان المبارک کی آمد پر غیرملکی سفارتخانوں کی مبارکباد

### ماہ رمضان اتحاد اور ہمدردی کا مہینہ ہے، سفیر یو اے ای، فرانس، جرمن سفارتکاروں کی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) رمضان المبارک کی آمد پر غیرملکی سفیروں اور سفارتخانوں کی جانب سے مبارکباد کے پیغام جاری کیے گئے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے سفیر حمد عبید ابراہیم الزعابی نے اپنے پیغام میں کہا کہ مقدس ماہ رمضان کی بابرکت مناسبت سے میں پاکستانی حکومت اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

## وزیراعظم نے برآمدات میں اضافے کیلئے ہدایات دے رکھی ہیں، وفاقی وزیر تجارت

### ہماری کوشش ہوگی بجٹ سے پہلے 10 فیصد ریگولر ڈیوٹی کو ختم کر دیا جائے، دیگر معاملات کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں حل کرنے کا عندیہ

### وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد، سینئر رہنما عثمان اشرف کی ملاقات

اسلام آباد /لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان سے پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ان کے دفتر میں تفصیلی ملاقات کرکے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو درپیش مسائل خصوصاً طورخم بارڈر کے راستے آنے والے جزوی تیار خام پر عائد 10 فیصد ریگولر ڈیوٹی، سیلز ٹیکس کو 25 فیصد سے کم کرکے نا قابل واپسی 5 فیصد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

## عالمی برادری اور امریکا انصاف کیلئے مدد کرے، عمران خان کا ٹائم میگزین میں آرٹیکل

### حکومت پی ٹی آئی کے خلاف سیاسی انتقام کے لیے انسداد دہشتگردی کی اہم کوششوں سے وسائل کا رخ موڑ رہی ہے، بانی پی ٹی آئی کے آرٹیکل کا متن

### ٹائم میگزین میں اپنے نام سے شائع ہونے والے مضمون میں جیل میں قید سابق وزیراعظم نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ان کی سیاسی واپسی پر مبارک باد دی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے عالمی برادری بالخصوص امریکا سے اپیل کی ہے کہ وہ جمہوریت، انسانی حقوق، علاقائی استحکام اور انصاف کی فراہمی کے لیے مدد کرے۔ ٹائم میگزین میں اپنے نام سے شائع ہونے والے مضمون میں جیل میں قید سابق وزیراعظم نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ان کی سیاسی واپسی پر مبارک باد دی اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

# ملکی ترقی کیلئے ہم میں سے ہر کسی نے اپنے حصے کی شمع جلانی ہے

## آرمی چیف

### پاکستان اللہ پاک کا عطا کردہ ایک انمول تحفہ ہے، جس کو اللہ نے بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں کبھی بھی اپنے عقیدے، اسلاف اور معاشرتی اقدار کو نہیں بھولنا چاہیے

### جب تک عظیم مائیں اپنے بچے پاکستان پر نچھاور کرتی رہیں گی، اور یہ قوم بالخصوص نوجوان اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے تو کوئی بھی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا: طلبہ سے بات چیت

بہاولپور (این این آئی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کا کہنا ہے کہ دہشتگردی کے پیچھے ایک منظم غیر قانونی اسپیکٹرم ہے، اس اسپیکٹرم کی پشت پناہی کچھ مخصوص عناصر کرتے ہیں۔ سی آئی ایم ایس کے دورے کے موقع پر آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے بہاولپور کی مختلف یونیورسٹیوں کے طلباء (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

لاہور، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر پاور ڈویژن سردار اویس احمد لغاری ملاقات کر رہے ہیں

## وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی اہم ملاقات طے

### آج پیر کو وزیراعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح حکومتی اتحادی اجلاس بلایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف اور بلاول بھٹو کی اہم ملاقات طے ہوگئی ہے اور آج پیر کو وزیراعظم ہاؤس میں اعلیٰ سطح حکومتی اتحادی اجلاس بلایا جائے گا۔ اجلاس میں حکومتی اور اتحادی جماعتوں کے سربراہان شریک ہونگے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم سے ملاقات کے لیے بلاول بھٹو بھی اسلام آباد پہنچیں گے۔ بلاول بھٹو وزیراعظم ہاؤس میں اعلی سطح حکومتی اتحادی اجلاس میں شریک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

## اپوزیشن اتحاد میں مزید جماعتوں کو شامل کرنے پر اتفاق

### اپوزیشن اتحاد میں نئی جماعتوں کو شامل کرنے کے لیے ڈرافٹ مانگ لیے گئے

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن اتحاد میں نئی جماعتوں کو شامل کرنے کے لیے ڈرافٹ مانگ لیے گئے ہیں اور محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ایسا ڈرافٹ تیار کریں، جس پر تمام اپوزیشن مشترکہ جدوجہد کرے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اتحاد میں مزید جماعتوں کو شامل کرنے پر اتفاق کیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

## وزیراعظم کی سربراہی میں ہائی پاورڈ سلیکشن بورڈ کا اجلاس 2 سال بعد بھی نہ ہوسکا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی سربراہی میں ہائی پاورڈ سلیکشن بورڈ کا اجلاس 2 سال بعد بھی نہ ہوسکا، بلاول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پی سی ایم اے کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک ملاقات کر رہے ہیں

## مہنگائی کم کی اس کی رفتار کو مزید نیچے لائیں گے، رانا ثناء اللہ

### ہمت کارڈ کے بارے میں اس سے پہلے کسی نے بھی نہیں سوچا، یہ اقدامات بلاتفریق ہیں کہ کس نے ہمیں ووٹ دیا کس نے نہیں دیا

فیصل آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مہنگائی کی رفتار کو مزید نیچے لائیں گے۔ مینارٹی کارڈز کی تقسیم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی 38 سے 40 فیصد تھی، اسے ہم 3 سے 4 فیصد تک لے آئے ہیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

لاہور: وزارت موسمیاتی تبدیلی اور گرین کلائیمیٹ فنڈ کے اشتراک سے منعقدہ ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

## اپوزیشن اتحاد کو حکومت یا نظام کے لیے خطرہ نہیں سمجھتے، سینیٹر عرفان صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سینیٹر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

## بدقسمتی ہے جو ملکی حالات ہیں اس میں کوئی بھی محفوظ نہیں، شاہد خاقان عباسی

اکوڑہ خٹک (این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

## آپ مولانا صاحب کی طرف سے ناں ہی سمجھیں، رانا تنویر

### اپوزیشن نے الیکشن سے متعلق جو رویہ اپنایا ہوا ہے، یہ سارے آپ کو پتہ ہے کہ شکست خوردہ ہیں

اسلام آباد (این این آئی) رہنما مسلم لیگ (ن) رانا تنویر حسین کا کہنا ہے کہ اپوزیشن نے الیکشن سے متعلق جس طرح کا رویہ اپنایا ہوا ہے، یہ سارے آپ کو پتہ ہے کہ شکست خوردہ ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے 2018 کے الیکشن آپ کو پتہ ہے، جس طرح (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

## ملک کی 18 جماعتیں عمران خان کی ہم آواز بن چکی ہیں، فیصل چودھری

### ایک کانفرنس سے حکومت خوفزدہ ہوگئی، کانفرنس میں کسی کے خلاف کوئی بات نہیں کی گئی، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وکیل تحریک انصاف فیصل چودھری نے کہا ہے کہ ملک کی 18 جماعتیں عمران خان کی ہم آواز بن چکی ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

لاہور، صوبائی وزیر انسانی حقوق واقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ واہگہ بارڈر پر ہندو یاتریوں کو رخصت کر رہے ہیں

## فواد، پرویز خٹک جیسے لوگ سیاسی جنازے ہیں، رؤف حسن

### مولانا اور پی ٹی آئی کے درمیان تمام مسائل حل ہو جائیں گے، حکومت کب تک گھٹن کا ماحول برقرار رکھے گی، انٹرویو

### بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ ہم بات چیت کرنا چاہتے ہیں، سیاست کے راستے ختم کردیں گے تو پھر رابطوں کے دیگر آپشن استعمال ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف رؤف حسن نے کہا ہے کہ فواد چودھری ٹاؤٹ، پرویز خٹک جیسے لوگ سیاسی جنازے ہیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رؤف حسن کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ ہم بات چیت کرنا چاہتے ہیں، سیاست کے راستے ختم کردیں گے تو پھر رابطوں کے دیگر آپشن استعمال ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کھوکھلے نعروں سے ملک نہیں چلتے ہیں، ہم تنقید نہیں کر رہے، ہم حقائق بیان کر رہے ہیں، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

## ایک بڑے مقصد کیلئے ہمیں اکٹھا ہونا ہوگا، شاہد خاقان عباسی

### کوشش ہے اپوزیشن کی جماعتوں میں ایک سوچ پر اتفاق پیدا ہو، اپوزیشن کا الائنس بنا تو بنیادی اصولوں پر بنے گا

### اپوزیشن ہمیشہ سڑکوں پر تحریک نہیں چلاتی، تحریک پارلیمنٹ کے اندر بھی چلائی جاسکتی ہے، نجی ٹی وی سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) کنوینئر عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ کوشش ہے کہ اپوزیشن کی جماعتوں میں ایک سوچ پر اتفاق پیدا ہو، ایک بڑے مقصد کیلئے ہمیں اکٹھا ہونا ہوگا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سربراہ عوام پاکستان پارٹی شاہد خاقان عباسی نے کہا اپوزیشن ہمیشہ سڑکوں پر تحریک نہیں چلاتی، تحریک پارلیمنٹ کے اندر بھی چلائی جاسکتی ہے، میرا مشورہ ہے تحریک انصاف سڑکوں کی سیاست سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

لاہور: جامعہ نعیمیہ میں طلبہ افطاری سے قبل دعا مانگ رہے ہیں

## رمضان میں ہر فرد تعلیم کے لیے کردار ادا کرنے کا عہد کرے، رانا سکندر حیات

### ہر فرد کم از کم ایک بچے کی تعلیمی کفالت کا عزم کرے، صوبائی وزیر تعلیم کا بیان

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے ماہ صیام کی بابرکت ساعتوں کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر فرد اس رمضان المبارک میں علم کی روشنی ہر بچے تک پہنچانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

## مولانا حامد الحق کی شہادت المناک سانحہ ہے، قاری اعظم حسین

### شہید مولانا حامد الحق اتحاد بین المسلمین کے داعی رہے، ہمیشہ جبر کے دور میں صدائے حق بلند کیا

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

## محمود اے مولوی آئی پی پی سندھ کی صدارت سے مستعفی

کراچی (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما محمود اے مولوی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

## کراچی، ڈمپر کی ٹکر سے مزید ایک شہری جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے لیاقت آباد، گجر نالے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

## کہوٹہ میں رمضان المبارک کے دوران سیکیورٹی اور ٹریفک پلان پر خصوصی اجلاس

کہوٹہ (این این آئی) ڈی ایس پی کہوٹہ محمد افضل لودھی اور ایس ایچ او تھانہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

لاہور: یونیورسٹی کے طلبہ اور الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کار شجرکاری مہم کے تحت پودے لگا رہے ہیں

## سمارٹ ٹیکنالوجیز سے پاکستان کی زرعی پیداوار میں اضافہ ہوسکتا ہے، چینی کمپنی

### پاکستان زراعت اور لائیو سٹاک پر مبنی معیشت ہے، اس میں بے پناہ امکانات موجود ہیں، شی جیا چوانگ ہینکنگ کی گفتگو

### رائل جے ڈبلیو فوڈز، چین اور پاکستان کے درمیان 2024 میں قائم ہونے والا ایک مشترکہ منصوبہ ہے

لاہور (این این آئی) چینی کمپنی نے کہا کہ سمارٹ ٹیکنالوجیز سے پاکستان کی زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ دیکھا جاسکتا ہے، کسان اور اسٹیک ہولڈرز ان جدید طریقوں کو اپنانے کے بارے میں پرجوش ہیں، پاکستان زراعت اور لائیو سٹاک پر مبنی معیشت ہے، اس میں بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق لاہور میں منعقد ہونے والی فوڈ اینڈ مینو فیکچرنگ ایکسپو میں چائنہ پویلین میں چینی کاروباری اداروں اور پاکستان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: ڈائریکٹر سپورٹس پی ایچ اے لاہور عامر ابراہیم و دیگر کا پی ایچ اے سے ریٹائر ہونے والے سیول مسیح کی الوداعی تقریب میں گروپ فوٹو

سوات، وفاقی وزیر و صدر مسلم لیگ ن خیبر پختونخوا امیر مقام عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

## ایک گھنٹے کا اختیار دیں شہر میں حادثہ یا اسٹریٹ کرائم نہیں ہوگا، گورنر سندھ

### پاکستانی افواج ہیں تو دنیا میں کوئی ہمیں آنکھیں نہیں دے سکتا، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ اب شہر میں ٹریفک گردی نہیں چلے گی اور ایک گھنٹہ کا اختیار مجھے دیں، کسی بھی حادثے یا اسٹریٹ کرائم کا سامنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

## ملک میں پی ٹی آئی کا مسلسل استحصال کیا جارہا ہے، محمد حسین

### ملک کی حقیقی آزادی پی ٹی آئی کی بنیادی ترجیح ہے اسی پاداش میں خان کو انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ ملک میں پی ٹی آئی کا مسلسل استحصال کیا جارہا ہے، پارٹی قیادت اپنے اصولی موقف پر قائم ہے اور جعلی حکومت کے خاتمہ کی جدوجہد کر رہی ہے، ملک کی حقیقی آزادی پی ٹی آئی کی بنیادی ترجیح ہے اسی پاداش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

## اسٹیٹ بینک کے رمضان المبارک میں دفتری اوقات کا اعلان

### پیر سے جمعرات تک دفتری اوقات صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک ہوں گے: سٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رمضان المبارک کے لیے دفتری اوقات کا اعلان کر دیا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق، پیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

## زکوۃ کٹوتی کیلئے بینکس (آج) بند رہیں گے

لاہور (این این آئی) زکوۃ کی کٹوتی کے سلسلہ میں ملک بھر میں بینکس آج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

## امریکا نے اسرائیل کو چار ارب ڈالر کی فوجی امداد کی فراہمی تیز کر دی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے انہوں نے اسرائیل کو تقریبا 4 بلین ڈالر کی فوجی امداد فراہم کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

## حماس کے مسلح ونگ کی طرف سے غزہ میں اسرائیلی قیدیوں کی نئی فوٹیج جاری

غزہ (این این آئی) حماس کے مسلح ونگ نے ایک فوٹیج جاری کی ہے جو غزہ میں موجود بظاہر کئی اسرائیلی قیدیوں کی ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

## حماس کا جنگ بندی کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد کا مطالبہ

غزہ (این این آئی) حماس نے بتایا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے ابتدائی مرحلے کی عارضی توسیع کی توثیق کے بعد وہ جنگ بندی کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد کے لیے اصرار کر رہا ہے۔ حماس کے رہنما محمود مرداوی نے فرانسیسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

## فارمیسی انتہائی مقدس پیشہ ہے، پروفیسر اسحاق میو

### فارمیسی سے منسلک افراد اپنے فرائض کو ایمانداری کے ساتھ ادا کریں تو یہ قوم کیلئے نیک شگون ہوسکتا ہے

لاہور (این این آئی) آل پاکستان کالج آف فارمیسی ایسوسی ایشن کے بانی چیئرمین پروفیسر اسحاق میو نے فارمیسی اسکالرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فارمیسی انتہائی مقدس پیشہ ہے، فارمیسی سے منسلک افراد اپنے فرائض کو ایمانداری کے ساتھ ادا کریں تو یہ قوم کیلئے نیک شگون ہو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

لاہور: پولیس اہلکار سمیت تین افراد بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل پر سوار ہوکر قانون کی دھجیاں بکھیر رہے ہیں

## کوئٹہ، گیس لیکیج کے باعث دھماکا، خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق

### بلوچستان کے دارالحکومت کے علاقے پشتون آباد میں گیس لیکیج کے باعث دھماکا ہوا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گیس لیکیج کے باعث دھماکے سے خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے پشتون آباد میں گیس لیکیج کے باعث دھماکا ہوا جس میں ایک خاتون سمیت 2 افراد جان سے چلے گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

بھٹہ مزدور آصف مسیح
بھٹہ مزدور آصف مسیح، خالدہ بی بی، امن مسیح، ریحان مسیح، وسیم مسیح، عمر مسیح، راجہ مسیح، کو فوری طور پر برآمد کیا جائے اور اغوا کرنے والے ملزمان مرزا اورنگزیب، جاگیر بیگ، اور بلال بیگ وغیرہ کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے
منجانب: پاکستان مسیحا ملت پارٹی
لاہور: پاکستان مسیحا پارٹی کے زیراہتمام پریس کلب کے باہر بھٹی مزدوروں کی بازیابی کیلئے مظاہرہ کیا جارہا ہے



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

# سٹی نیوز

## نمازوں کے اوقات



| | |
|---|---|
| صبح صادق | 5:15 |
| فجر | 6:00 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 4:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 7:30 |

### فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

## سبزیوں، پھلوں کی قیمتیں کمی و مستحکم، ڈپٹی کمشنر کا بڑا اقدام!

### لاہور: ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر مارکیٹ کمیٹی متحرک، گرانفروشوں پر کڑی نظر

لاہور: (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر مارکیٹ کمیٹی متحرک ہے اور گرانفروشوں پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ آلو، پیاز، ٹماٹر کی وافر مقدار، اشیا ضروریہ کی قیمتیں کنٹرول میں رکھے جائیں گے اور گراں فروشی میں ملوث عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ ماہ صیام میں اشیاء ضروریہ کی قیمتوں پر کنٹرول یقینی بنایا جائے۔ شہریوں کو ریلیف دینے کے لیے ڈپٹی کمشنر نے روزانہ قیمتوں کی نگرانی کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ ہروقت اسسٹنٹ کمشنرز، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس و ٹیمیں فعال رہیں۔ سبزیوں کی قیمتیں مستحکم ہے اور ڈپٹی کمشنر کی عوامی ریلیف کیلئے متحرک ہے۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنا اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہری کسی بھی شکایت کی صورت میں کنٹرول روم نمبر 03070002345 پر شکایات درج کروا سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے ہدایات کیں کہ شہری شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنائیں۔

### موٹروے ایم ون پر سنگجانی انٹرچینج کے قریب شرپسند عناصر کی موٹر پولیس کی گاڑی پر فائرنگ سے اہلکار زخمی ہوگیا

لاہور (کرائم رپورٹر) موٹروے ایم ون پر سنگجانی انٹرچینج کے قریب شرپسند عناصر کی موٹر پولیس کی گاڑی پر فائرنگ سے اہلکار زخمی ہوگیا جبکہ شدید فائرنگ کی وجہ سے گاڑی میں آگ بھڑک اٹھی اور جل کر خاکستر ہوگئی۔ موٹروے پولیس حکام کے مطابق موٹروے سنگجانی انٹرچینج ایم ون پر موٹروے پولیس کا عملہ معمول کی پیٹرولنگ ڈیوٹی پر تھا کہ اچانک نامعلوم شرپسندوں نے موٹروے پولیس کی گاڑی پر شدید فائرنگ شروع کردی۔ فائرنگ کے نتیجے میں موٹروے پولیس سب انسپکٹر عجاز اور ہیڈ کانسٹیبل ابراہیم معجزانہ طور پر محفوظ رہے جبکہ ایک اہلکار زخمی ہوا۔

### بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور نہم جماعت کی رولنمبر سلپیں آنلائن کردی گئی

لاہور ( خبر نگار ) سیکرٹری لاہور بورڈ رضوان نذیر اور کنٹرولر امتحانات محمد زاہد میاں کی خصوصی کاوشوں سے پہلی مرتبہ دس دن قبل ہی نہم جماعت کی رولنمبر سلپیں آنلائن کر دی گئی ہیں ریگولر امیدوارن اپنے اداروں سے رولنمبر سلپ حاصل کر سکیں گے جبکہ پرائیویٹ امیدوارن لاہور بورڈ کی ویب سائٹ سے رولنمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

### سٹی ٹریفک پولیس لاہور کے سینئیر افسران نے سڑکوں پر ٹریفک وارڈنز کے ہمراہ روزہ افطار کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس لاہور کے سینئیر افسران نے سڑکوں پر ٹریفک وارڈنز کے ہمراہ روزہ افطار کیا ایس پی ہیڈ کوارٹرز منصور الحسن نے لبرٹی کے مقام پر فیلڈ ڈیوٹی کے ہمراہ روزہ افطار کیا۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی ہدایت پر ڈویژنل اور سرکل افسران کی وارڈنز کے ہمراہ چوکوں میں افطاری کی ٹریفک وارڈنز ڈیوٹی کے ساتھ ساتھ عبادت بھی کر رہے ہیں۔ ایس پی ہیڈ کوارٹرز منصور الحسن نے کہا کہ ہم سڑکوں پر موجود ہیں، شہری روزہ گھروں میں افطار کریں، ہمارا مقصد شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا ہے سی ٹی او ڈاکٹر اطہر وحید کی ہدایات پر تمام افسران فیلڈ ڈیوٹی کے ساتھ روزہ افطار کر رہے ہیں۔ ایس پی ہیڈ کوارٹرز منصور الحسن نے کہا کہ فورس کے ہمراہ روزہ افطار کرکے دلی سکون اور تسکین ملتی ہے رمضان کے دوران ٹریفک پولیس لاہور سڑکوں پر اپنی ڈیوٹی جانفشانی سے سرانجام دیتی رہے گی۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی ہدایات کے مطابق رمضان کے دوران پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف ایکشن جاری رکھے گا۔

## لاہور: ڈپٹی کمشنر لاہور رمضان ریلیف کا بڑا اعلان

### لاہور: ڈی سی سید موسیٰ رضا کا اہل اسلام کو رمضان مبارک کا پیغام

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور نے رمضان المبارک میں ریلیف کا بڑا اعلان کیا اور اہل اسلام کو رمضان مبارک کا پیغام بھی دیا۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ مسلمانوں کیلئے ماہ صیام خوشحالی و سلامتی کا باعث بنے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان میں شہریوں کو ریلیف دینا ضلعی انتظامیہ لاہور کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈی سی لاہور نے ماہ صیام میں مہنگائی مافیا کیخلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فیلڈ میں موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی سی لاہور نے اشیاء کی قیمتوں اور معیار پر کڑی نظر رکھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ مناسب نرخ پر معیاری اشیاء کی فراہمی ہرصورت یقینی بنائی جائے گی اور ساتھ ساتھ گراں فروشی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا حکم دیا، انہوں نے واضح ہدایات دی کہ رمضان سہولت اسٹالز سمیت شہر میں کسی بھی مقام پر گراں فروشی قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ لاہور رمضان میں شہریوں کے لیے بہترین سہولیات یقینی بنائے اور رمضان بازاروں میں سکیورٹی انتظامات برقرار رکھے جائیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ بزرگ شہریوں اور خواتین کے لیے خصوصی قطاریں یقینی بنائی جائیں۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو زیادہ سے زیادہ انسپکشن کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ قواعد کی خلاف ورزی پر عدم برداشت کی پالیسی ہوگی، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ تمام سٹیک ہولڈرز شہریوں کو ریلیف کے لیے کردار ادا کریں۔

کمشنر لاہور زید بن مقصود رمضان بازار ٹاؤن شپ میں سبزیوں، پھلوں، چکن، چینی و دیگر اسٹالز پر قیمتوں اور کوالٹی کو چیک کر رہے ہیں

# کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کا ٹاؤن شپ رمضان بازار کا سرپرائز وزٹ

## سیل پوائنٹ پر اپلیکیشن کے مطابق شہریوں کو باسہولت چینی فروخت کا جائزہ لیا

## شہری بڑی تعداد میں آرام کے ساتھ ہجوم یا قطاروں کے بغیر خریداری میں مصروف ہیں زید بن مقصود

## وزن شدہ چیزوں کے پیکٹ لیکر ترازو پر دوبارہ تول کر اطمینان کیا، سبزیوں۔ پھلوں۔ چکن۔ چینی و دیگر اسٹالز کو چیک کیا

لاہور ( خبر نگار ) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے ٹاؤن شپ رمضان بازار کا سرپرائز وزٹ کیا اور سبزیوں۔ پھلوں۔ چکن۔ چینی و دیگر اسٹالز کو چیک کیا۔ انہوں نے چینی سیل پوائنٹ پر اپلیکیشن کے مطابق شہریوں کو باسہولت چینی فروخت کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نے وزن شدہ چیزوں کے پیکٹ لیکر ترازو پر دوبارہ تول کر اطمینان کیا۔ اور مختلف سٹالز پر وزن کے پیمانوں کو خصوصی طور پر چیک کیا۔ ماڈل بازار میں تمام اشیاء کی کوالٹی، نرخنامے اور انکی نمایاں جگہ پر آویزگی کو چیک کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری بڑی تعداد میں آرام کے ساتھ ہجوم یا قطاروں کے بغیر خریداری میں مصروف ہیں۔ بازار انچارجز۔ مارکیٹ کمیٹی اور ضلعی محکموں کے فوکل پرسنز مصروف عمل ہیں۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے بازار میں موجود خریداروں و سینیئر سٹیزنز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر شہریوں کیلیے رمضان ماڈل بازاروں میں بہترین انتظامات کیے گئے ہیں۔ حکومت پنجاب کی ہدایات کیمطابق ماڈل بازاروں کے دوروں کا مقصد صد فیصد سہولیات کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہریوں کی سہولت کیلیے قائم بازاروں کے باقاعدگی سے سرپرائز وزٹ جاری رہیں گے۔ لاہور سمیت تمام اضلاع کے رمضان بازاروں میں حکومتی ہدایات کے مطابق انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔

# ماڈل ٹاؤن میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام پہلی شاہی سحری کا اہتمام

## مرکزی مسلم لیگ رمضان المبارک میں غریب، نادار اور متوسط طبقے کو کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑے گی: ڈاکٹر مزمل ہاشمی

## شہریوں کو روایتی مٹن قورمہ، پوری حلوہ، پراٹھے، دہی اور چائے پیش کی گئی

## شاہی سحری میں ماڈل ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، جوہر ٹاؤن، کوٹھا پنڈ اور دیگر مضافاتی علاقوں سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی

لاہور، (خبر نگار) رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کا آغاز ہوتے ہی پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام ماڈل ٹاؤن میں پہلی شاہی سحری کا خصوصی اہتمام کیا گیا، جس میں شہریوں کے لیے پرتکلف ضیافت کا بندوبست کیا گیا تھا۔ اس موقع پر شہریوں کو روایتی مٹن قورمہ، پوری حلوہ، پراٹھے، دہی اور چائے پیش کی گئی، جس سے شرکاء نے بھرپور لطف اٹھایا۔ شاہی سحری میں ماڈل ٹاؤن، فیصل ٹاؤن، جوہر ٹاؤن، کوٹھا پنڈ اور دیگر مضافاتی علاقوں سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور اس عظیم الشان انتظام کو سراہا۔ اس موقع پر مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل ہاشمی نے سحری میں خصوصی شرکت کی اور اس میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی مسلم لیگ رمضان المبارک میں غریب، نادار اور متوسط طبقے کو کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ ہر سال کی طرح امسال بھی سحری اور افطار کے وسیع پیمانے پر انتظامات کیے جائیں گے تاکہ کوئی روزہ دار بھوکا نہ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں لاہور سمیت ملک بھر میں سحری و افطار کے اجتماعی دسترخوان سجائے گی، تاکہ مستحق اور ضرورت مند افراد بھی اس سعادت میں شامل ہوسکیں۔ رمضان المبارک میں فلاحی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا عزم ہے کہ رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ افراد کو ریلیف فراہم کیا جائے اور ہر ممکن طریقے سے عوام کی خدمت کی جائے۔ اس سلسلے میں لاہور کے مختلف علاقوں کے ساتھ ساتھ دیگر شہروں میں بھی بڑے پیمانے پر سحری اور افطار کے انتظامات کیے جائیں گے۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ خدمت، یکجہتی اور اخوت کے جذبے کے تحت اپنے فلاحی مشن کو جاری رکھے گی تاکہ معاشرے کے کمزور طبقات کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

## پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے گا

### پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 1900 سے زائد ملزمان گرفتار ہوچکے ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کی روشنی میں پنجاب پولیس انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروانے میں مصروف عمل ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 1900 سے زائد ملزمان گرفتار اور 1866 مقدمات درج کئے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 04 لاکھ 18 ہزار 284 پتنگیں، 13 ہزار 929 چرخیاں برآمد اور 1505 کیسز کے چالان جمع کروائے گئے۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں 482 ملزمان گرفتار، 488 مقدمات درج، 19263 پتنگیں اور 714 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔ گذشتہ سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں 12525 ملزمان گرفتار اور 11866 مقدمات درج کیے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کے قانون پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائیں۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں اور خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں۔ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ والدین اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے دور رکھیں جبکہ شہری کسی بھی مقام پر پتنگ بازی کی صورت میں 15 پر اطلاع دے کر ذمہ داری کا ثبوت دیں۔

### پنجاب پولیس ماہ صیام میں اپنے شہدا کے اہل خانہ کی دیکھ بھال کے لئے پرعزم ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس ماہ صیام میں اپنے شہدا کے اہل خانہ کی دیکھ بھال کے لئے پرعزم ہے جس کے تسلسل میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں شہدائے پولیس کی فیملیز میں رمضان پیکج کی تقسیم کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہدائے پولیس کے گھروں کی دہلیز پر رمضان پیکج پہنچا دیئے گئے ہیں۔ سی پی اوز، ڈی پی اوز اور ایس پیز سمیت سینئر افسران شہدا پولیس کے گھروں میں گئے، اہلخانہ سے ملاقات، پھول اور مٹھائی بھی پیش کی۔ سینئر پولیس افسران نے شہدا پولیس کے اہلخانہ کو آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے رمضان المبارک کا تہنیتی پیغام پہنچایا۔ سینئر افسران نے شہدائے پولیس کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

## آئی جی پنجاب دوران ڈیوٹی زخمی ہونیوالے اہلکاروں کے علاج معالجے کیلئے پرعزم ہیں

### تسلسل میں لاہور سمیت مختلف اضلاع کے زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 24 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم جاری کردی گئی ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے غازی اہلکاروں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم ہیں۔ جس تسلسل میں لاہور سمیت مختلف اضلاع کے زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 24 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم جاری کر دی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ زخمی انسپکٹر ریاض محمد کو طبی اخراجات کیلئے 10 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ زخمی اے ایس آئی محمد عدنان، زخمی سب انسپکٹر کاشف اقبال اور زخمی کانسٹیبل واجد علی کو طبی اخراجات کیلئے فی کس 05 لاکھ روپے دیئے گئے۔ زخمی کانسٹیبل صداقت علی کو طبی اخراجات کیلئے ڈھائی لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ زخمی کانسٹیبل ذوالقرنین حیدر اور زخمی کانسٹیبل عبدالمالک کو طبی اخراجات کیلئے ایک لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ افسران و اہلکار فرض کی راہ میں مختلف واقعات کے دوران زخمی ہوئے تھے۔ ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر عمران ارشاد کی زیر صدارت کمپنسیشن ایوارڈ کمیٹی نے فنڈز اجرائی کی منظوری دی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ پولیس غازیوں کا بہترین علاج، جلد از جلد بحالی اولین ترجیح ہے اور ہر ممکن تعاون جاری رہے گا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے سپروائزری افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ غازی اہلکاروں کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔

## محمد عاصم بٹ کی کافکا کہانیاں کو بہترین ترجمہ کیٹگری میں ادبی انعام دیا گیا

### کافکا کہانیاں معروف مصنف فرانز کافکا کی کہانیوں کے اردو ترجمہ پر مشتمل ہے



Franz Kafka
کافکا کہانیاں

محمد عاصم بٹ کی کتاب "کافکا کہانیاں" کے لیے بیگم سرفراز اقبال ادبی ایوارڈ 2024

محمد عاصم بٹ

محمد عاصم بٹ کہتے ہیں کہ کافکا سے تعلق تب بھی تھا جب اس کا تعارف بھی حاصل نہیں ہوا تھا۔ اور یہ کہ کافکا کو ترجمہ کرنا، کرب کے مسلسل عمل سے گزرنے کا تجربہ ہے۔ ایسا تجربہ جو سونے کو کندن بنا دیتا ہے۔ کافکا نے نوجوانی میں لکھنا شروع کیا یا شاید اس سے بھی چھوٹی عمر میں۔ لیکن وہ اپنی تحریروں کو چھپا کر رکھتا تھا۔ حتیٰ کہ اس نے بہت عرصے تک انھیں اپنے دوستوں کو بھی نہیں دکھایا۔ 1903 میں وہ اپنے دوست آسکر پولاک کو ایک خط لکھتا ہے کہ وہ اسے اپنی تمام تحریروں کا پلندہ بھیجے گا جس میں اس کی بچپن کی تحریریں شامل نہیں ہوں گی۔

لاہور (خبر نگار )ناول نگار، کہانی نویس، مترجم، مدیر اور نقاد محمد عاصم بٹ کی ضخیم کتاب کافکا کہانیاں کو پروین شاکر ٹرسٹ کی جانب سے بہترین ترجمہ کی کیٹگری میں ادبی انعام دیا گیا ہے۔ کافکا کہانیاں معروف مصنف فرانز کافکا کی کہانیوں کے اردو ترجمہ پر مشتمل ہے۔ اس سے بیشتر محمد عاصم بٹ کو ان کے ناول ناتمام پر 2015 میں بہترین ناول کا پروین شاکر عکس خوشبو ایوارڈ اور یو بی ایل ادبی انعام برائے 2015 بھی مل چکا ہے۔ اپ کی کتاب بورخیس کہانیاں یو بی ایل لٹریری ایکسیلنس ایوارڈ برائے 2017 کے لیے نامزد ہوئی تھی۔ حال ہی میں آپ کا ناول پانی پہ لکھی کہانی شائع ہوا ہے۔ محمد عاصم بٹ کی اب تک دو درجن سے زائد کتابیں شائع ہوچکی ہیں جن میں چند قابل ذکر یوں ہیں: دائرہ، بھید، ناتمام، پانی پہ لکھی کہانی، اشتہار آدمی، دستک، بورخیس کہانیاں اور عبداللہ حسین شخصیت اور فن۔ اپ کی تحریروں پر ملک بھر کی جامعات میں ایم اے اور ایم فل کی سطح کے تیس سے زائد تحقیقی و تنقیدی مقالات لکھے جا چکے ہیں۔

## تعلیمی اداروں میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ نوجوان نسل کی تربیت انتہائی ضروری ہے پروفیسر اسحاق میو

### تعلیمی اداروں میں بچوں کو کتابی کیڑا بنانے کی بجائے ان کو انسان دوست بنایا جائے

لاہور (خبرنگار) آل پاکستان کالج آف فارمیسی ایسوسی ایشن کے بانی چیئرمین پروفیسر اسحاق میو نے فارمیسی اسکالرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے تعلیمی اداروں میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ پاکستان کی نوجوان نسل کی تربیت انتہائی ضروری ہے۔ تمام تعلیمی اداروں کے مالکان اور پرنسپل صاحبان کو چاہیے کہ وہ طالب علموں کے لیے علم کی روشنی کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی پر بھی بھرپور توجہ دیں، تاکہ فارغ التحصیل طالب علم معاشرے کے لیے بہتر انسان بن سکیں۔ تعلیمی اداروں میں بچوں کو کتابی کیڑا بنانے کی بجائے ان کو انسان دوست بنانا ضروری ہے تاکہ وہ انسانیت کی خدمت کر سکیں اور معاشرے میں تا حیات اللہ کی مخلوق کے کام آسکیں۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کے مالکان اور پرنسپل صاحبان سے کہا کہ تمام قومی ایام کو کالجوں میں منانے کا اہتمام اور تقریبات منعقد کی جائیں تاکہ طالب علموں اور نوجوان نسل میں ملک سے محبت کا جذبہ اجاگر ہو سکے اور ایسی تقریبات سے ملک میں یکجہتی کا شعور بھی پھیلے گا۔ حکومت تمام قومی دنوں پر چھٹی کرنے کی بجائے تعلیمی اداروں میں اس دن کی مناسبت سے تقریبات کا انعقاد کرے تاکہ ہماری نئی نسل جو ہمارے قومی تقاضے ہیں ان سے آگاہی حاصل کر سکے۔ پروفیسر اسحاق میو نے فارمیسی کالجز کے مالکان سے گزارش کی کہ پاکستان کے فارمیسی ٹیکنیشنز اور فارماسسٹس کو دنیا سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے لیے معیاری تعلیم کو یقینی بنانا ہر فارمیسی کالج کی ذمہ داری ہے تاکہ ہمارے طالب علم امریکہ، برطانیہ اور دوسرے ممالک میں جا کر ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کما سکیں۔ اس وقت فارمیسی ٹیکنیشنز اور فارماسسٹس نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی بہت بڑی ڈیمانڈ موجود ہے۔ فارمیسی اسکالر سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فارمیسی انتہائی مقدس پیشہ ہے، اسی پس منظر میں اس پیشہ کے ساتھ منسلک افراد پر انتہائی اخلاقی اور پیشہ ورانہ ڈیوٹی ہے۔ اگر فارمیسی سے منسلک افراد اپنے فرائض کو ایمانداری کے ساتھ ادا کریں تو یقینی طور پر ہمارے ملک اور قوم کے لیے نیک شگون ہوسکتا ہے۔

## سی ای او لاہور عمر فاروق ملک کا نوٹس غیر قانونی کمرشل تعمیر ہونے والے پلازہ کو مسمار کر دیا

### ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر غیر قانونی تجاوزات کے خلاف پہلے ہی آپریشن جاری ہے

لاہور (فرید بابر) سی ای او لاہور عمر فاروق ملک کا نوٹس۔ لاہور کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقہ ڈرائی پورٹ ریلوے پھاٹک کے قریب واقع غیر قانونی کمرشل تعمیر ہونے والے پلازہ کو مسمار کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ سی ای او لاہور کنٹونمنٹ بورڈ عمر فاروق ملک کے حکم پر انکروچمنٹ انچارج احمر عثمانی کی کاروائی لاہور روڈ ریلوے پھاٹک کے قریب تیار ہونے والا غیر قانونی پلازہ مسمار کرتے ہوئے دو کانیں سیل کرتے ہوئے بھاری جرمانے کر ڈالے سابقہ بلڈنگ انسپکٹر رانا نامی کی ملی بھگت سے خفیہ طور پر پلازہ بنایا جا رہا تھا جبکہ ڈائریکٹر کنٹونمنٹ بورڈ نے چند روز قبل پہلے ہی کرپٹ بلڈنگ انسپکٹر تبدیل کر دیے تھے۔ احمر عثمانی کا کہنا ہے کہ تمام وارڈ کو جلد چیک کیا جائے گا غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کیا جائے گا۔ ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر غیر قانونی تجاوزات کے خلاف پہلے ہی آپریشن جاری ہے۔

## بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاون ٹھوکر کے علاقہ سے بھکاری گروہ کا سرغنہ گرفتار

### سٹی ٹریفک پولیس لاہور کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف بڑا ایکشن شروع کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سٹی ٹریفک پولیس لاہور کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاون ٹھوکر کے علاقہ سے بھکاری گروہ کا سرغنہ گرفتار کرلیا۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے بتایا کہ رمضان المبارک کے دوران سٹی ٹریفک پولیس لاہور کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف بڑا ایکشن شروع کر دیا گیا جیسا کہ ٹھوکر کے علاقہ سے بھکاری گینگ چلانے والا سرغنہ گرفتار مقدمہ درج حوالات میں بند کر دیا گیا۔ انچارج سیکٹر نیاز بیگ انسپکٹر زاہد نے ٹریفک وارڈنز امجد اور ارشد کے ہمراہ مسلسل 2 سے 3 دن کی کاوش سے بھکاری گینگ کا پتہ چلایا۔ گروہ کا سرغنہ اپنی گھر کی خواتین سمیت دیگر عورتوں سے بھیک منگواتا تھا اور خود سائیڈ پر بیٹھ کر نگرانی کرتا تھا۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ گروہ کے سرغنہ احمد ولد انگن نے بتایا کہ وہ شکارپور سندھ کا رہائشی تھے اور وہاں سے خواتین کو لاہور لا کر بھیک منگواتا تھے گروہ کے سرغنہ نے بتایا کہ ہمارا پورا گروہ تھے جن کو میں شہر کے مختلف پوائنٹس پر بھیک مانگنے کے لئے چھوڑتا اور لیتا ھوں بھکاری گروہ کے سرغنہ احمد ولد انگن کے خلاف گداگری ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے تھانہ مصطفی ٹاون میں مقدمہ درج کروایا گیا تھے۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ شہر کو پیشہ ور بھکاریوں سے پاک کریں گے رمضان میں خصوصی ٹیموں کے ذریعہ بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاون جاری رہے گا سی ٹی او لاہور نے انچارج نیاز بیگ اور ساتھی ٹریفک وارڈنز کو ان کی بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد اور نقد انعام دینے کا اعلان کیا۔

## 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1268 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

### 619 افراد کو فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1268 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 619 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 836 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (73 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ان ٹریفک حادثات میں 801 ڈرائیوز، 73 کم عمر ڈرائیور، 495 مسافر اور 167 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 255 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 311 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 80 حادثات میں 93 متاثرین کے ساتھ دوسرے، فیصل آباد 77 حادثات میں 94 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1463 متاثرین میں 1229 مرد اور 234 خواتین شامل ہیں۔ جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 339 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 726 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 400 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔

### انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے غازی اہلکاروں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے غازی اہلکاروں کے بہترین علاج معالجے کیلئے پرعزم ہیں۔ جس تسلسل میں لاہور سمیت مختلف اضلاع کے زخمی اہلکاروں کو طبی اخراجات کی ادائیگی کیلئے مزید 24 لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم جاری کر دی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ زخمی انسپکٹر ریاض محمد کو طبی اخراجات کیلئے 10 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ زخمی اے ایس آئی محمد عدنان، زخمی سب انسپکٹر کاشف اقبال اور زخمی کانسٹیبل واجد علی کو طبی اخراجات کیلئے فی کس 05 لاکھ روپے دیئے گئے۔ زخمی کانسٹیبل صداقت علی کو طبی اخراجات کیلئے ڈھائی لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ زخمی کانسٹیبل ذوالقرنین حیدر اور زخمی کانسٹیبل عبدالمالک کو طبی اخراجات کیلئے ایک لاکھ روپے فی کس دیئے گئے۔

## یون نان سے کراچی بندرگاہ تک: ایک چھوٹے سے لائٹر نے کیسے چین، پاکستان تجارتی تعاون میں نیا جوش ڈالا

### یہ کھیپ مقامی پیداوار پر مبنی برآمدی اداروں کے لئے ایک اہم پیشرفت ہے جو دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعاون کی گہرائی اور وسعت کی علامت ہے

کوئنگ (شنہوا) جنوری 2025 کے اختتام پر 11 لاکھ 30 ہزار لائٹرز چین کے جنوب مغربی صوبے یون نان کی کاؤنٹی شی چھو سے روانہ ہوئے اور ننگ بو بندرگاہ کے راستے کراچی بندرگاہ پہنچے جو چین۔ پاکستان اقتصادی و تجارتی تعاون میں ایک اور سنگ میل ہے۔ یہ کھیپ مقامی پیداوار پر مبنی برآمدی اداروں کے لئے ایک اہم پیشرفت ہے جو دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعاون کی گہرائی اور وسعت کی علامت ہے۔ شینگ جائی قصبے میں ننگ چھوان الیکٹرک ٹیکنالوجی (شی چھو) کمپنی لمیٹڈ کی پیداواری ورکشاپ میں عملہ ایک مصروف اسمبلی لائن کے شور میں خودکار آلات کی مدد سے کام کرتا ہے۔ یہاں سے یومیہ 20 لاکھ لائٹرز جیانگ سو اور گوانگ ڈونگ سمیت چین کے مختلف صوبوں میں بھیجے جاتے ہیں۔ رواں سال کمپنی کی مصنوعات نے کامیابی کے ساتھ چین سے باہر نکل کر پہاڑوں اور سمندروں کو عبور کرتے ہوئے پاکستان کی کراچی بندرگاہ تک رسائی حاصل کی۔ یہ آرڈر 2020 میں پیداوار شروع کرنے کے بعد سے کمپنی کا غیر ملکی تجارت میں پہلا قدم ہے۔ یہ معاہدہ 2024 میں چین کے گوانگ ژو میں منعقدہ کینٹن میلے کے دوران ہوا تھا۔ جہاں ننگ چھوان الیکٹرک ٹیکنالوجی (شی چھو) کمپنی لمیٹڈ نے پاکستان کے امین اکبرزادہ لمیٹڈ کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے 11 لاکھ 30 ہزار لائٹرز کا آرڈر حاصل کیا تھا، جو گاہک کو پہلے ہی فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ امین اکبرزادہ لمیٹڈ نے لی یوشیا کو آرڈر دینے کے حوالے سے ای میل میں لکھا کہ چینی مصنوعات کے لئے آپ کا شکریہ، ہم انہیں بہت مفید سمجھتے ہیں اور پاکستان میں ان کی مقبولیت کے منتظر ہیں۔ چین کے یون نان۔ گوئی ژو سطح مرتفع میں واقع شی چھو کاؤنٹی لائٹر کی پیداوار کا مرکز ہے۔ ننگ چھوان الیکٹرک ٹیکنالوجی (شی چھو) کمپنی لمیٹڈ کے جنرل منیجر لی یوشیا کا کہنا ہے کہ ہماری مصنوعات سطح مرتفع اور میدانی دونوں علاقوں میں ایک اچھا شعلہ مہیا کرتی ہیں۔ کمپنی نے لائٹرز کے لئے ایک مکمل صنعتی چین قائم کر رکھی ہے جس میں تحقیق، ترقی، پیداوار اور ترسیل کو مربوط کرتے ہوئے 2024 کے دوران 10 کروڑ یوآن سے زائد کی سالانہ پیداواری مالیت حاصل کی گئی۔ لی یوشیا نے پاکستان اور جنوبی ایشیا کی وسیع منڈی میں امکانات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعاون نے ہمیں حیرت زدہ کردیا ہے۔ کمپنی رواں سال چین بھر میں مختلف نمائشوں اور تجارتی میلوں کے ذریعے مزید پاکستانی غیر ملکی تجارتی اداروں کے ساتھ جڑنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ چین اور پاکستان کے درمیان تجارتی تعاون گہرا کرنے سے چینی کاروباری اداروں کو جنوبی ایشیا، مغربی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا میں اپنی منڈیاں وسیع کرنے میں بھی مدد مل رہی ہے۔ پہلے آرڈر کی کامیاب تکمیل کے بعد ننگ چھوان الیکٹرک ٹیکنالوجی (شی چھو) کمپنی لمیٹڈ 18 لاکھ 80 ہزار لائٹرز کے دوسرے آرڈر کے ساتھ آگے بڑھنے کو تیار ہے جس نے عراق کو برآمدی منصوبوں کے متعلق فروری میں پیداوار اور کسٹم معائنہ مکمل کرلیا ہے۔ اس کے علاوہ کمپنی ویتنام میں ایک تجارتی کمپنی کے ساتھ نقل و حمل کا معاہدہ کرچکی ہے تاکہ یون نان میں زمینی سرحد سے ویتنام کو سامان برآمد کیا جاسکے جس سے جنوب مشرقی ایشیائی مارکیٹ تک رسائی مزید آسان ہوجائے گی۔ یون نان کے ایک چھوٹے سے شہر سے جنوبی ایشیا کی ایک بندرگاہ تک ایک ہلکا سا لائٹر سمندروں میں سفر کر کے دوطرفہ تجارت میں ایک نئی خصوصیت بن چکا ہے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت
لاہور

''روزنامہ قوت لاہور''(3)3مارچ2025ء

# گوجرانوالہ رمضان المبارک کے حوالے سے ٹریفک پلان جاری

## خواتین کی حفاظت کی بابت سکواڈ تشکیل دیا گیا ہے، جس کا مقصد خواتین کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ سی ٹی او گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے رمضان المبارک کے حوالہ سے ٹریفک پلان جاری۔ خواتین سکواڈ مستقل طور پر مارکیٹس اور اہم بازاروں میں ڈیوٹی سرانجام دے گا۔ گوجرانوالہ: رمضان المبارک میں عوام الناس کو سڑکوں پر سہولت دینا ہمارا اولین فریضہ ہے۔ سی ٹی او گوجرانوالہ رمضان المبارک میں بہترین ڈیوٹی سرانجام دے کر دگنا ثواب کمایا جا سکتا ہے۔ سی ٹی او گوجرانوالہ کی طرف سے ٹریفک سٹاف کو رمضان ڈیوٹی کے حوالے ضروری اقدامات اٹھانے کے سلسلہ میں ہدایات۔ گوجرانوالہ: سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے رمضان المبارک کے حوالہ سے ٹریفک پلان جاری کر دیا گیا۔ ٹریفک پلان کے تحت مارکیٹس، اہم بازاروں اور چوک جائے میں ٹریفک ڈیوٹی بڑھا دی گئی۔ رمضان المبارک میں سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے خواتین پر مشتمل ایک سکواڈ بھی قائم کیا گیا ہے جو کہ مارکیٹس اور بازاروں میں باقاعدہ گشت کرے گا۔ جس کا مقصد خواتین کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ رمضان المبارک میں عوام الناس کو سڑکوں پر سہولت دینا ہمارا اولین فریضہ ہے۔ اس بابت سی ٹی او گوجرانوالہ کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک میں بہترین ڈیوٹی سرانجام دے کر دگنا ثواب کمایا جاسکتا ہے۔ سی ٹی او گوجرانوالہ نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک میں افطاری کے وقت ٹریفک کا بہاؤ زیادہ ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے سڑکوں پر ٹریفک سست روی کا شکار ہو سکتی ہے اور عوام الناس کو ٹریفک مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس لئے ٹریفک سٹاف کیلئے ضروری ہے کہ متوقع رش والے پوائنٹس پر ڈیوٹی کا مناسب انتظام کریں تاکہ کسی بھی غیر متوقع صورت حال کو کنٹرول کیا جا سکے۔ اس بابت تمام سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں۔

فیصل آباد: جناح فری ڈسپنسری عبداللہ پور میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے صدر حاجی اسلم بھلی رمضان گفٹ پیک مستحق افراد میں تقسیم کر رہے ہیں

## گراں فروشوں کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے: ڈپٹی کمشنر

### ماہ مقدس رمضان میں ضلعی انتظامیہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ اشیائے صرف کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے گراں فروشوں کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے اور ماہ مقدس رمضان میں ضلعی انتظامیہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور اس سلسلے میں تمام پرائس مجسٹریٹس کو مزید متحرک رہنا ہوگا تاکہ گرانفروشی میں ملوث عناصر کا بروقت قلع قمع کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے مجسٹریٹس کو ہدایت دی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر بازاروں، مارکیٹوں اور دکانوں کا دورہ کریں اور مصنوعی مہنگائی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مناسب نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور جرمانے سمیت دیگر قانونی اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گذشتہ دو دن کے دوران ضلع بھر میں 14225 انسپکشنز کی گئیں۔

## پیکا آرڈیننس عطائی صحافیوں کیلئے ہے۔ آصف خان، خواجہ عامر جاوید

### ملک وقوم کیلئے ہمیشہ گرین جرنلزم کو فروغ دیا۔ عثمان بٹ، عدیل خان

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) پیکا ترمیمی قانون کے اغراض و مقاصد بارے سیالکوٹ پریس کلب جرنلسٹس کا اہم اجلاس ہوا جس میں چیئرمین محمد اسلم نوشاہی کی زیر صدارت سنیئر صحافیوں آصف خان، خواجہ عامر جاوید، عثمان بٹ اور عدیل خان، میڈم منور سلطانہ و معزز ممبران سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر پیکا آرڈیننس ترمیمی قانون بارے اظہار خیال کرتے ہوئے سنیئر صحافیوں نے کہا کہ ہم سیالکوٹ میں گزشتہ 25 سال سے مثبت و تعمیری صحافت کے علمبردار رہے ہیں۔ مقررین نے پیکا آرڈیننس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پیکا آرڈیننس دراصل نان پروفیشنل عطائی صحافیوں کو ریگولیٹ کرنے کیلئے ہے جو کہ حکومت پاکستان مخالف وقومی سلامتی و ریاستی سلامتی کے اداروں کیخلاف زہریلہ پراپیگنڈہ مہم میں ملک دشمن طاقتوں کے آلہ کار بن کر مادر پدر آزاد خود ساختہ صحافت کر رہے ہیں۔ ہم بطور زمہ دار پروفیشنل صحافی ایسے ملک دشمن ایجنڈے پر چلنے والے عطائی صحافیوں کی مذمت کرتے ہوئے وطن عزیز اور افواج پاکستان و سیکورٹی فورسز اور ریاستی اداروں خصوصاً اپنے پاکستانی عوام کی آواز بن کر دنیا کو آشکار کرنے کیلئے عملی کاوشیں سرانجام دے رہے تھے ہیں اور انشاء اللہ دیتے رہیں گے۔

## پولیس تھانہ یوسف والا اقلیتی برادری کی جان و مال کا تحفظ خون کے آخری قطرے تک کرے گی

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پولیس تھانہ یوسف والا اقلیتی برادری کی جان و مال کا تحفظ خون کے آخری قطرے تک کرے گی کیونکہ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں (اے ڈی شاہین ذیشان اکرم) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان ڈی ایس پی صدر سرکل کی زیر نگرانی تھانہ یوسف والا اور پولیس چوکی گیمبر کے علاقے میں مسیحی برادری کی عبادت گاہوں کو فل پروف سکیورٹی دی جا رہی ہے

## دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں دھماکہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے: اظہار قاری محمد طاہر رشید

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسلام کے نام پر بننے والے ملک پاکستان میں مساجد اور مدارس ہی محفوظ نہیں، دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں دھماکہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ان خیالات کا اظہار قاری محمد طاہر رشید، ضلعی صدر پاکستان راہ حق پارٹی چنیوٹ چوہدری محمد سعید، ضلعی صدر سنی علماء کونسل چنیوٹ اور قاری عبدالمنان حیدری جنرل سیکرٹری راہ حق پارٹی، مولانا عبدالقادر چنیوٹی امیدوار قومی اسمبلی چنیوٹ، سرفراز قاسم رحمانی، قاری محمد ارشد، مہر محمد عامر، ملک محمد احمد و دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں دھماکہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

## جرنلسٹ پریس کلب شرقپور کے صدر ملک عثمان اقدس کی سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد

شرقپور شریف (نامہ نگار) جرنلسٹ پریس کلب شرقپور کے صدر ملک عثمان اقدس کی سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد۔ ایس ایچ او شرقپور رانا شہزاد و دیگر معززین علاقہ کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق جرنلسٹ پریس کلب شرقپور کے صدر اور سنیئر صحافی ملک عثمان اقدس کی سالگرہ کی پروقار تقریب کا اہتمام انکی رہائش گاہ پر کیا گیا جس میں صحافی برادری، سیاسی جماعتوں، ایس ایچ او شرقپور رانا شہزاد اور دیگر معززین علاقہ نے شرکت کی۔ معزز مہمانان گرامی نے عمر درازی اور نیک تمناؤں کے ساتھ سالگرہ کا کیک کاٹ کر صدر جرنلسٹ پریس کلب ملک عثمان اقدس کو ان کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔

## بزم ارباب ذوق کے زیر اہتمام عدل منہاس لاہوری کی زیر صدارت محفل مشاعرہ کا انعقاد

### مہمانان خصوصی اسلم شوق، عبدالقدوس کیفی، زاہد صدیقی، اور طاہر نعیم تھے،

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ قوت فیصل خاں سے) بزم ارباب ذوق کے زیر اہتمام عدل منہاس لاہوری کی زیر صدارت محفل مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمانان خصوصی اسلم شوق، عبدالقدوس کیفی، زاہد صدیقی، اور طاہر نعیم تھے، جبکہ نقابت کے فرائض ملک ارشاد نے سرانجام دیئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بزم ارباب ذوق کے زیر اہتمام دی گیٹ آف نالج سکول میں عدل منہاس لاہوری کی زیر صدارت ایک محفل مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمانان خصوصی اسلم شوق، عبدالقدوس کیفی، زاہد صدیقی اور طاہر نعیم تھے جبکہ نقابت کے فرائض ملک ارشاد نے سرانجام دیے، دیگر شعراء میں فقیر کامل، اشتیاق حسین اثر، ملک شریف ارشد، کیپٹن یاس، حافظ صادق فدا، میاں جمیل احمد، مزمل زائر، صابر علی میراں، ملک لیاقت علی کنول، ملک عبدالعزیز انجم، چوہدری نذر علی، اللہ دتہ قادری اور مبشر حصار شامل تھے، اس موقع پر محمد شبیر سندھو، وقار عظیم ادیب، اظہر صدیق انصاری، چوہدری محمد رضا، پروفیسر اصغر صدیق کنور، ڈاکٹر غلام مصطفےٰ ترنم، چوہدری رضوان اکرم، استاد اسد علی، وقاص ساحل کمبوہ محمد علی عطاری، شیخ انس غلام مصطفےٰ، محمد اکرام اور محمد یوسف نے تمام شاعروں کو ان کے بہترین کلام پر کھل کر داد دی۔

# اوکاڑہ پنجاب کالج میں محکمہ سول ڈیفنس کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد

## سیمینار کا موضوع امسال انٹرنیشنل سول ڈیفنس آرگنائزیشن کی جانب سے جاری کردہ تھیم ''شہری دفاع عوامی تحفظ کی ضمانت دیتا ہے'' تھا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب کی زیر صدارت عالمی یوم شہری دفاع کے موقع پر پنجاب کالج میں محکمہ سول ڈیفنس کے زیر اہتمام سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد، اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی میڈم ڈاکٹر منزہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ عمر طیب، ڈائریکٹر پنجاب کالج عرفان الحق، ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر اوکاڑہ وقار اکبر اور دیگر شرکاء بھی موجود تھے۔ سیمینار کا موضوع امسال انٹرنیشنل سول ڈیفنس آرگنائزیشن کی جانب سے جاری کردہ تھیم'' شہری دفاع عوامی تحفظ کی ضمانت دیتا ہے'' تھا۔ سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے شرکا سیمینار کو ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، احمد عثمان جاوید ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب مبشر ربانی کا پیغام پڑھ کر پہنچایا، اس کے بعد تقریب کے مہمان خصوصی حافظ عمر طیب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے شرکا سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ذاتی دفاع کی اہمیت کو اجاگر کیا اور اس توقع کا اظہار کیا کہ تمام شہری ایمرجنسی حالات سے نمٹنے کے لئے محکمہ سول ڈیفنس کے ٹیکنیکل انسٹرکشنل سٹاف سے ذاتی دفاع کے حوالے سے فائر سیفٹی، بیسک سول ڈیفنس، فرسٹ ایڈ اور ریسکیو کی تربیت لازمی حاصل کریں تاکہ وہ عملی زندگی میں ایمرجنسی حالات میں ضرورت پڑنے پر اس کا بہترین استعمال کر سکیں، مزید براں انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ کی جانب سے سول ڈیفنس کی تربیت سے تمام شہری مفت کورسز کے ذریعے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، دیگر مقررین نے بھی دن کی اہمیت کے حوالے سے خطاب کیا، سیمینار کے اختتام پر شرکاء نے سول ڈیفنس کی جانب سے لگائے گئے سیفٹی سٹال کا معائنہ کیا، سول ڈیفنس کے ٹیکنیکل انسٹرکشنل سٹاف نے شرکا کو ذاتی دفاع کے سامان و بم ڈسپوزل کے جدید سامان کے حوالے سلسلہ میں لگائے گئے سٹال بارے آگاہی دی اور شرکا میں آگاہی لٹریچر تقسیم کیا، شجر کاری مہم کے تحت شرکاء نے کالج کے لان میں پودے لگائے، عالمی یوم شہری دفاع کی اہمیت کے حوالے سے محکمہ سول ڈیفنس اوکاڑہ نے شہر کے نمایاں مقامات پر آگاہی فلیکسز بھی آویزاں کی گئیں۔

## رمضان سہولت بازاروں اور سیل پوائنٹس پر چینی کی وافر مقدار میں دستیابی کو یقینی بنایا جائے

### اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی او انڈسٹریز ضلعی افسران سمیت شوگر ملوں کے نمائندگان بھی موجود تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت رمضان سہولت بازاروں اور سیل پوائنٹس پر چینی کی وافر مقدار میں دستیابی کو یقینی بنانے کے حوالے سے اہم اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی او انڈسٹریز ضلعی افسران سمیت شوگر ملوں کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے شوگر ملز انتظامیہ کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تینوں رمضان بازاروں اور 12 سیل پوائنٹس پر چینی کی وافر مقدار میں دستیابی شوگر ملوں کی زمہ داری ہے۔ انہوں نے افسران اور شوگر مل انتظامیہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران سپلائی چین میں تعطل نہ آئے صبح 9 سے شام 30:05 بجے تک رمضان بازاروں اور سیل پوائنٹس پر چینی کی دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ صبح 9 بجے تک رمضان بازار اور سیل پوائنٹس ہر صورت مکمل فعال ہونے چاہیں تاکہ خریداروں کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور 2025 باڈی کا اعلان

الہ آباد (نامہ نگار) عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور 2025 باڈی کا اعلان ربانی وچیئرمین میاں شاہد جٹ صدر سید ندیم اقبال بخاری جنرل سیکرٹری مدثر بھٹہ ڈپٹی سیکرٹری عاطف اشرف منتخب۔ تفصیلات کے مطابق عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور نے سال 2025 کی باڈی کا اعلان کر دیا سرپرست اعلیٰ میاں سہیل تاج چوہدری مقصود احمد جٹ منتخب چوہدری افضل سندھو ایڈووکیٹ چوہدری طارق خان ایڈووکیٹ چوہدری امجد حبیب ایڈووکیٹ سردار اعجاز حسین ڈوگر ایڈووکیٹ لیگل ایڈوائزر منتخب چیئرمین ایگزیکٹو کونسل مہر رفیق ساجد وائس چیئرمین چوہدری ساجد حسین ہنجرا حبیب الرحمٰن جنجوعہ چوہدری آصف منیس مہر سلطان محمود سید حسنین تنویر بخاری ایگزیکٹو ممبر منتخب چیئرمین میاں شاہد جٹ وائس چیئرمین محمد یوسف شاکر صدر سید ندیم اقبال بخاری سینیئر نائب صدر چوہدری ارشاد خان نائب صدر محمد سلیم رزاق ہنجرا جنرل سیکرٹری مدثر بھٹہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری چوہدری عاطف اشرف ایڈیشنل سیکرٹری طیب جوئیہ سیکرٹری اطلاعات و نشریات جاوید ساحر پریس سیکرٹری مصور فردوسی جوائنٹ سیکرٹری میاں نقاش رضا فنانس سیکرٹری محمد فہد علی کوارڈینیٹر ملک فیض رسول منتخب بانی و چیئرمین اور صدر صاحب کا کہنا ہے کہ ہم اپنے منتخب عہدیداران سے امید کرتے ہیں کہ سب اپنی اپنی زمہ داریوں کو بخوبی سنبھالیں گے۔

## سینئر رکن اصغر علی بھٹی آف لکھیا مرحوم کی یاد میں تعزیتی ریفرنس

### تعزیتی ریفرنس میں پریس کلب کے سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چوہدری، جنرل سیکرٹری کاشف احسان تارڑ جوائنٹ سیکرٹری حاجی شاہد اقبال ناہرا کی شرکت

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پریس کلب/یونین آف جرنلسٹس کے سینئر رکن اصغر علی بھٹی آف لکھیا مرحوم کی یاد میں تعزیتی ریفرنس پریس کلب میں زیر صدارت صدر پریس کلب چوہدری جاوید اسد منعقد ہوا۔ تعزیتی ریفرنس میں پریس کلب کے سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چوہدری، جنرل سیکرٹری کاشف احسان تارڑ جوائنٹ سیکرٹری حاجی شاہد اقبال ناہرا، چوہدری مظہر حسین وڑائچ، حاجی سید ظہیر عباس شاہ، رشید عصمت چٹھہ، رانا عامر اکرم، محمد اعظم گوندل سمیت اراکین پریس کلب کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر صدر پریس کلب چوہدری جاوید اسد کا کہنا تھا کہ اصغر علی بھٹی ایک مثبت اور تعمیری سوچ کے حامل بہترین صحافی تھے۔ انہوں نے ہمیشہ حق اور سچ کے ساتھ نڈر اور بے باک انداز میں صحافت کی اور اپنی ساری صحافتی زندگی متحرک صحافی رہے۔ درویشی اور سادگی ان کی زندگی کا خاصہ رہی۔ علاقے کی ترقی اور مسائل کے حل کے لیے انتھک خدمات سرانجام دیں۔ انہوں نے نہ صرف ضلع بھر کے کمزور طبقوں کے مسائل اور مصائب کو اپنی صحافتی سرگرمیوں میں کلیدی حیثیت دی بلکہ ان کمزور طبقوں کی آواز کو جس حد تک ممکن ہوا اقتدار کے ایوانوں تک پہنچایا۔ انہوں نے ضلع بھر کے استحصالی طبقوں کے خلاف اپنے قلم سے تلوار کا کام لیا۔ ایسی ہمت اور جرأت ہر کسی کے حصے میں نہیں آتی۔ اصغر علی بھٹی اپنی ذات میں علم و عمل کا ایک جہاں بسائے ہوئے تھے۔ ان کے چلے جانے سے ڈسٹرکٹ پریس کلب میں جو خلاء پیدا ہوا ہے۔ وہ مدتوں تک پر نہیں ہوگا۔ وہ نظریاتی صحافت کے علمبردار اور نہایت وضع دار شخصیت کے حامل تھے۔ ان کے انتقال سے بلاشبہ صحافت کا ایک باب بند ہو گیا ہے۔ اس موقع پر اراکین پریس کلب نے اصغر علی بھٹی کی صحافتی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اجلاس میں اصغر علی بھٹی، سینئر صحافی سید محمد ضمیر کی والدہ ماجدہ، رکن پریس کلب ڈاکٹر عمران عباس کے چچا، رکن پریس کلب محمد اقبال بھٹی کے بھتیجے اور سابق چیئرمین پریس کلب ملک ہمایوں شہزاد کے ماموں کی وفات پر اظہار افسوس کے ساتھ اُن کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔

## مرکزی انجمن تاجران سیالکوٹ کا اجلاس زیر صدارت جاوید حیدر منعقد ہوا

### تجاوزات کے خاتمے کیلئے جاری آپریشن میں تاجر برادری سے تعاون کی اپیل

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) مرکزی انجمن تاجران (رجسٹرڈ) سیالکوٹ کے جنرل سیکرٹری شیخ جاوید حیدر کی زیر صدارت تاجر برادری کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی ایس پی سٹی ٹریفک پولیس مبشر قادر نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سٹی صدر صرافہ ایسوسی ایشن عظیم اکرم پلاسنیا را، اسلم بازار کے جنرل سیکرٹری چودھری عامر نواز وڑائچ، سابق کونسلر نوید خان شیروانی و دیگر بھی موجود تھے۔ مرکزی انجمن تاجران سیالکوٹ نے ضلعی انتظامیہ کیجانب سے ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں جاری انسداد تجاوزات مہم کی کامیابی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے۔ اس موقع پر انجمن تاجران سیالکوٹ نے تجاوزات کے خاتمے کے لیئے جاری مہم کو کامیاب بنانے میں تاجر برادری سے انتظامیہ کیساتھ تعاون کا عزم دھرایا گیا۔

## ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام اجلاس کا انعقاد

### جلاس میں صدر خواجہ آصف سراج نے اپنے خطاب میں ڈائیز اور کیمیکلز کمیونٹی کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی

فیصل آباد۔ (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اجلاس میں صدر خواجہ آصف سراج نے اپنے خطاب میں ڈائیز اور کیمیکلز کمیونٹی کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی جو کہ گزشتہ 66 سالوں سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کی خدمت کر رہی ہے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ڈی پی ایل کے حوالے سے حالیہ قانون سازی میں بہت سے ایسے کیمیکلز کو شامل کیا گیا ہے جو اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بغیر کیا گیا یہ کیمیکلز خصوصی طور پر ٹیکسٹائل انڈسٹری میں استعمال ہوتے ہیں اس کے نتیجے میں متعدد کاروباری مسائل پیدا ہوئے ہیں اور مستقبل میں بحران کا باعث بن سکتے ہیں صدر ایسوسی ایشن نے یحییٰ حسین شاہ کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے میں مدد کریں گے اپنے خطاب میں یحییٰ حسین شاہ نے انہیں یقین دلایا کہ وہ ان کے مسائل بالخصوص ڈی پی ایل سے متعلق مسائل کے حل میں تعاون اور سرپرستی کریں گے اور ان کے تحفظات کو دور کرنے کے لیے حکومتی سطح پر ٹھوس کوششیں کریں گے۔ یحییٰ حسین شاہ صاحب نے مزید کہا کہ وہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی صاحب سے مشاورت کریں گے اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ وہ عید کے بعد ایسوسی ایشن کے اراکین سے ملاقات کے لیے فیصل آباد کا دورہ کریں۔ وہ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں اور ڈی پی ایل سے نمٹنے والی سینیٹ کی متعلقہ کمیٹی کے درمیان ملاقات میں بھی سہولت فراہم کریں گے تاکہ ایوان بالا کے ذریعے اس مسئلے کو حل کرنے میں مدد ملے۔ اجلاس سے چیئرمین لوئل واریئرز آف پاکستان میجر تاثیر اکرام رانا، میجر جاوید اقبال کھوکھر، گروپ لیڈر ایوب صابر، حافظ ناصر بشیر محمود الہی، رضا کمال نے بھی خطاب کیا صدر خواجہ آصف سراج نے یحییٰ حسین شاہ کو یادگاری شیلڈ پیش کی

## ماڈل کیمبرج سکول سسٹم اگوکی کے سالانہ تقریب تقسیم انعامات

### بچے قوم کا روشن مستقبل ہیں۔ صدر سوسائٹی محمد خالد وسیم



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ماڈل کیمبرج سکول سسٹم اگوکی کے سالانہ تقریب تقسیم انعامات کی تقریب میں اعلیٰ کارکردگی کے حامل طلبہ و طالبات میں سرٹیفکیٹ ایوارڈز اور انعامات تقسیم کیے گئے آئے ہوئے مہمانوں ڈائریکٹران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو خصوصی یادگاری شیلڈ یں دی گئیں تقریب میں بچوں نے خصوصی ٹیبلو پیش کیے جبکہ سکول ہذا ٹیچرز کی کارکردگی کو بے حد سراہا گیا اس موقع پر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے ماڈل کیمبرج سکول سسٹم اگوکی کو گردونواح کے لیے ایک مثالی سکول قرار دیتے ہوئے کہا اللہ تعالیٰ کے مشکور ہیں کہ اس نے ایک اچھا انسٹیٹیوٹ عطا کیا ہے بچوں کو چاہیے کہ اس سے استفادہ حاصل کریں سب سے بڑھ کر یہ کہ ہماری ٹیچرز بہت محنتی ہیں جو بچوں کی اعلیٰ کارکردگی کی ضامن ہیں حقیقی معنوں میں اگر اساتذہ بچوں پر خاص توجہ دیتے ہیں تو یقیناً یہ بچے مستقبل کے روشن ستارے ثابت ہوں گے والدین کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ بھی اپنی ذمہ داری کو قبول کرتے ہوئے بچوں پر خصوصی توجہ دیں کیونکہ بچے بہت زیادہ وقت گھر میں گزارتے ہیں لہذا گھریلو ماحول میں تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ تربیت کے عمل کو تقویت ملنا بے حد ضروری ہے ماڈل کیمبرج سکول سسٹم ایک منفرد ادارہ ہے جو سہولیات یہاں پر میسر ہیں ضلع بھر میں ایسی سہولیات دیگر سکولوں میں موجود نہیں ہے بچوں کی اعلیٰ تربیت کے لیے بچوں پر خصوصی توجہ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے جن بچوں نے اعلیٰ کارکردگی دکھائی ہے ہم ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

## دیپالپور اوکاڑہ تقریب تقسیم انعامات الائیڈ سکول محمدی کیمپس

## 20 جیڈی کی پہلی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا اہتمام

دیپالپور (زاہد عمران خان جنجوعہ) دیپالپور اوکاڑہ تقریب تقسیم انعامات الائیڈ سکول محمدی کیمپس 20 جیڈی کی پہلی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کی صدارت کیمپس کے ڈائریکٹر راجہ محمد یعقوب جنجوعہ نے کی پروفیسر سلیم طاہر پرنسپل پنجاب گروپ آف کالج رینالہ خورد رائے یاسین اویسی او سی ای او النساء ویلفیئر سوسائٹی اوکاڑہ راجہ محمد حسین جنجوعہ نمبر دار صابر مغل ایڈووکیٹ راجہ سلمان جنجوعہ، راجہ مزمل جنجوعہ سوشل ویلفیئر آفیسر ساہیوال راجہ افتخار حسین جنجوعہ ڈویژنل آفیسر فارایسٹ راجہ عبدالرحمٰن جنجوعہ چیرمین جناح پریس کلب حجرہ شاہ مقیم پرنسپل گورنمنٹ بوائز سکول 34 جیڈی ڈاکٹر عابد حسین راجہ جہانگیر خان جنجوعہ اور راجہ احمد یار جنجوعہ مہمانان خصوصی تھے۔

## جنرل سیکرٹری جناب پروفیسر سیف اللہ قصوری صاحب کی مکمل حمایت کا اعلان

### پورے حلقہ میں ہر جگہ میرٹ پر امیدواران کو الیکشن میں کھڑا کیا جائے گا

الہ آباد (نامہ نگار) چونیاں کے نواح پھول منڈی گہلن پلاٹ میں چوہدری تہذیب کے ڈیرے پر مفسر قرآن قائد محترم پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری جناب پروفیسر سیف اللہ قصوری صاحب کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا گیا جس میں چوہدری اکبر صاحب چوہدری احسان الہی صاحب چوہدری تہذیب انور چوہدری طیب جٹ چوہدری عامر جٹ اور دیگر دوستوں نے بھی شرکت کی پروفیسر صاحب کا پھول کی پتیوں کے ساتھ استقبال کیا گیا معززین علاقہ نے پروفیسر سیف اللہ قصوری صاحب کی خدمات کو سراہا پروفیسر صاحب نے اہل محلہ کا اور بلخصوص چوہدری تہذیب انور صاحب کا شکریہ ادا کیا جو انہوں نے بہترین دعوت کا اہتمام کیا قائد محترم نے اہل محلہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کے انشاء اللہ مستقبل میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پوری میونسپل کمیٹی الہ آباد اور پورے حلقہ میں ہر جگہ میرٹ پر امیدواران کو الیکشن میں کھڑا کیا جائے گا اور زیادہ ترجیح پڑھے لکھے نوجوانوں کو دی جائے گی جو اس ملک پاکستان کا حقیقی مستقبل ہیں پروفیسر صاحب نے اہل محلہ کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں پاکستان کی سلامتی کے لیے دعا کی گئی۔

## ضلع بھر میں آتائیوں کے اسپتال اور کلینکس زمہ داران کی کارکردگی سوالیہ نشان

### پرائیویٹ گائنی ہسپتالوں کی مانیٹرنگ نہ ہونے کے باعث نجی ہسپتالوں میں ڈیلوری کی مد میں نہ صرف سادہ لوح شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) ضلع بھر میں آتائیوں کے اسپتال اور کلینکس زمہ داران کی کارکردگی سوالیہ نشان پرائیویٹ گائنی ہسپتالوں کی مانیٹرنگ نہ ہونے کے باعث نجی ہسپتالوں میں ڈیلوری کی مد میں نہ صرف سادہ لوح شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا جارہا ہے بلکہ زچہ بچہ کی زندگیاں بھی خطرے میں ڈال دی جاتی ہیں اور اتائی ڈاکٹرز کی نااہلی وغیرہ موثر آپریشن کے باعث حاملہ خواتین کی اموات ہو جاتی ہیں شہریوں کے مطابق زچگی کے دوران اتائی معالجین کی غفلت ولا پرواہی اور غیر موثر آپریشنز کے نتیجے میں زندگی گنوانے والی خواتین کی اکثریتی تعداد کا تعلق دیہی علاقوں سے ہے جنہیں ڈیلوری کی خاطر پرائیویٹ ہسپتالوں میں منتقل کیا جاتا ہے جہاں غیر موثر علاج کے باعث خواتین تڑپ تڑپ کر دم توڑ جاتی ہیں اتائی ڈاکٹر کی طرف سے ڈیلوری میں بے جا تاخیری حربے استعمال کئے جانے کے باعث جان بحق ہو جاتی ہیں بعض گائنی ہسپتالوں اور کلینکس میں ڈیلوری کیلئے خواتین کو بے ہوش کرنے کے بعد لیڈی ڈاکٹر کی بجائے مرد ڈاکٹر آپریشن کرتے ہیں انہیں رازداری سے آپریشن تھیٹر میں لایا جاتا ہے جس کی خاطر بعض پرائیویٹ ہسپتالوں و گائنی کلینکس کے مالکان نے آپریشن تھیٹرز کے دو، دو راستے بنا رکھے ہیں اور بیرونی دروازے سے مرد اتائی ڈاکٹر کو انتہائی مہارت کے ساتھ داخل کیا جاتا ہے

## ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے پروگرام میں شرکت کرنے والے طلباء وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

### پنجاب پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیس کے مثبت پہلوؤں کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان حائل خلیج کو ختم کرنا ہے۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) مارچ 2025ء) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق اور سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کی ہدایت پر دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں ڈسٹرکٹ پولیس کے سینئر افسران نے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں کے بارے میں لیکچرز دیئے اور وزٹ کروائے۔ پروگرام کی اختتامی تقریب اشرف مارتھ شہید پولیس لائنز آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوئی۔ طلباء وطالبات سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیسنگ سے آگاہی اور اس میں بہتری کیلئے نوجوان نسل کو ساتھ لے کر چلنا ہے، انٹرن شپ پروگرام اور طلباء و طالبات کے تعاون اور مشاورت سے کمیونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ تقریب کے اختتام پر ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے انٹرنیز میں سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں سے طلباء و طالبات نے شرکت کی جنہیں دو ہفتوں پر محیط انٹرن شپ پروگرام میں پولیس ورکنگ کے متعلق آگاہی دی گئی۔ دو ہفتوں پر محیط پروگرام میں پولیس کے سینئر افسران نے انٹرنیز کو پولیسنگ، پولیس کے تجدیدی اقدامات اور SIPS و دفاتر، آر پی او آفس، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، فرنٹ ڈیسک، میثاق سینٹر، تحفظ مرکز، ویمن انکلیو، خدمت مراکز، INV، آپریشن، آئی ٹی، سیف سٹی گوجرانوالہ اور دیگر دفاتر میں پولیس کی ورکنگ کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ سے پولیس اور شہریوں کے درمیان موثر اشتراک سے ہی جرائم کا خاتمہ ممکن ہے۔ اختتامی تقریب کے موقع پر انٹرنیز نے انٹرن شپ پروگرام کے انعقاد پر پنجاب پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے تجدیدی اقدام ہے جس سے یہ سیکھنے کا موقع ملا کہ محدود وسائل کے باوجود قیام امن اور پبلک سروس ڈیلوری میں بہتری کیلئے پولیس کی طرف سے بہترین اقدامات عمل میں لائے جارہے ہیں۔

سابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی راجہ ریاض احمد کے بہنوئی راجہ فیصل عباس کے رسم چہلم کے موقع پر راضہ ریاض احمد، بیرسٹر راجہ دانیال، راجہ ضرار سجاد، چوہدری علی اختر، ظفر ناگرہ، چنگیز کاکڑ سمیت راجہ فیملی و سیاسی سماجی و دینی حلقوں کے افراد شریک ہیں

## ایم این اے NA100 رانا ثناء اللہ اور ایم پی اے ظفر اقبال ناگرہ پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں: چوہدری اکرم علی واہلہ نمبر دار

### نمبر داران کے مسائل ترجیحی بنیادوں سے حل کریں گے۔ رائے سیف الرحمٰن بھٹی صدر ڈسٹرکٹ بار

فیصل آباد: (مسعود احمد بھٹہ) مقامی ہوٹل میں چوہدری اکرم واہلہ نمبر دار، چوہدری کاشف علی کھیسٹرا نمبر دار، چوہدری راشد علی کھیسٹرا اور ایڈووکیٹ چوہدری سلام علی واہلہ کی قیادت میں ایک پروقار اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں این اے (NA100)، پی پی (109,PP-108) کے نمبر داران، چیئرمین اور معززین نے بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمانان خصوصی میں صدر ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد رائے سیف الرحمٰن بھٹی، صدر نمبر داران رانا کامران، سابقہ صدر بار رانا شاہد منیر ایڈووکیٹ، امیدوار پنجاب ممبر بار کونسل معظم عباس ایڈووکیٹ، چوہدری شہباز رندھاوا، امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد میاں طارق محمود نمبر دار، چوہدری مالک ڈھلوں نمبر دار، میاں وحید بابا جی غلام مصطفیٰ سلطانی، طاہر اعوان ایڈووکیٹ، رانا تحلیل الرحمٰن، چیئرمین چوہدری محمد حسین رندھاوا، رانا شبیر منج نے خصوصی شرکت کی۔ جبکہ چوہدری سلامت علی واہلہ ایڈووکیٹ نے مہمانوں اور شرکاء کا پھولوں کی مالا اور گلدستوں سے استقبال کیا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت سے شروع ہوا۔ اجلاس میں موجود تمام نمبر داروں اور معززین نے ایم این اے این اے 100 رانا ثناء اللہ اور ایم پی اے ظفر اقبال ناگرہ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے تمام گاؤں میں ترقیاتی کاموں پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ خاص طور پر چوہدری اکرم علی واہلہ نمبر دار اور چوہدری کاشف علی کھیسٹرا نمبر دار، چوہدری راشد علی کھیسٹرا اور ایڈووکیٹ چوہدری سلام علی واہلہ نے چک نمبر 51 ج ب شہزاد میں سوئی گیس، بجلی اور ترقیاتی منصوبوں پر ایم این اے این اے 100 وزیراعظم کے خصوصی مشیر رانا ثناء اللہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے آئندہ الیکشن میں شانہ بشانہ ساتھ کھڑے ہونے کا اعلان کیا۔ اور بغیر کسی لالچ اور فریب کے ساتھ دینے کا بھرپور عزم کیا۔

## مصطفی آباد: ضلع بھر کے صحافیوں کے وفد کی ڈپٹی کمشنر قصور سے تعارفی ملاقات

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ضلع بھر کے صحافیوں کے وفد کی ڈپٹی کمشنر قصور سے تعارفی ملاقات، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی نے صحافیوں کو اپنی ترجیحات سے متعلق آگاہ کیا، وفد کی قیادت عطا محمد قصوری نے کی۔ تفصیلات کے مطابق قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب کے وفد کی ڈپٹی کمشنر قصور سے تعارفی ملاقات، وفد کی قیادت صدر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب (رجسٹرڈ) عطا محمد قصوری نے کی، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی نے ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال سمیت بنیادی مراکز صحت، رورل ہیلتھ سنٹروں میں ادویات کی فراہمی، رمضان سہولت بازاروں، ناجائز تجاوزات سمیت سرکاری محکموں کی کارکردگی سمیت دیگر اہم موضوعات پر صحافیوں کو بریفنگ، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی نے کہا کہ اپنی تعیناتی کے دوران میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا، ایجوکیشن، ہسپتال، چلڈرن، تجاوزات کے خلاف آپریشن، پارکس کی حالت کو بہتر بنانا پہلی ترجیح ہے، رمضان المبارک میں مصنوعات کی قلت نہیں ہونے دیں گے، مہنگے داموں اشیا فروخت کرنے والے بااثر افراد کے خلاف پہلی ترجیح میں کاروائی ہوگی، پولٹری مصنوعات کے ریٹ کو کنٹرول کیا جا رہا ہے، وفد میں صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی، سنیئر وائس چیئرمین محمد طاہر میو، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب محمد رمضان خاں، پروفیسر ڈاکٹر یوسف آرائیں، میاں عمران شہزاد انصاری، حاجی ملک آصف، ساجد، صدر پریس کلب راجہ جنگ رانا زاہد عمران، صدر پریس کلب تھہ شیخم ڈاکٹر صدیق خاں میو، صدر ڈسٹرکٹ الیکٹرونک میڈیا فیاض احمد دھون سرپرست چونیاں تحصیل پریس کلب، خالد نواز خان، مرکزی تحصیل پریس کلب کوٹ رادھا کشن سے عبدالرزاق ظلی، پریس کلب پتوکی الیکٹرانک میڈیا (مقدر حسین بوبی) سرپرست اور پریس کلب بھائی پھیرو سے ظہور احمد ساجد، مرکزی پریس کلب حبیب آباد کے جنرل سیکرٹری رانا عقیل ایاز خاں، صدر مرکزی پریس کلب کنگن پور محمد اکرم سہگل، سرپرست میاں صہیب، صدر مرکزی پریس کلب کھڈیاں یاسر محمود باسن، صدر پریس کلب منڈی عثمان والا عمران محمود، سرپرست پریس کلب چھانگا مانگا رانا محمد الیاس، شفیق بھٹی، اختر قصوری، سلیم اللہ باجوہ، چوہدری خضر حیات وڑائچ، حاجی تنویر شوکت، سید ذوالفقار شاہ، شہباز بلاچنے، کاظم سندھو، سردار جاوید عاشق ڈوگر و دیگر شامل تھے۔

## اخوت سکول سسٹم 296 رب راجے والا میں پروقار تقریب منعقد کی گئی

### اس تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء اعزاز فضیلت چیئر پرسن ڈیپارٹمنٹ آف نیوٹریشنل سائنسز نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) اخوت سکول سسٹم 296 رب راجے والا میں پروقار تقریب منعقد کی گئی جس میں فیصل آباد ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن، دی ورلڈ پولٹری سائنس ایسوسی ایشن ویمن ونگ شعبہ نیوٹریشنل سائنسز اور دیگر مخیر حضرات کے تعاون سے اسکول کے بچوں میں جرسیاں، جرابیں، جوتے، انڈے اور پھل تقسیم کیے گئے۔ اس تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء اعزاز فضیلت چیئر پرسن ڈیپارٹمنٹ آف نیوٹریشنل سائنسز نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ منعقدہ تقریب میں سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری اظہر جاوید گجر امیدوار صوبائی اسمبلی پنجاب حافظ ناصر بشیر سینئر وائس پریزیڈنٹ فیصل آباد ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن، محمود الہی سیکرٹری جنرل سیکرٹری فیصل آباد ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن، اخوت اسکول پراجیکٹ ڈائریکٹر چوہدری نعیم حیدر گوری، طاہر محمود گجر سمیت والدین اور بچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء (اعزاز فضیلت) نے کہا کہ ہمارے بچے ہمارے لیے صدقہ جاریہ ہیں اور والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کی صحت تعلیم و تربیت اور غذا پر خصوصی توجہ دیں تاکہ مستقبل میں یہ بچے ان کا سہارا بن سکیں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ پروفیسر ڈاکٹر مہر النساء نے بچوں میں غذا کی کمی خصوصاً پروٹین کی کمی کو دور کرنے کے حوالے سے والدین کو مرغیاں پالنے اور کچن گارڈننگ کو اپنانے کی ترغیب دی۔ حافظ ناصر بشیر سینئر وائس پریزیڈنٹ فیصل آباد ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن نے کہا کہ زندگی کا فلسفہ یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی، مال اور وقت لوگوں کی خدمت میں وقف کریں۔ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے مال، جان اور صحت میں اضافہ کرے تو وہ لوگوں سے حق چھیننے کی بجائے انہیں دینا شروع کر دے۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

# رمضان کریم سے ایک روز قبل خودکش حملے کی گھناؤنی واردات

خیبر پختونخوا کے علاقے نوشہرہ میں دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی جامعہ مسجد میں گزشتہ روز نماز جمع المبارک کے بعد ہونے والے خودکش دھماکے میں مفتی سمیع الحق کے صاحبزادے اور جمعیت علمائے اسلام (س) کے سربراہ مولانا حامد الحق سمیت آٹھ نمازی شہید ہو گئے جبکہ 20 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ مولانا حامد الحق جو مدرسہ حقانیہ کے نائب مہتمم بھی تھے مدرسے کے مین گیٹ سے اپنے گھر جا رہے تھے کہ خودکش بمبار ان سے گلے ملا اور خود کو دھماکے سے اڑا دیا۔ آئی جی خیبر پی کے ذوالفقار حمید نے بتایا کہ یہ خودکش حملہ ٹارگٹڈ تھا جس کا نشانہ مولانا حامد الحق تھے۔ اس دھماکے میں شہید ہونے والے دو افراد کی شناخت نہیں ہو سکی جن کے ڈی این اے کے نمونے فرانزک لیبارٹری میں بھجوا دیئے گئے ہیں جبکہ خودکش بمبار کا سر اور دوسرے اعضا جائے وقوعہ سے مل گئے ہیں۔ زخمیوں میں مولانا حامد الحق کے صاحبزادے مولانا عبدالحق ثانی بھی شامل ہیں۔ افغان طالبان نے اس خودکش حملے کو مذہب دشمنوں کی کارروائی قرار دیتے ہوئے اسکی شدید مذمت کی ہے۔ نوشہرہ پولیس کے سربراہ عبدالرشید کے بقول خودکش دھماکہ نماز جمعہ کے بعد اس وقت ہوا جب لوگ مولانا حامد الحق کو خوش آمدید کہنے کیلئے جمع تھے۔ برطانوی خبر رساں ادارے بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق شہید مولانا حامد الحق کے بھائی نے جو خود بھی اس دھماکے میں زخمی ہوئے اس امر کی تصدیق کی کہ حملہ آور دھماکہ خیز مواد سے بھری خودکش جیکٹ پہنے ہوئے تھا۔ وہ دارالعلوم حقانیہ کے مدرسے کے احاطے میں ایک مسجد سے نکلتے ہوئے مولانا حامد الحق تک پہنچا دھماکے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور نوشہرہ کے ہسپتالوں کے علاوہ پشاور کے تین بڑے ہسپتالوں میں بھی ایمرجنسی نافذ کر دی گئی تاکہ زخمیوں کو فوری طبی امداد دی جا سکے۔ ہفتے کی صبح گیارہ بجے شہید مولانا حامد الحق کی نماز جنازہ اکوڑہ خٹک میں ادا کی گئی جس کے بعد انکی میت کو سپرد خاک کر دیا گیا۔ دریں اثنا جمع المبارک کے روز اپر اورکزئی میں بھی دھماکہ ہوا جس میں ایک شخص شہید اور متعدد زخمی ہو گئے۔ اسی طرح کوئٹہ میں بھی جان محمد روڈ کے قریب دھماکہ ہوا جس میں 9 افراد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی اور سیاسی و مذہبی قائدین نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ وزیراعظم نے دہشت گردی کی اس واردات پر سکیورٹی حکام سے رپورٹ بھی طلب کر لی ہے اور زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلی خیبر پی کے علی امین گنڈاپور اور گورنر فیصل کریم کنڈی نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے اعلی حکام سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی۔ فیصل کریم کنڈی کے بقول یہ دھماکہ اسلام اور پاکستان دشمنوں کی سازش اور خیبر پختونخوا حکومت کی انتظامی نااہلیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس نااہلی اور ملی بھگت کا خمیازہ نہ جانے کب تک صوبہ بھگتے گا۔ جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک میں خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے اسے امن کو تباہ کرنے کی سازش قرار دیا۔ انکے بقول ملک دشمن قوتیں مذموم مقاصد کے تحت پاکستان میں شرپسندی کو ہوا دے رہی ہیں۔ امن قائم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ سی ٹی ڈی نے دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکے کے وقت مسجد میں ہزاروں کی تعداد میں نمازی موجود تھے تاہم بڑا جانی نقصان اس لئے نہیں ہوا کہ خودکش بمبار کا ٹارگٹ صرف مولانا حامد الحق تھے چنانچہ دھماکے کا وہی لوگ نشانہ بنے جو مولانا حامد الحق کے ساتھ موجود تھے۔ اس خودکش دھماکے کی ذمہ داری تاحال کسی گروپ نے قبول نہیں کی تاہم سکیورٹی ادارے اس دھماکے میں داعش یا تحریک طالبان پاکستان کے ملوث ہونے کے شبہ کو خارج از امکان قرار نہیں دے رہے۔ آئی جی پولیس خیبر پی کے نے داعش کے حوالے سے سوشل میڈیا پر چلنے والی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ محض مفروضوں پر بات کی جا رہی ہے۔ تحقیقات کے بعد اصل حقائق منظر عام پر آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق اکوڑہ خٹک کا مدرسہ تحریک طالبان پاکستان اور افغانستان کے اہم رہنماؤں کی تعلیم و تربیت کا مرکز رہا ہے تاہم اس وقت افغانستان میں بھی داعش اور طالبان کے مابین ایک جنگ جاری ہے۔ مولانا حامد الحق بھی اپنے والد مولانا سمیع الحق کی طرح طالبان کے انتہائی قریب سمجھے جاتے تھے۔ ذرائع نے اس امر کی تصدیق کی کہ داعش پشاور اور باجوڑ میں کافی متحرک رہی ہے جس کی جانب سے گزشتہ کئی سالوں کے دوران پشاور اور باجوڑ کے گرد و نواح کے ساتھ ساتھ نوشہرہ جہانگیرہ اور اکوڑہ خٹک میں بھی دہشت گردی کی کارروائیاں کی جاتی رہی ہیں۔ ذمہ دار ذرائع کا کہنا ہے کہ داعش کا ٹارگٹ علما کرام مذہبی قائدین اور اقلیتی برادری ہوتی ہے پولیس نے اس حوالے سے داعش کے کئی دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا اور کئی مقابلوں میں ہلاک بھی ہوئے۔ اس بارے میں تو یقینا پولیس کی حتمی تحقیقاتی رپورٹ سے ہی معلوم ہو پائے گا کہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں ہونے والے خودکش حملے میں کون ملوث ہیں اور اسکے پس پردہ کیا محرکات ہو سکتے ہیں تاہم رمضان کریم کے آغاز سے ایک روز قبل نماز جمعہ کے موقع پر ایک جید عالم دین کو خودکش حملے کی بھینٹ چڑھانا جس میں سات دیگر نمازی بھی شہید ہوئے بادی النظر میں اس وطن عزیز میں عدم تحفظ اور خوف و ہراس کی فضا پیدا کر کے پاکستان کو بیرونی دنیا میں قطعی غیر محفوظ ملک ظاہر کرنا مقصود ہو سکتا ہے، بالخصوص ان حالات میں جب بیرونی دنیا کے سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے ترغیب پا رہے ہیں جس کیلئے چین روس عرب ممالک اور وسطی ایشیائی ریاستوں کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط بھی کئے جا رہے ہیں۔ دہشت گردی کی یہ واردات پاکستان کے روشن اور اسکے محفوظ ملک ہونے کے تشخص کو گہنانے کے مترادف ہے۔ اس حوالے سے پاکستان کے اندرونی اور بیرونی دشمن اور اسکے بدخواہ عناصر کسی سے ڈھکے چھپے نہیں جو اس ارض وطن کو ایک آزاد خودمختار اور اقتصادی طور پر مستحکم ملک کی حیثیت سے پھلتا پھولتا نہیں دیکھنا چاہتے بھارت تو شروع دن سے ہی پاکستان کی سلامتی کے درپے ہے اور دہشت گردی کے ذریعے اسے غیر مستحکم کرنے کی سازشوں میں اس کا بڑا کردار ہے جو پاکستان کیخلاف اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے افغان سرزمین بھی بروئے کار لا رہا ہے۔ بدقسمتی سے افغانستان کی طالبان حکومت بھی سابق افغان حکمرانوں کی طرح پاکستان کے ساتھ بدخواہی کی پالیسی پر گامزن ہے۔

---

# اک چنگاری سی جو سلگ رہی ہے

دنیا کو کون عالمی جنگ کی طرف لے کر جائے گا اس کو فیصلہ تو تاریخ کرے گی مگر یہ دنیا اپنے بنائے ہوئے ہتھیاروں اور انکے اثرات کی نذر جلد یا بدیر ضرور ہو گی یہ چنگاری جو سلگ رہی ہے اگر عالم اقوام انصاف نہیں کریں گی تو قدرت اپنے فیصلے صادر کرے گی سب کو بہت سمجھداری اور سب کا خیال رکھ کے آگے بڑھنا ہو گا۔ دنیا کی تاریخ میں اپنے ہی حمایت یافتہ ملک کے سربراہ کیساتھ کل جو کچھ ہوا وہ ایک سفارتی تعلقات کی جھلک ہے جو اس وقت دنیا ایک دوسرے کے بارے میں رکھتی ہے ایک طرف اسرائیل کو اسلحے کے انبار لگانے اور غزہ کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوشش کی جارہی ہے اور دوسری طرف عالمی جنگ کا خطرہ ٹالنے کی کوشش بہرحال کل کا واقعہ حالات اور واقعات باعث تشویش تو ہیں ہم تو ایشیا میں ہیں ہمیں تو ہر طرف سے ایٹمی قوتیں براجمان ہیں چنگاری کب شعلہ بن جائے اس کو کسی کو علم نہیں سب بے خبر امید کے سہارے آگے بڑھ رہے ہیں ہم ایک ایسا ملک بن گئے ہیں جو اپنے کسی ہمسائے کے ساتھ تجارت کرنے میں آزاد نہیں ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلینسکی کے ساتھ رویہ کافی متنازعہ رہا ہے۔ ابھی حال ہی میں 28 فروری 2025 کو دونوں رہنما اوول آفس میں ایک ملاقات کے دوران آپس میں تصادم ہوئے۔ یہ تناؤ کوئی نئی بات نہیں ہے، کیونکہ ٹرمپ کی صدارت مختلف عالمی رہنماؤں کے ساتھ تنازعات اور اختلافات کا شکار رہی ہے، جن میں زیلنسکی بھی شامل ہیں ٹرمپ اور زیلنسکی کے درمیان کشیدہ تعلقات میں اہم کردار ادا کرنیوالے کچھ اہم مسائل میں شامل ہیں۔ ٹرمپ کی انتظامیہ کو یوکرین روس تنازعہ سے نمٹنے کے لیے تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے، کچھ لوگوں نے اس پر الزام لگایا ہے کہ وہ روس کے لیے بہت نرم ہیں۔ 2020 میں ان کے مواخذے کے مقدمے کے مرکز میں یوکرین کے ساتھ ٹرمپ کے معاملات بھی تھے، جس نے دونوں رہنماؤں کے درمیان کشیدہ تعلقات میں اہم کردار ادا کیا ہو گا۔ دونوں رہنماؤں کے مختلف پالیسی مقاصد ہو سکتے ہیں، خاص طور پر جب بات یوکرین کی خود مختاری اور خطے میں روس کے اثر ورسوخ جیسے مسائل کی ہو۔ مجموعی طور پر ٹرمپ اور زیلنسکی کے درمیان تعلقات پیچیدہ اور متنازعہ ہیں، جس کے عالمی سیاست اور بین الاقوامی تعلقات پر اہم اثرات مرتب ہوتے ہیں ایک بہت ہی ذہین سوال ! موجودہ حرکیات کے ساتھ، روس یقیناً صورت حال سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتا ہے۔ یہاں کچھ ممکنہ طریقے ہیں: روس امریکہ اور یورپ میں سمجھی جانے والی غیر یقینی صورتحال اور ممکنہ تقسیم کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، یوکرین میں تنازعہ کو بڑھا سکتا ہے روس یورپ کو توانائی فراہم کرنے والا بڑا ملک ہے۔ یہ یورپی ممالک پر دباؤ ڈالنے کے لیے اپنی توانائی کا فائدہ اٹھا سکتا ہے، خاص طور پر وہ جو روسی گیس پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ روس اپنے مفادات اور ایجنڈوں کو آگے بڑھانے کے لیے امریکی اور یورپی قیادت کے اندر کسی بھی سمجھی جانے والی تقسیم یا کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتا ہے روس مشرقی یورپ اور بحیرہ اسود کے علاقے میں اپنی فوجی موجودگی کو جاری رکھ سکتا ہے، ممکنہ طور پر امریکہ اور اس کے یورپی اتحادیوں کے عزم اور اتحاد کی آزمائش کر رہا ہے وہ عوامل جو روس کے اقدامات کو متاثر کر سکتے ہیں نئی انتظامیہ کے تحت امریکی پالیسی کی سمت روس کے اقدامات کا تعین کرنے میں اہم ہو گی۔ یورپی ممالک کے درمیان اتحاد اور عزم کی سطح روس کے حساب کتاب کو بھی متاثر کرے گی روس کی اقتصادی صورتحال، بشمول پابندیوں اور توانائی کی قیمتوں کے اثرات بھی اس کے اقدامات کی تشکیل میں کردار ادا کریں گے۔ مجموعی طور پر، صورت حال پیچیدہ اور سیال ہے، اور روس کے اقدامات مختلف عوامل پر منحصر ہوں گے۔ تاہم ایک بات یقینی ہے کہ آنے والے ہفتے اور مہینے بین الاقوامی تعلقات کی رفتار کو تشکیل دینے میں اہم ہوں گے۔ ٹرمپ پر روس کا اعتماد ایک پیچیدہ مسئلہ ہے۔ جب کہ ٹرمپ نے یوکرین میں جنگ کے خاتمے کے لیے اگر کوئی معاہدہ کیا جاتا ہے تو پوٹن پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، روس کی پوزیشن زیادہ اہم ہے۔ کچھ روسی اشرافیہ کو امید ہے کہ ٹرمپ پوٹن پر لگام لگائیں گے، جو ان کی جنگی تھکاوٹ اور جنگ بندی کی خواہش کی عکاسی کرتا ہے۔ تاہم دوسروں کا خیال ہے کہ روس کو ٹرمپ کی خیر سگالی پر بھروسہ کرنے کے بجائے یوکرین میں اپنے فوجی فائدے کو دبانے پر توجہ دینی چاہیے۔ فتح کے لیے روس کی حکمت عملی اس کے کنٹرول سے باہر ہونے والے عمل پر منحصر ہے، جس کی وجہ سے پوٹن کے لیے ٹرمپ یا کسی اور پر اعتماد کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ کریملن جنگ بندی اور مزید فوجی اضافے کے امکان کے درمیان گھوم رہا ہے، جس میں دونوں طریقوں میں بہت زیادہ خطرات شامل ہیں۔ بالآخر ٹرمپ پر روس کا اعتماد ان کے اقدامات پر منحصر ہو گا، خاص طور پر یوکرین اور نیٹو کے حوالے سے۔ اگر ٹرمپ کی پالیسیاں روس کے مفادات سے ہم آہنگ ہوں تو اعتماد پیدا ہو سکتا ہے۔ تاہم اگر ٹرمپ کے اقدامات کو دھمکی آمیز یا روس کے اہداف سے متصادم دیکھا جائے تو اعتماد قائم کرنا مشکل ہو جائے گا۔ (جاری ہے) دنیا کو کون عالمی جنگ کی طرف لے کر جائے گا اس کو فیصلہ تو تاریخ کرے گی مگر یہ دنیا اپنے بنائے ہوئے ہتھیاروں اور انکے اثرات کی نذر جلد یا بدیر ضرور ہو گی یہ چنگاری جو سلگ رہی ہے اگر عالم اقوام انصاف نہیں کریں گی تو قدرت اپنے فیصلے صادر کرے گی سب کو بہت سمجھداری اور سب کا خیال رکھ کے آگے بڑھنا ہو گا۔ دنیا کی تاریخ میں اپنے ہی حمایت یافتہ ملک کے سربراہ کیساتھ کل جو کچھ ہوا وہ ایک سفارتی تعلقات کی جھلک ہے جو اس وقت دنیا ایک دوسرے کے بارے میں رکھتی ہے ایک طرف اسرائیل کو اسلحے کے انبار لگانے اور غزہ کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوشش کی جارہی ہے اور دوسری طرف عالمی جنگ کا خطرہ ٹالنے کی کوشش بہرحال کل کا واقعہ حالات اور واقعات باعث تشویش تو ہیں ہم تو ایشیا میں ہیں ہمیں تو ہر طرف سے ایٹمی قوتیں براجمان ہیں چنگاری کب شعلہ بن جائے اس کو کسی کو علم نہیں سب بے خبر امید کے سہارے آگے بڑھ رہے ہیں ہم ایک ایسا ملک بن گئے ہیں جو اپنے کسی ہمسائے کے ساتھ تجارت کرنے میں آزاد نہیں ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلینسکی کے ساتھ رویہ کافی متنازعہ رہا ہے۔ ابھی حال ہی میں 28 فروری 2025 کو دونوں رہنما اوول آفس میں ایک ملاقات کے دوران آپس میں تصادم ہوئے۔ یہ تناؤ کوئی نئی بات نہیں ہے، کیونکہ ٹرمپ کی صدارت مختلف عالمی رہنماؤں کے ساتھ تنازعات اور اختلافات کا شکار رہی ہے، جن میں زیلنسکی بھی شامل ہیں ٹرمپ اور زیلنسکی کے درمیان کشیدہ تعلقات میں اہم کردار ادا کرنیوالے کچھ اہم مسائل میں شامل ہیں۔ ٹرمپ کی انتظامیہ کو یوکرین روس تنازعہ سے نمٹنے کے لیے تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے، کچھ لوگوں نے اس پر الزام لگایا ہے کہ وہ روس کے لیے بہت نرم ہیں۔ 2020 میں ان کے مواخذے کے مقدمے کے مرکز میں یوکرین کے ساتھ ٹرمپ کے معاملات بھی تھے، جس نے دونوں رہنماؤں کے درمیان کشیدہ تعلقات میں اہم کردار ادا کیا ہو گا۔ دونوں رہنماؤں کے مختلف پالیسی مقاصد ہو سکتے ہیں، خاص طور پر جب بات یوکرین کی خود مختاری اور خطے میں روس کے اثر و رسوخ جیسے مسائل کی ہو۔ مجموعی طور پر ٹرمپ اور زیلنسکی کے درمیان تعلقات پیچیدہ اور متنازعہ ہیں، جس کے عالمی سیاست اور بین الاقوامی تعلقات پر اہم اثرات مرتب ہوتے ہیں ایک بہت ہی ذہین سوال ! موجودہ حرکیات کے ساتھ، روس یقیناً صورت حال سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتا ہے۔ یہاں کچھ ممکنہ طریقے ہیں: روس امریکہ اور یورپ میں سمجھی جانے والی غیر یقینی صورتحال اور ممکنہ تقسیم کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، یوکرین میں تنازعہ کو بڑھا سکتا ہے روس یورپ کو توانائی فراہم کرنے والا بڑا ملک ہے۔ یہ یورپی ممالک پر دباؤ ڈالنے کے لیے اپنی توانائی کا فائدہ اٹھا سکتا ہے، خاص طور پر وہ جو روسی گیس پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں۔ روس اپنے مفادات اور ایجنڈوں کو آگے بڑھانے کے لیے امریکی اور یورپی قیادت کے اندر کسی بھی سمجھی جانے والی تقسیم یا کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر سکتا ہے روس مشرقی یورپ اور بحیرہ اسود کے علاقے میں اپنی فوجی موجودگی کو جاری رکھ سکتا ہے، ممکنہ طور پر امریکہ اور اس کے یورپی اتحادیوں کے عزم اور اتحاد کی آزمائش کر رہا ہے وہ عوامل جو روس کے اقدامات کو متاثر کر سکتے ہیں نئی انتظامیہ کے تحت امریکی پالیسی کی سمت روس کے اقدامات کا تعین کرنے میں اہم ہو گی۔ یورپی ممالک کے درمیان اتحاد اور عزم کی سطح روس کے حساب کتاب کو بھی متاثر کرے گی روس کی اقتصادی صورتحال، بشمول پابندیوں اور توانائی کی قیمتوں کے اثرات بھی اس کے اقدامات کی تشکیل میں کردار ادا کریں گے۔ مجموعی طور پر، صورت حال پیچیدہ اور سیال ہے، اور روس کے اقدامات مختلف عوامل پر منحصر ہوں گے۔ تاہم ایک بات یقینی ہے کہ آنے والے ہفتے اور مہینے بین الاقوامی تعلقات کی رفتار کو تشکیل دینے میں اہم ہوں گے۔ ٹرمپ پر روس کا اعتماد ایک پیچیدہ مسئلہ ہے۔ جب کہ ٹرمپ نے یوکرین میں جنگ کے خاتمے کے لیے اگر کوئی معاہدہ کیا جاتا ہے تو پوٹن پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، روس کی پوزیشن زیادہ اہم ہے۔ کچھ روسی اشرافیہ کو امید ہے کہ ٹرمپ پوٹن پر لگام لگائیں گے، جو ان کی جنگی تھکاوٹ اور جنگ بندی کی خواہش کی عکاسی کرتا ہے۔ تاہم دوسروں کا خیال ہے کہ روس کو ٹرمپ کی خیر سگالی پر بھروسہ کرنے کے بجائے یوکرین میں اپنے فوجی فائدے کو دبانے پر توجہ دینی چاہیے۔ فتح کے لیے روس کی حکمت عملی اس کے کنٹرول سے باہر ہونے والے عمل پر منحصر ہے، جس کی وجہ سے پوٹن کے لیے ٹرمپ یا کسی اور پر اعتماد کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ کریملن جنگ بندی اور مزید فوجی اضافے کے امکان کے درمیان گھوم رہا ہے، جس میں دونوں طریقوں میں بہت زیادہ خطرات شامل ہیں۔ بالآخر ٹرمپ پر روس کا اعتماد ان کے اقدامات پر منحصر ہو گا، خاص طور پر یوکرین اور نیٹو کے حوالے سے۔ اگر ٹرمپ کی پالیسیاں روس کے مفادات سے ہم آہنگ ہوں تو اعتماد پیدا ہو سکتا ہے۔ تاہم اگر ٹرمپ کے اقدامات کو دھمکی آمیز یا روس کے اہداف سے متصادم دیکھا جائے تو اعتماد قائم کرنا مشکل ہو جائے گا۔ (جاری ہے)

محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

---

# رمضان مبارک

ہمارے ملک میں ہر مہینہ مہنگائی کا اور رمضان کا مہینہ سپر مہنگائی کا مہینہ ہوا کرتا ہے چنانچہ سپر بلکہ میگا مہنگائی کی آمد مبارک۔ بسم اللہ وفاقی حکومت نے چینی مزید مہنگی کر کے کر دی ہے۔ کل تک 165 روپے کلو پر بک رہی تھی، آج سے مزید برکت ہو گی۔ ہمارے پڑوسی ملکوں یعنی بھارت اور ایران میں سیٹھ لوگ رمضان میں قیمتیں کم کر دیتے ہیں۔ دور سمندر پار ملکوں سے بھی ایسی خبریں آتی ہیں لیکن ہم منفرد ملک کے رہنے والے ہیں، یہاں ہر شے مہنگی ہو جاتی ہے، معاف کیجئے گا، کر دی جاتی ہے۔ کارخانوں کے مالک سیٹھ لوگ الگ قسم کی دل لگی بھی کرتے ہیں، عوامی محاورے میں اسے آپ مذاخ اڑانا بھی کہہ سکتے ہیں، وہ ایسے کہ فرض کیجئے، کسی پیکنگ کی قیمت 500 روپے ہے، یہ قیمت پیکٹ پر چھپی ہوئی ہے۔ رمضان آنے سے پہلے نئی کھیپ کارخانوں میں بنے گی، اس پر قیمت چھاپی جائے گی۔ 560 روپے، یعنی 60 روپے فی پیک زیادہ۔ اب اس نئی قیمت پر ایک موٹا سا کراس لگایا جائے گا۔ نیچے لکھا ہو گا 550 روپے اور پھر موٹے حروف میں لکھا ہو گا، رمضان کی خوشی میں دس روپے رعایت۔ دکانوں اور سٹوروں پر اور ٹی وی پر اشتہار چلیں گے، احترام رمضان میں پورے دس روپے کی بچت، ایک کے بجائے دو پیکٹ خریدیئے، خوشحال ہو جایئے۔ یہ مذاخ اس لطیفے کو بھی مات کر دیتا ہے جس میں بتایا گیا کہ ایک آدمی ہانپتا کانپتا گھر داخل ہوا اور پھولی ہوئی سانس میں اٹک اٹک کر بیگم سے کہنے لگا، آج میں نے 50 روپے کی بچت کی۔ بیگم نے پوچھا، وہ کیسے۔ کہا، میں گھر آنے کیلئے بس سٹاپ پر پہنچا لیکن بس پر بیٹھا نہیں، اس کے پیچھے بھاگتا رہا اور گھر پہنچ گیا۔ بیگم نے کہا، تم رہے گھامڑ کے گھامڑ، ارے بچت ہی کرنا تھی تو کسی ٹیکسی رکشا کے پیچھے بھاگتے، کم سے کم تین سو روپے کی بچت تو ہو ہی جاتی۔ مہنگائی کے علاوہ ہمارے ہاں ہر مہینہ جرائم کا مہینہ بھی ہوا کرتا ہے اور حسب روایت، رمضان جرائم کا میگا مہینہ۔ کسی بھی سال کے پرانے اخبارات یا ریکارڈ نکال کر دیکھ لیجئے، قتل، چوری، ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری، موبائل فون چھیننے کی وارداتوں سے لے کر اغوا برائے تاوان اور اغوا بنا تاوان، سبھی جرم بڑھ جاتے ہیں۔ رشوت کے نرخ بھی ترقی کر جاتے ہیں اور کام چوری بھی زوروں پر ہوتی ہے۔ روزے اس لئے فرض کئے گئے کہ تم میں تقوی پیدا ہو، ایسا قرآن پاک میں لکھا ہے۔ تقوی کے معنے کیا ہیں، ڈکشنری میں لکھے ہیں لیکن ہمارے ہاں کھاتے پیتے طبقات نے اس کا اپنا ہی ترجمہ کیا ہے اور اس ترجمے کی رو سے تقوی نمود و نمائش کو کہتے ہیں۔ چنانچہ افطار پارٹیاں، پکنک پارٹی کی طرح ہوتی ہیں اور کثرت سے ہوتی ہیں۔ ایک غریب اور بے مایہ آدمی افطار کیلئے 50 روپے خرچ کرنے کی بھی سکت نہیں رکھتا، ان افطار پارٹیوں پر فی کس 5 سے دس ہزار روپے خرچ کر دیئے جاتے ہیں۔ لوگ بن ٹھن کر ان پارٹیوں میں آتے ہیں۔ لباس اور کروفر کی نمائش، کھانے کی میز پر اشیائے خورد و نوش کی سرپلس بہاریں، یہ ہے ہمارے مترفین) ایلیٹ، سیمی ایلیٹ کلاس ( کا تقوی کل ایک صاحب تشریف لائے، فرمایا، دس سال سے ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہا ہوں، گھر پر بیٹھے بیٹھے بور ہو جاتا ہوں، پنشن پر گزارا ہے۔ کسی سے کہہ سن کر میرے لئے کسی نوکری کا بندوبست تو کروا دو۔ اور ہاں، کام وام مجھے کوئی نہیں آتا، کچھ کرنے کی عمر بھی نہیں، سفارش میں اس کا بھی خیال رکھنا۔ حیران ہو کر عرض کیا کہ میری ایسی رسائی کہاں۔ ہوتی تو خود دس سال سے گھر پر کیوں بیٹھا ہوتا، میری تو پنشن بھی کوئی نہیں۔ لیکن وہ صاحب نہیں مانے، کہا، ضرور تمہاری واقفیت ہو گی، کچھ کرو۔ صاف کہا کہ آپ کی مدد نہیں کر سکتا، ہاں مشورہ دے سکتا ہوں، اور وہ یہ کہ وفاقی کابینہ میں ڈھیروں وزارتیں مشاورتیں خالی ہیں، آئے دن بھرتیاں کرنا پڑتی ہیں، کل ہی 24 کے لشکر نے حلف اٹھایا ہے۔ تم فوراً ایک عرضی وزیراعظم کو ڈال دو، صاف لکھ دو کہ آتا جاتا کچھ نہیں ہے، کرنا ورنا بھی کچھ نہیں ہے، براہ کرم مجھے کوئی وفاقی وزارت الاٹ فرما دیجئے، نہیں تو مشیر یا معاون ہی بنا دیجئے ملکی ترقی اور خوشحالی کے سفر میں ہم سفر بنا لیجئے۔ موصوف کو مشورہ پسند آیا۔ دیکھئے کب حلف

وغیرہ وغیرہ

عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

اٹھاتے ہیں۔ ڈیڑھ جماعتی گرینڈ الائنس کا قومی جرگہ اسلام آباد کے ہوٹل میں ہوا۔ نامعلوم وجوہات کی بنا پر انتظامیہ نے یہ جرگہ روکنے کی کوشش کی لیکن جرگہ تو ہو کر رہا۔ جرگے کی قابل ذکر بات یہ تھی کہ اس میں کوئی قابل ذکر واقعہ سوائے اسے روکنے کی انتظامیاتی کوشش کے نہیں ہوا۔ گرم کھولتی تقریریں خوب ہوئیں اور مدعا بین السطور ان کھولتی ابلتی تقریروں کا یہ تھا کہ سویلین سپریمیسی بحال کرو، موجودہ حکومتوں کو نکال باہر کرو، ان کی جگہ مرشداتی پارٹی کو حکومت دو، مرشد کو پھر سے گود میں لے لو، ایک تقریر پر کچھ الجھن ہوئی۔ مولانا صاحب گلگت والے تقریر کیا کر رہے تھے، لاوا اگل رہے تھے، تکرار کے ساتھ کہہ رہے تھے، تم غدار ہو، تم نے ملک دو ٹکڑے کیا، تم نے سقوط ڈھاکہ کیا، تم غدار ہو۔ تقریر کا شان نزول سمجھ میں نہیں آیا۔ یحیی خاں نیازی خاں کو مرے مدتوں گزر گئیں، ان کی ہڈیاں سفوف ہو گئیں، اب ان گئے گزرے بزرگوں سے غائبانہ خطاب کیوں کیا جا رہا ہے۔ گئے گزرے سے بے احترامی مراد نہ لیجئے، اس کا سادہ معنے یہی ہے کہ چلے گئے، گزر گئے ورنہ بخدا، کم از کم، نیازی خاں کی بے احترامی کا تو سوچا بھی نہیں جا سکتا۔ ڈیڑھ رکنی گرینڈ الائنس کے جرگے کو مولانا فضل الرحمن نے تو ٹرخا دیا البتہ منہ رکھنے کو سینیٹر کامران مرتضی کو جرگے میں شرکت کی اجازت دے دی۔ چنانچہ انہوں نے بھی خطاب کیا۔ گرم تو نہیں تھا، نیم گرم البتہ ضرور تھا۔ گرم بات البتہ انہوں نے اسی رات ایک بڑے ٹی وی چینل کے ایک بڑے شو میں کی۔ فرمایا مولانا فضل الرحمن کا قد اور سائز کم کر کے پختونخواہ میں پی ٹی آئی کو فائدہ پہنچایا گیا۔ اب پی ٹی آئی مناسب غور و فکر کر کے یہ معلوم کرے کہ کامران مرتضی نے کسے ہٹ کیا ہے؟۔ حکومت کو یا پی ٹی آئی کو۔ ویسے بتانے والے بتاتے ہیں کہ فارم 45، 47 کی اصلی تشریح یہی ہے جو مرتضی صاحب نے کر دی ہے۔ ہمارے ملک میں ہر مہینہ مہنگائی کا اور رمضان کا مہینہ سپر مہنگائی کا مہینہ ہوا کرتا ہے چنانچہ سپر بلکہ میگا مہنگائی کی آمد مبارک۔ بسم اللہ وفاقی حکومت نے چینی مزید مہنگی کر کے کر دی ہے۔ کل تک 165 روپے کلو پر بک رہی تھی، آج سے مزید برکت ہو گی۔ ہمارے پڑوسی ملکوں یعنی بھارت اور ایران میں سیٹھ لوگ رمضان میں قیمتیں کم کر دیتے ہیں۔ دور سمندر پار ملکوں سے بھی ایسی خبریں آتی ہیں لیکن ہم منفرد ملک کے رہنے والے ہیں، یہاں ہر شے مہنگی ہو جاتی ہے، معاف کیجئے گا، کر دی جاتی ہے۔ کارخانوں کے مالک سیٹھ لوگ الگ قسم کی دل لگی بھی کرتے ہیں، عوامی محاورے میں اسے آپ مذاخ اڑانا بھی کہہ سکتے ہیں، وہ ایسے کہ فرض کیجئے، کسی پیکنگ کی قیمت 500 روپے ہے، یہ قیمت پیکٹ پر چھپی ہوئی ہے۔ رمضان آنے سے پہلے نئی کھیپ کارخانوں میں بنے گی، اس پر قیمت چھاپی جائے گی۔ 560 روپے، یعنی 60 روپے فی پیک زیادہ۔ اب اس نئی قیمت پر ایک موٹا سا کراس لگایا جائے گا۔ نیچے لکھا ہو گا 550 روپے اور پھر موٹے حروف میں لکھا ہو گا، رمضان کی خوشی میں دس روپے رعایت۔ دکانوں اور سٹوروں پر اور ٹی وی پر اشتہار چلیں گے، احترام رمضان میں پورے دس روپے کی بچت، ایک کے بجائے دو پیکٹ خریدیئے، خوشحال ہو جایئے۔ یہ مذاخ اس لطیفے کو بھی مات کر دیتا ہے جس میں بتایا گیا کہ ایک آدمی ہانپتا کانپتا گھر داخل ہوا اور پھولی ہوئی سانس میں اٹک اٹک کر بیگم سے کہنے لگا، آج میں نے 50 روپے کی بچت کی۔ بیگم نے پوچھا، وہ کیسے۔ کہا، میں گھر آنے کیلئے بس سٹاپ پر پہنچا لیکن بس پر بیٹھا نہیں، اس کے پیچھے بھاگتا رہا اور گھر پہنچ گیا۔ بیگم نے کہا، تم رہے گھامڑ کے گھامڑ، ارے بچت ہی کرنا تھی تو کسی ٹیکسی رکشا کے پیچھے بھاگتے، کم سے کم تین سو روپے کی بچت تو ہو ہی جاتی۔ مہنگائی کے علاوہ ہمارے ہاں ہر مہینہ جرائم کا مہینہ بھی ہوا کرتا ہے اور حسب روایت، رمضان جرائم کا میگا مہینہ۔ کسی بھی سال کے پرانے اخبارات یا ریکارڈ نکال کر دیکھ لیجئے، قتل، چوری، ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری، موبائل فون چھیننے کی وارداتوں سے لے کر اغوا برائے تاوان اور اغوا بنا تاوان، سبھی جرم بڑھ جاتے ہیں۔ رشوت کے نرخ بھی ترقی کر جاتے ہیں اور کام چوری بھی زوروں پر ہوتی ہے۔ روزے اس لئے فرض کئے گئے کہ تم میں تقوی پیدا ہو، ایسا قرآن پاک میں لکھا ہے۔ تقوی کے معنے کیا ہیں، ڈکشنری میں لکھے ہیں لیکن ہمارے ہاں کھاتے پیتے طبقات نے اس کا اپنا ہی ترجمہ کیا ہے اور اس ترجمے کی رو سے تقوی نمود و نمائش کو کہتے ہیں۔ چنانچہ افطار پارٹیاں، پکنک پارٹی کی طرح ہوتی ہیں اور کثرت سے ہوتی ہیں۔ ایک غریب اور بے مایہ آدمی افطار کیلئے 50 روپے خرچ کرنے کی بھی سکت نہیں رکھتا، ان افطار پارٹیوں پر فی کس 5 سے دس ہزار روپے خرچ کر دیئے جاتے ہیں۔ لوگ بن ٹھن کر ان پارٹیوں میں آتے ہیں۔ لباس اور کروفر کی نمائش، کھانے کی میز پر اشیائے خورد و نوش کی سرپلس بہاریں، یہ ہے ہمارے مترفین) ایلیٹ، سیمی ایلیٹ کلاس ( کا تقوی کل ایک صاحب تشریف لائے، فرمایا، دس سال سے ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہا ہوں، گھر پر بیٹھے بیٹھے بور ہو جاتا ہوں، پنشن پر گزارا ہے۔ کسی سے کہہ سن کر میرے لئے کسی نوکری کا بندوبست تو کروا دو۔ اور ہاں، کام وام مجھے کوئی نہیں آتا، کچھ کرنے کی عمر بھی نہیں، سفارش میں اس کا بھی خیال رکھنا۔ حیران ہو کر عرض کیا کہ میری ایسی رسائی کہاں۔ ہوتی تو خود دس سال سے گھر پر کیوں بیٹھا ہوتا، میری تو پنشن بھی کوئی نہیں۔ لیکن وہ صاحب نہیں مانے، کہا، ضرور تمہاری واقفیت ہو گی، کچھ کرو۔ صاف کہا کہ آپ کی مدد نہیں کر سکتا، ہاں مشورہ دے سکتا ہوں، اور وہ یہ کہ وفاقی کابینہ میں ڈھیروں وزارتیں مشاورتیں خالی ہیں، آئے دن بھرتیاں کرنا پڑتی ہیں، کل ہی 24 کے لشکر نے حلف اٹھایا ہے۔ تم فوراً ایک عرضی وزیراعظم کو ڈال دو، صاف لکھ دو کہ آتا جاتا کچھ نہیں ہے، کرنا ورنا بھی کچھ نہیں ہے، براہ کرم مجھے کوئی وفاقی وزارت الاٹ فرما دیجئے، نہیں تو مشیر یا معاون ہی بنا دیجئے ملکی ترقی اور خوشحالی کے سفر میں ہم سفر بنا لیجئے۔ موصوف کو مشورہ پسند آیا۔ دیکھئے کب حلف اٹھاتے ہیں۔ ڈیڑھ جماعتی گرینڈ الائنس کا قومی جرگہ اسلام آباد کے ہوٹل میں ہوا۔ نامعلوم وجوہات کی بنا پر انتظامیہ نے یہ جرگہ روکنے کی کوشش کی لیکن جرگہ تو ہو کر رہا۔ جرگے کی قابل ذکر بات یہ تھی کہ اس میں کوئی قابل ذکر واقعہ سوائے اسے روکنے کی انتظامیاتی کوشش کے نہیں ہوا۔

---

# رمضان برکات کے ساتھ فرائض اور زکو کی ادائیگی

ماہ رمضان مسلمانوں کیلئے اللہ کی خاص رحمت کرم برکات اور انسانی خواہشات کو قربان کرنے صبر ضبط اور انسانیت کا سبق سیکھنے اور اپنوں کی قدر اور اللہ کے قریب ہونے کا وقت عبادات کیساتھ ساتھ انصاف حقوق کی ادائیگی اور اپنے گھروں میں اسلام کی تبلیغ اور عملی نمونہ بن کے اسلام کا راستہ بتانے کا اہم فریضہ بھی ادا کرنا ہر مسلمان بالغ اور شعور رکھنے والے ہر شخص کی اجتماعی ذمہ داری جو مسلم معاشرے کی تشکیل میں آپ کو عملی اور باکردار مسلمان کے طور پر پیش کرنے اور پورے سال کے لیے تیاری کا موقع مہیا کرتا ہے اور آپ کو بھی اپنی ٹیوننگ کا وقت ملتا ہے اور باعمل ہونے کیلئے ماحول بھی ملتا ہے اس کے ساتھ انسانیت کی خدمت کے لیے زکو جیسے اہم ترین واجب فرض کی ادائیگی کا موقع بھی جس کی رمضان میں ادائیگی آپ کے ثواب کو کئی گنا بڑھا دیتی ہے اور دوسروں کے احساس کو سمجھنے کی توفیق بھی اللہ آپ کو دیتا ہے زکو ہر صاحب نصاب پر واجب ہے کسی قسم کی معافی نہیں ہے  زکو کے لفظی معنی ہیں طہارت و برکت اور بڑھنا  اصطلاح شریعت میں زکو کہتے ہیں اپنے مال کی مقدار متعین کے اس حصہ کو جو شریعت نے مقرر کیا ہے کسی مستحق کو مالک بنا دینا زکو کے لغوی معنی اور اصطلاحی معنی دونوں کو سامنے رکھ کر یہ سمجھ لیجیے کہ یہ فعل یعنی اپنے مال کی مقدار متعین کے ایک حصہ کا کسی مستحق کو مالک بنا دینا ( مال کے باقی ماندہ حصے کو پاک کر دیتا ہے اس میں حق تعالی کی طرف سے برکت عنایت فرمائی جاتی ہے اور اس کا وہ مال نہ صرف یہ کہ دنیا میں بڑھتا اور زیادہ ہوتا ہے بلکہ آخروی طور پر اللہ تعالی اس کے ثواب میں اضافہ کرتا ہے اور اس کے مالک کو گناہوں اور دیگر بری خصلتوں مثلاً بخل وغیرہ سے پاک وصاف کرتا ہے اس لیے اس فعل کو زکو کہا جاتا ہے۔ زکوۃ کو صدقہ بھی اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ فعل اپنے مال کا ایک حصہ نکالنے والے کے دعوی ایمان کی صحت و صداقت پر دلیل ہوتا ہے۔ زکو کب فرض ہوئی ؟ صدقہ فطر 2 ہجری میں واجب کیا گیا تھا زکو کی فرضیت کے بارے میں اگرچہ علما کے یہاں اختلافی اقوال ہیں مگر صحیح قول یہ ہے کہ زکو کی فرضیت کا حکم ہجرت سے پہلے مکہ میں نازل ہو گیا تھا مگر اس حکم کا نفاذ مدینہ میں ہجرت کے دوسرے سال رمضان کی پہلی تاریخ کو ہوا ہے گویا زکو یکم رمضان 2 ہجری میں فرض قرار دی گئی اور اس کا اعلان کیا گیا۔ زکو تمام امتوں پر فرض تھی اجتماعی طور پر یہ مسئلہ ہے کہ زکو انبیا کرام پر فرض و واجب نہیں ہے البتہ جس طرح سابقہ تمام امتوں پر نماز فرض تھی اسی طرح امت محمدی سے پہلے ہر امت پر زکو فرض تھی ہاں زکو کی مقدار اور مال کی تحدید میں اختلاف ضرور رہا ہے لیکن یہ بات طے ہے کہ زکو کے بارے میں اسلامی شریعت کے احکام بہت آسان اور سہل ہیں جب کہ سابقہ انبیا کی شریعتوں میں اتنی آسانی نہیں تھی۔ زکو کی اہمیت اور اس کی تاکید قرآن مجید میں بتیس جگہ زکو کا ذکر نماز کے ساتھ فرمایا گیا ہے جس سے نہ صرف یہ کہ نماز روزہ اور زکو دونوں کے کمال اتصال کا اظہار ہوتا ہے بلکہ یہ زکو کی فضیلت وتاکید کی دلیل بھی ہے پھر یہ کہ قرآن کریم میں بہت سی جگہ زکو کا علیحدہ بھی ذکر فرمایا گیا ہے اللہ تعالی نے زکو ادا کرنے والوں کو دنیاوی و آخروی اجر وثواب اور سعادت و نیک بختی کے دل کش و سچے وعدوں سے سرفراز فرمایا ہے اور اس کی ادائیگی سے باز رہنے والوں کو جیسے سخت عذاب کی خبر دی گئی ہے کہ اللہ شاہد اہل ایمان کے قلوب ان کے تصور سے بھی کانپ اٹھتے ہیں کیسے بدبخت ہیں وہ لوگ جو اس اہم فریضہ کی ادائیگی سے باز رہتے ہیں اور ان عذابوں کو برداشت کرنے کے لیے تیار ہو گئے ہیں۔ ) العیاذ باللہ ( چونکہ زکو اسلام کا ایک بڑا رکن ہے اور اس کی فرضیت قطعی ہے اس لیے زکو کا انکار کرنے والا کافر اور زکو ادا نہ کرنے والا فاسق اور شدید ترین گناہ گار ہوتا ہے بلکہ علما لکھتے ہیں کہ زکو نہ دینے والا اس قابل ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے ) محیط السرخسی ( مال پر ایک سال کامل گزر جانے کے بعد صاحب نصاب پر علی الفور زکو واجب ہو جاتی ہے یہاں تک کہ اس کی ادائیگی میں تاخیر گناہ گار بناتی ہے بعض حضرات نے کہا ہے کہ سال پورا ہو جانے پر علی الفور زکو واجب نہیں ہوتی بلکہ علی التراخی واجب ہوتی ہے یہاں تک کہ موت کے وقت گناہ گار ہوتا ہے۔ زکو کن لوگوں پر فرض ہے ہر اس آزاد عاقل اور بالغ مسلمان پر زکو فرض ہے جو نصاب ) یعنی مال کی وہ خاص مقدار جس پر شریعت نے زکو فرض کی ہے ( کا مالک ہو اور مال کامل ایک سال تک اس کی ملکیت میں رہا ہو نیز وہ مال دین یعنی قرض اور ضرورت اصلیت سے فارغ ہو اور نامی ) یعنی بڑھنے والا ہو ( خواہ حقیقۃ خواہ تقدیرا اسی طرح مال میں اس کی ملکیت پوری طرح اور کامل ہو۔ کافر، غلام دیوانے اور نابالغ لڑکے پر زکو واجب نہیں ہے اور نہ اس مالک نصاب پر زکو واجب ہے جس کے نصاب پر پورا ایک سال نہ گزرا ہو، ہاں اگر کوئی شخص سال کی ابتدائی اور آخری حصوں میں مالک نصاب رہے اور درمیان مالک نصاب نہ رہے تو اسے زکو ادا کرنی ہو گی کیونکہ یہ بھی پورے ایک سال ہی کے حکم میں ہو گا۔ قرض دار پر اس کے بقدر قرض مال میں زکو فرض نہیں ہاں جو مال قرض سے زائد ہو اور وہ حد نصاب کو پہنچتا ہو تو اس میں زکو واجب ہو گی لیکن یہ بات ملحوظ رہے کہ وہ قرض زکو کے لیے مانع وجوب ہے جس کا مطالبہ بندوں کی طرف سے ہو، چنانچہ نذر، کفارات فطرہ اور ان جیسے دوسرے مطالبات جن کا تعلق صرف اللہ جل شانہ کی ذات سے ہے اور کسی بندے کو ان کا مطالبہ کرنے کا حق نہیں پہنچتا زکو کے لیے مانع وجوب نہیں ہیں۔ ہاں ایسے قرض جن کا تعلق ہے تو اللہ تعالی ہی سے مگر ان کے مطالبہ وصول کرنے کا حق بندوں کو پہنچتا ہے جیسے زکو عشر، خراج وغیرہ کہ امام وقت اللہ تعالی کی جانب سے ان کا مطالبہ کر سکتا ہے تو یہ بھی زکو کے لیے مانع وجوب ہیں مگر امام وقت اور حاکم مال ظاہر میں مطالبہ کر سکتا ہے مثلاً مویشی وہ مال تجارت جو شہر میں لایا جائے یا شہر سے باہر لے جایا جائے اور نقدی لیکن وہ مال جس کی تجارت صرف شہر کے اندر اندر ہی محدود ہو اس میں حاکم کا مطالبہ اور اگر بیوی مہر کا تقاضا کرتی ہو تو اس کے مہر کے بقدر مال میں زکو واجب نہیں ہو گی۔ بحرالرائق میں ہے کہ معتمد مسلک یہ ہے کہ فرض زکو اور صدقہ فطر کے لیے مانع وجوب ہے نیز مطلقاً قرض مانع ہے خواہ معجل ہو یا موجل، اگرچہ بیوی کا مہر موجل ہی کیوں نہ ہو جس کی مدت تاجیل طلاق یا موت پر ختم ہو جاتی ہے لیکن بعض حضرات فرماتے ہیں کہ مہر موجل زکو کے لیے مانع وجوب نہیں ہے کیونکہ عام طور پر اس کا مطالبہ نہیں ہوا کرتا بخلاف مہر معجل کے کہ اس کا مطالبہ ہوتا ہے مگر بعض علما نے اس بارے میں یہ لکھا ہے کہ اگر خاوند ادائیگی مہر کا ارادہ رکھتا ہو تو مہر موجل زکو کے لیے مانع

**تحریر: محمد اکرم خالد**

وجوب ہے ورنہ نہیں کیونکہ اس کا شمار قرض میں نہیں ہوتا۔ ضرورت اصلیہ کا مطلب ضرورت اصلیہ سے مراد یہ چیزیں ہیں رہائش کا مکان، پہننے کے کپڑے خانہ داری کے اسباب سواری کی چیزیں مثلاً گھوڑا گاڑی موٹر سائیکل وغیرہ خدمت کے غلام استعمال کے ہتھیار، اہل علم کے لیے ان کی کتابیں کاریگر کے واسطے اس کے پیشہ کے اوزار وغیرہ، لہذا مثال کے طور پر اگر کسی شخص نے کوئی مکان تجارت کی نیت سے لیا اور وہ مکان اس کی رہائش سے فارغ بھی ہو تو اس میں زکو واجب ہو گی اسی طرح دوسری چیزوں کو بھی قیاس کیا جا سکتا ہے اگر مکان و غلام وغیرہ اپنی ضرورت وحاجت سے فارغ ہوں اور ان کی تجارت کی نیت نہ ہو تو پھر ان میں زکو واجب نہیں ہو گی۔ کامل ملکیت ابھی پہلے زکو واجب ہونے کی شرائط بیان کرتے ہوئے یہ شرط بھی بیان کی گئی تھی کہ مال میں اس کی ملکیت پوری طرح اور کامل ہو۔ لہذا اس کامل ملکیت سے مراد یہ ہے کہ مال کا اصل مالک بھی ہو اور وہ مال اس کے قبضہ وقدرت میں بھی ہو جو مالک ملک اور قبضہ میں نہ ہو یا ملک میں ہو قبضے میں نہ ہو یا قبضہ میں ہو تو اس پر زکو فرض نہیں۔ لہذا مکاتب کے کمائے ہوئے مال میں زکو نہیں نہ خود مکاتب پر نہ اس کے مولی پر اس لیے کہ وہ مال مکاتب کی ملکیت میں نہیں گو اس کے قبضہ میں ہے اسی طرح مولی کے قبضہ میں نہیں ہے گو ملک میں ہے۔ اسی طرح ضمار میں بھی زکو واجب نہیں ہوتی کیونکہ وہ مال ملکیت میں تو ہوتا ہے مگر قبضہ میں نہیں ہوتا۔ مال ضمار اس کو کہتے ہیں جو اپنی رسائی سے باہر ہو اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں وہ مال جو جاتا رہے یعنی گم ہو جائے، وہ مال جو جنگل میں دفن کر دیا گیا ہو مگر وہ جگہ کہ جہاں اسے دفن کیا گیا تھا بھول جائے، وہ مال جو دریا میں غرق ہو گیا، وہ مال جسے کوئی شخص زبردستی چھین لے مگر اس کا کوئی گواہ نہ ہو، وہ مال جو کسی ظالم نے ڈنڈے کے طور لے لیا۔ وہ مال جو کسی نے بطور قرض لیا اور بعد میں قرض دار قرض کا منکر ہو گیا اور کوئی تمسک یا گواہی اس کی نہ ہو۔ پس مال ضمار کی یہ دو قسمیں ہیں کہ اگر ان میں سے کوئی مال ہاتھ لگ جائے تو اس مال میں پچھلے دنوں کی زکو واجب نہیں ہو گی ہاں اگر وہ مال ہاتھ لگ جائے جو جنگل میں بلکہ گھر میں دفن کر کے اس کی جگہ بھول گیا تھا تو جب بھی وہ مال نکلے گا اس میں پچھلے دنوں کی زکو واجب ہو گی۔ اسی طرح قرض کے اس مال میں بھی زکو واجب ہو گی جس سے قرض دار انکار نہ کرتا ہو خواہ وہ قرض دار تونگر ہو یا مفلس اور یا اگر انکار کرتا ہو تو کوئی تمسک یا گواہی ہو یا خود قاضی یہ جانتا ہو کہ اس نے اتنا مال قرض لیا تھا لیکن اس مال میں زکو اس تفصیل کے ساتھ واجب ہو گی کہ اگر وہ قرض مال تجارت کے بدلہ میں ہو تو جب نصاب کا پانچواں حصہ وصول ہو جائے تو پچھلے دنوں زکو ادا کرے، اگر وہ قرض مال تجارت کے بدلہ میں نہ ہو مثلاً گھر کے پہننے کے کپڑے فروخت کئے یا خدمت کا غلام فروخت کیا یا رہائش کا مکان فروخت کیا اور ان کی قیمت خریدنے والے کے ذمہ قرض رہی تو اس میں پچھلے دنوں کی زکو اسی وقت واجب ہو گی جب کہ بقدر نصاب وصول ہو جائے، اگر قرض اس چیز کے بدلہ میں ہو جو مال نہیں ہے جیسے مہر، وصیت اور بدل خلع وغیرہ تو اس میں زکو اسی وقت واجب ہو گی جب کہ بقدر نصاب وصول ہو جائے اور اس پر پورا ایک سال گزر جائے یعنی اس میں پچھلے دنوں کی زکو واجب نہیں ہو گی بلکہ صرف اسی سال کی زکو واجب ہو گی جس میں کہ وہ مال پر قابض رہا لیکن یہ حکم اسی شخص کے بارے میں ہے جو پہلے سے صاحب نصاب نہ ہو اگر پہلے سے صاحب نصاب ہو گا تو یہ مال اس کے حق میں بمنزلہ مال مستفاد کے ہو گا، پہلے مال کے ساتھ اس مال کی بھی زکو واجب ہو گی اور ایک سال کا گزرنا شرط نہیں ہو گا۔ ادائیگی زکو کے لیے نیت شرط ہے ادائیگی زکو کے لیے یہ شرط ہے کہ زکو دینے والا زکو دیتے وقت نیت کرے یعنی دل میں یہ ارادہ کرے کہ میرے اوپر جس قدر مال کا دینا فرض تھا میں محض اللہ تعالی کی خوشنودی کے لیے دیتا ہوں یا جس وقت اپنے مال میں سے زکو کا حصہ نکالے اسی وقت زکو کی نیت کرے کہ میں اس قدر جو زکو دینے کے لیے ہے نکالتا ہوں۔ اگر کوئی شخص اپنا تمام مال اللہ کی راہ میں خیرات کر دے اور زکو کی نیت نہ کرے تو اس کے ذمہ زکو ساقط ہو جاتی ہے یعنی اس پر زکو کا مطالبہ باقی نہیں رہتا بشرطیکہ اس نے وہ مال کسی اور واجب کی نیت سے نہ دیا ہو زکو کو ساقط کرنے کے لیے حیلہ کرنا مکروہ ہے یعنی اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ مال زکو کی ادائیگی سے بچ جائے اور اس کی صورت یہ کرے کہ جب سال پورا ہونے کو ہو تو کچھ دن پہلے اپنا مال دوسرے کو ہبہ کر کے اسے قابض کر دے اور اس طرح زکو کی ادائیگی سے بچ جائے اگرچہ اس صورت سے زکو تو ساقط ہو جاتی ہے مگر یہ کوئی اچھا فعل نہیں ہے۔ اگر کسی شخص نے کوئی غلام تجارت کے لیے خریدا مگر بعد میں اس سے خدمت لینے کی نیت ہو گئی تو وہ غلام تجارت کے لیے نہیں رہے گا بلکہ خدمت ہی کے لیے ہو جائے گا اس میں زکو واجب نہیں ہو گی۔ اسی طرح اگر کسی شخص نے کوئی غلام خدمت کی نیت سے خریدا پھر بعد میں اس نے تجارت کی نیت کر لی تو وہ غلام اس وقت تک تجارت کے حکم میں داخل نہیں ہو گا جب تک کہ وہ شخص اسے فروخت نہ کرے۔ فراخشگی کے بعد اس کی قیمت میں زکو واجب ہو جائے گی۔ نصاب کی تعریف نصاب زکو مال کی اس خاص مقدار کو کہتے ہیں جس پر شریعت نے زکو فرض کی ہے اور جس مقدار سے کم مال میں زکو فرض نہیں ہوتی مثلاً اونٹ کے لیے پانچ اور پچیس وغیرہ کا عدد، بکری کے لیے چالیس اور ایک ایکس وغیرہ کا عدد اور چاندی کے لیے دو سو درہم اور سونے کے لیے بیس مثقال۔ نصاب کی قسمیں نصاب کی دو قسمیں ہیں۔ نامی یعنی بڑھنے والا مال اور غیر نامی یعنی نہ بڑھنے والا مال پھر نامی کی دو قسمیں ہیں حقیقی اور تقدیری حقیق کا اطلاق تو تجارت کے مال اور جانور پر ہوتا ہے کیونکہ تجارت کا مال نفع سے بڑھتا ہے اور جانور بچوں کی پیدائش سے بڑھتے ہیں۔ تقدیری کا اطلاق سونے چاندی پر ہوتا ہے کہ یہ چیزیں بظاہر تو نہیں بڑھتیں لیکن بڑھنے کی صلاحیت رکھتی ہیں نصاب غیر نامی کا اطلاق مکانات اور خانہ داری کے ان اسباب پر ہوتا ہے جو ضرورت اصلیہ کے علاوہ ہوں۔ نصابی اور غیر نصابی میں فرق نصاب نامی اور غیر نامی میں فرق یہ ہے کہ نصاب نامی کے مالک پر تو زکو فرض ہوتی ہے نیز اس کے لیے دوسرے زکو نذر اور صدقات واجبہ کا مال لینا درست نہیں ہوتا اور اس کے لیے صدقہ فطر دینا اور قربانی کرنا واجب ہوتا ہے۔ نصاب غیر نامی کے مالک پر زکو فرض نہیں ہوتی مگر اس کے لیے بھی زکو نذر اور صدقہ واجبہ کا مال لینا درست نہیں ہوتا نیز اس پر بھی صدقہ فطر دینا اور قربانی کرنا واجب ہوتا ہے۔ مشکو شریف : جلد دوم : حدیث 7 6 2 ہر شخص اپنے وسائل کے حوالے سے معاملات کا تعین کرنے کا از خود ذمہ دار اور جواب دہ ہو گا انسان اپنا احتساب خود کر سکتا ہے اور اللہ سے کچھ پوشیدہ نہیں اسلئے اللہ کی رضا کیلئے اس کے دیئے ہوئے مال سے زکو ادا کرنے میں تامل نہ برتیں۔

---

# وزیراعظم کا کامیاب دورہ وسطی ایشیا!!

دنیا جہاں ٹیکنالوجی کی ترقی کے بعد ایک گلوبل ولیج کی حیثیت اختیار کر چکی ہے وہیں ترقی یافتہ ممالک مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے نئے بلاکس کے تحت اپنے معاشی اور تجارتی اہداف مقرر کر رہے ہیں۔ خصوصاً حالیہ چند سالوں میں وسطی ایشیائی خطہ پوری دنیا کی نگاہوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ترکی، آذربائیجان، ترکمانستان، ازبکستان جہاں سیاحت کے ذریعے دنیا کو اپنی جانب متوجہ کر رہے ہیں وہیں معیشت اور ترقی کیلئے بھی نئے اہداف مقرر کر رہے ہیں۔ یوں تو پاکستان کے اقوام عالم سے تعلقات مضبوط ہیں لیکن وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کی کامیاب خارجہ پالیسی کی بدولت نہ صرف دوست ممالک بلکہ وسطی ایشیائی ممالک سے بھی تعلقات میں مزید گرمجوشی پیدا ہو رہی ہے۔ گزشتہ دنوں ہی پاکستان کے معزز مہمان اور دوست ترک صدر رجب طیب ایردوان اپنی اہلیہ کے ہمراہ پاکستان کا کامیاب دورہ کر کے گئے اور دونوں ممالک میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ اسی طرح گزشتہ سال آذربائیجان کے صدر عزت مآب الہام علیوف نے بھی دورہ پاکستان پر دونوں ممالک نے اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ خصوصاً آستانہ میں بھی ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان، وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف اور آذربائیجان کے صدر الہام علی یوف نے سہ فریقی ملاقات میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیساتھ ساتھ سہ فریقی تجارت کے حوالے سے بھی اتفاق کیا تھا۔ اس موقع پر بھی وزیراعظم شہباز شریف نے تینوں ممالک کے مابین معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں سہ فریقی تعاون کو فروغ دینے کیلئے حکمت عملی ترتیب دینے کی ضرورت پر بھی بھرپور زور دیا تھا۔ خصوصاً پاکستان ترکیہ اور آذربائیجان میں معیشت، توانائی، سیاحت، موسمیات، ثقافت، تعلیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سہ فریقی تعاون کے فروغ کے حوالے سے بھی پاکستان کا موقف اور آمادگی ظاہر کی تھی۔ اسی تسلسل میں وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف دو روزہ سرکاری دورہ پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو پہنچے تو وزیراعظم شہباز شریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم کی آذربائیجان کے صدر سے ملاقات میں دونوں راہنماؤں نے تعلقات کو مزید فروغ دینے کیساتھ ساتھ نئے معاہدوں پر بھی اتفاق کیا جن میں توانائی، انفراسٹرکچر، سرمایہ کاری اور رابطے کے شعبے شامل ہیں جبکہ آذربائیجان کے صدر نے مختلف اہم معاہدوں پر دستخط کے لیے وزیراعظم کی اپریل 2025 میں دورہ پاکستان کی دعوت بھی قبول کر لی۔ وزیراعظم کے حالیہ دورہ وسطی ایشیا میں جو چیز متاثر کن اور حوصلہ افزا ثابت ہوئی ہے وہ وزیراعظم کا بزنس فورم کی تقاریب سے خطاب اور انعقاد ہے۔ بزنس فورم کے ذریعے پاکستان میں مزید بیرونی سرمایہ کاری کے دروازے بھی کھلیں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف دو روزہ دورہ آذربائیجان مکمل کر کے جب ازبکستان پہنچے تو وہاں بھی وزیراعظم محمد شہباز شریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ ازبک صدر سے ملاقات میں دونوں ممالک میں مزید سرمایہ کاری، رابطوں کے شعبوں سمیت مختلف منصوبوں کے معاہدے کئے گئے۔ ازبکستان میں بھی بزنس فورم کی تقریب سے دونوں راہنماؤں کا خطاب حوصلہ افزا اور مستقبل کے حوالے سے دونوں ممالک کے تعلقات کی مضبوطی کو ثابت کرتا

**تحریر: حیدر علی**

ہے۔ وسطی ایشیائی ممالک دنیا میں ایک نئی پہچان کے ساتھ ابھر رہے ہیں خصوصاً پاکستان میں چین کی جانب سے سی پیک منصوبے کے بعد چین کے بھی وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ جس طرح پاکستان، چین، ترکیہ، ازبکستان، آذربائیجان کے تعلقات مزید مضبوط ہو رہے ہیں اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے تجارتی معاہدے کئے جا رہے ہیں مستقبل میں بہت جلد بڑی معاشی منڈیاں ثابت ہوں گی۔ اس حوالے سے سابق وزیراعظم اور صدر مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کی بھی کاوشیں شامل ہیں میاں محمد نواز شریف کے سابق وزارت عظمی کے دور میں چین، ترکیہ اور وسطی ایشیائی ممالک میں تعاون اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے حوالے سے میاں صاحب نے بھی 2016 میں وسطی ایشیا کا دورہ کیا تھا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے حالیہ دوروں اور دو طرفہ نئے معاہدوں سے نہ صرف پاکستان کے وسطی ایشیائی ممالک سے روابط مضبوط ہوں گے بلکہ پاکستان میں مزید بین الاقوامی سرمایہ کاری سے معیشت بھی مضبوط ہو گی۔ کی ضرورت پر بھی بھرپور زور دیا تھا۔ خصوصاً پاکستان ترکیہ اور آذربائیجان میں معیشت، توانائی، سیاحت، موسمیات، ثقافت، تعلیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سہ فریقی تعاون کے فروغ کے حوالے سے بھی پاکستان کا موقف اور آمادگی ظاہر کی تھی۔ اسی تسلسل میں وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف دو روزہ سرکاری دورہ پر آذربائیجان کے دارالحکومت باکو پہنچے تو وزیراعظم شہباز شریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ وزیراعظم کی آذربائیجان کے صدر سے ملاقات میں دونوں راہنماؤں نے تعلقات کو مزید فروغ دینے کیساتھ ساتھ نئے معاہدوں پر بھی اتفاق کیا جن میں توانائی، انفراسٹرکچر، سرمایہ کاری اور رابطے کے شعبے شامل ہیں جبکہ آذربائیجان کے صدر نے مختلف اہم معاہدوں پر دستخط کے لیے وزیراعظم کی اپریل 2025 میں دورہ پاکستان کی دعوت بھی قبول کر لی۔ وزیراعظم کے حالیہ دورہ وسطی ایشیا میں جو چیز متاثر کن اور حوصلہ افزا ثابت ہوئی ہے وہ وزیراعظم کا بزنس فورم کی تقاریب سے خطاب اور انعقاد ہے۔ بزنس فورم کے ذریعے پاکستان میں مزید بیرونی سرمایہ کاری کے دروازے بھی کھلیں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف دو روزہ دورہ آذربائیجان مکمل کر کے جب ازبکستان پہنچے تو وہاں بھی وزیراعظم محمد شہباز شریف کا بھرپور استقبال کیا گیا۔ ازبک صدر سے ملاقات میں دونوں ممالک میں مزید سرمایہ کاری، رابطوں کے شعبوں سمیت مختلف منصوبوں کے معاہدے کئے گئے۔ ازبکستان میں بھی بزنس فورم کی تقریب سے دونوں راہنماؤں کا خطاب حوصلہ افزا اور مستقبل کے حوالے سے دونوں ممالک کے تعلقات کی مضبوطی کو ثابت کرتا ہے۔ وسطی ایشیائی ممالک دنیا میں ایک نئی پہچان کے ساتھ ابھر رہے ہیں خصوصاً پاکستان میں چین کی جانب سے سی پیک منصوبے کے بعد چین کے بھی وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ رابطے مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ جس طرح پاکستان، چین، ترکیہ، ازبکستان، آذربائیجان کے تعلقات مزید مضبوط ہو رہے ہیں اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے تجارتی معاہدے کئے جا رہے ہیں مستقبل میں بہت جلد بڑی معاشی منڈیاں ثابت ہوں گی۔ اس حوالے سے سابق وزیراعظم اور صدر مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کی بھی کاوشیں شامل ہیں میاں محمد نواز شریف کے سابق وزارت عظمی کے دور میں چین، ترکیہ اور وسطی ایشیائی ممالک میں تعاون اور مشترکہ ترقیاتی اہداف کے حوالے سے میاں صاحب نے بھی 2016 میں وسطی ایشیا کا دورہ کیا تھا۔

---

# ہوٹل میں اپوزیشن کا "قومی کنونشن" روکنے کی حکومتی ضد

منگل کی دوپہر سے مسلسل سوچ رہا ہوں۔ جمعرات کی صبح اٹھ کر یہ کالم لکھتے وقت تک مگر یہ جاننے میں ناکام رہا کہ حکومت اسلام آباد میں اپوزیشن کا دو روزہ کنونشن روکنے کی ضد میں مبتلا کیوں رہی۔ وسیع تر تناظر میں سوچیں تو تحریک انصاف 8 فروری 2024 کے روز ہوئے انتخاب کے نتیجے میں واحد اکثریتی جماعت کی حیثیت میں ابھرنے کے باوجود وفاق میں حکومت بنانے کی کوشش کرتی دکھائی ہی نہ دی۔ محض یہ الزام دہراتی رہی کہ اس کا مینڈیٹ چرایا گیا ہے۔ فروعی بحث میں وقت ضائع کرنے کے بجائے مان لیتے ہیں کہ الزام درست تھا۔ اس الزام کو مگر وہ حکومت تشکیل دینے کے بعد کئی اعتبار سے سچا ثابت کر سکتی تھی۔ واحد اکثریتی جماعت کی حیثیت میں ابھرنے کے بعد اسے تھوڑی لچک دکھانے کی ضرورت تھی۔ پیپلز پارٹی کے ساتھ روابط استوار کرتے ہوئے ان سے کم از کم ویسی ہی حمایت حاصل کی جا سکتی تھی جو یہ جماعت ان دنوں شہباز حکومت کو فراہم کر رہی ہے۔ اس جانب مگر غصے سے مغلوب ہوئی تحریک انصاف نے توجہ دینے کا تردد ہی نہیں کیا۔ اپنی شناخت قربان کر کے سنی اتحاد کونسل میں شامل ہو گئی تاکہ اسے پارلیمانی جماعت تسلیم کیا جائے اور اس حیثیت میں خواتین اور اقلیتی ارکان کے لئے نشستیں بھی میسر ہو جائیں۔ یہ الگ بات ہے کہ سنی اتحاد کونسل میں ادغام کے باوجود یہ ہدف بھی حاصل نہ ہو پایا۔ تحریک انصاف کے کئی دوستوں کے روبرو مذکورہ بالا سوال اٹھائے تو وہ مصر رہے کہ مقتدرہ انہیں حکومت بنانے ہی نہ دیتی۔ اس حوالے سے اٹھایا ہر قدم رائیگاں کی سمت ہی لے جاتا۔ بحث میں الجھنے کے بجائے میں یہ کہنے کو مجبور ہو جاتا ہوں کہ تحریک انصاف نے ہمیں یہ موقعہ ہی نہ دیا کہ مقتدرہ کو انہیں حکومت بنانے سے روکتا ہوا دیکھیں۔ اس کی خواہش عیاں ہو جاتی تب تحریک انصاف اجتماعی استعفوں کے ذریعے ویسا ہی ماحول بنا سکتی تھی جو حکومت مخالف اتحاد نے 7 مارچ 1977 کے انتخاب کے بعد دھاندلی کے الزام لگاتے ہوئے حاصل کیا تھا اور اس کی بنیاد پر حکومت



نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

مخالف تحریک کا آغاز کر دیا۔ ملکی سیاست کا دیرینہ طالب علم ہوتے ہوئے سنجیدگی سے محسوس کرتا ہوں کہ فروری 2024 کے آخری ہفتے میں تحریک انصاف کیلئے عوامی ہمدردی کے جذبات انتہا کو چھو رہے تھے۔ تحریک انصاف کی قیادت یا تو ان جذبات کا درست اندازہ نہ لگا پائی یا انہیں سیاسی طور پر استعمال کرنے میں قطعاً ناکام رہی۔ اس کی صفوں میں پھیلے کنفیوژن کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شہباز شریف نے ایم کیو ایم وغیرہ کے ساتھ مل کر اتحادی حکومت بنائی۔ پیپلز پارٹی نے اس میں شمولیت کے بغیر حمایت کا اعلان کر دیا اور اس کے بدلے صدر، گورنر اور چیئرمین سینٹ جیسے آئینی عہدے حاصل کر لئے۔ کئی حوالوں سے اپنے جثے سے زیادہ حصہ وصول کر لیا۔ حکومت تشکیل دینے میں ناکام ہو جانے کے بعد تحریک انصاف کو پارلیمان کی کارروائی میں بھی حصہ لینا چاہیے تھا۔ پارلیمانی قواعد وضوابط کے ماہرانہ استعمال کی بدولت 1985 میں غیر جماعتی بنیادوں پر منتخب ہوئی قومی اسمبلی میں موجود اپوزیشن نے جنرل ضیا کے سائے تلے قائم ہوئی حکومت کو دیوار سے لگائے رکھا۔ 1997 میں نواز شریف دوسری بار ہیوی مینڈیٹ کے ساتھ وزیر اعظم کے منصب پر لوٹے تو پیپلز پارٹی صرف 18 اراکین کے ساتھ اپوزیشن نشستوں پر موجود تھی۔ پارلیمانی قواعد وضوابط کو مہارت سے استعمال کرتے ہوئے اس نے بھی ہیوی مینڈیٹ والی حکومت کو پریشان رکھا۔ پارلیمانی داؤ پیچ پر توجہ دینے کے بجائے تحریک انصاف نے تین مرتبہ خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلی کے ہمراہ آئے لشکر کے ذریعے قلعہ اسلام آباد فتح کرنے کی کوشش کی۔ ناکام رہی۔ مسلسل ناکامیوں نے تحریک انصاف کو بالآخر مجبور کیا کہ وہ شہر جاناں میں خود کو یک وتنہا مرد مجاہد تصور نہ کرے۔ دیگر سیاسی جماعتوں کی اہمیت بھی تسلیم کرے اور ان سے روابط کے ذریعے حکومت کے خلاف وسیع تر اتحاد قائم کرنے پر توجہ دے۔ بدھ اور جمعرات کے دو روز تحریک انصاف اسی مقصد کی خاطر قومی کنونشن منعقد کرنا چاہ رہی تھی۔ اس کا انعقاد ہی اس امر کا اعتراف تھا کہ حکومت کو لشکری یلغار کے ذریعے گرایا نہیں جا سکتا۔ لمبا سفر ہے جس کے لئے زیادہ سے زیادہ اتحادی درکار ہیں۔ اس پہلو پر توجہ دینے کی بجائے حکومت اس امر پر ڈٹ گئی کہ حکومت مخالف جماعتوں کو اسلام آباد میں قومی کنونشن کے انعقاد کے لئے کوئی ہوٹل اپنا ہال نہ دے۔ تمام ہوٹلوں کی جانب سے انکار ہو گیا تو میرے ایک عمومی طور پر قابل اعتبار ذریعے کے مطابق اپوزیشن کے چندرہ نمائندوں نے مولانا فضل الرحمن سے رابطے کئے۔ ان کی کاوشوں سے مبینہ طور پر اسلام آباد کے ایک ہوٹل نے منگل اور بدھ کی درمیانی رات کے تین بجے اپوزیشن کے قاصدوں سے دو روزہ کنونشن کا بیعانہ وصول کر لیا۔ بدھ کی صبح سے شام تک کنونشن بھی ہو گیا۔ اس سے خطاب کرتے ہوئے صحافیوں سے متعلقہ سیشن کے دوران ہمارے کئی ساتھیوں نے تحریک انصاف کے رویے کو سخت تنقید کا نشانہ بھی بنایا۔ سول سوسائٹی کے اکثر رہنماؤں نے بھی بدھ کے روز ہوئی تقاریر کے دوران سیاسی جماعتوں کے اجتماعی رویوں کو مقامی جمہوریت کے منافی ٹھہرایا۔ حکومت کے لئے یہ تنقید تسکین کا باعث ہونا چاہیے تھی۔ قومی کنونشن میں ہوئی تنقیدی تقاریر کے باوجود حکومت نے ہوٹل کی انتظامیہ پر دباؤ ڈالا کہ وہ جمعرات کے دن یہ کنونشن منعقد ہونے نہ دے۔ کنونشن کے منتظمین کو جب اس کی اطلاع دی گئی تو وہ چراغ پا ہو گئے۔ سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی ایک ٹی وی شو کی ریکارڈنگ چھوڑ کر اس ہوٹل کے گیٹ کے باہر تشریف لائے۔ وہاں اپوزیشن کے دیگر عمائدین کے ہمراہ انہوں نے اعلان کیا کہ جمعرات کے دن بھی کنونشن ہر صورت جاری رہے گا۔ یہ کالم لکھنے تک مجھے علم نہیں کہ جمعرات کے روز بھی قومی کنونشن جاری رہ سکا یا نہیں۔ میں تو مسلسل اس سوال کا جواب ڈھونڈ رہا ہوں کہ یلغار بھلا کر کسی ہوٹل میں بیٹھ کر نئی حکمت عملی کی تلاش کے لئے مجبور ہوئی تحریک انصاف کو حکومت دیوار سے لگانے کو کیوں بضد ہے۔ اس کا رویہ اب صرف تحریک انصاف کے خلاف ہی جارحانہ نہیں رہا۔ دیگر کئی سیاسی جماعتیں اور رائے عامہ کے نمائندے جو تحریک انصاف پر واجب تنقید سے بھی باز نہیں رہتے اب دشمنوں کی صف میں بے سبب دھکیلے جا رہے ہیں۔

اشاعتِ خاص

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

قرآن پاک کی اس آیت کے مطابق زندگی گزاریں: وَعَجِلْتُ اِلَیْکَ رَبِّ لِتَرْضٰی (سورۃ طٰہٰ۔85) ترجمہ: اے پروردگار میں نے تیری طرف آنے میں جلدی کی تاکہ تو خوش ہو

# اللہ تعالیٰ کو توبہ کرنے میں جلدی کرنا پسند ہے

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ مَاتَ عَلٰی شَیْءٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ (رواہ الحاکم) جس حالت میں آدمی فوت ہوگا، اسی پر اسے قیامت کے دن اٹھایا جائے گا

**علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی**

معلمہ ہمیشہ اپنے شاگردوں کو نصیحت کرتی تھی کہ قرآن پاک کی اس آیت کے مطابق زندگی گزاریں: وَعَجِلْتُ اِلَیْکَ رَبِّ لِتَرْضٰی (سورۃ طٰہٰ۔ 85) ترجمہ: اے پروردگار میں نے تیری طرف آنے میں جلدی کی تاکہ تو خوش ہو۔ وہ کہا کرتی تھیں کہ میں اس آیت سے بہت متاثر ہوں جب بھی میں اذان کی آواز سنتی ہوں اور اگر میں کسی بھی کام میں مصروف ہوں، میں اپنے آپ کو یہ آیت یاد دلاتی ہوں اور سب کچھ چھوڑ کر نماز ادا کرنے کھڑی ہو جاتی ہوں رات کو 2 بجے جب تہجد کا الارم بجتا ہے اور میں گہری نیند میں مزید سونا چاہتی ہوں تو یہ آیت مجھے یاد آتی ہے اور مجھے جگاتی ہے۔

اس خاتون کے شوہر کی عادت تھی کہ کام سے واپس گھر آتے وقت وہ اسے فون پر کھانے کے متعلق ہدایات دیتا تاکہ اس کے گھر پہنچنے پر گرما گرم کھانا تیار ملے اور وہ کھانا کھا کر سو جائے۔ ایک دن اس نے فون پر کھانے کی فرمائش کی (انگور کے پتوں میں چاول بھرے جاتے ہیں اور پھر ان کو ہلکی آنچ پر پکنے رکھا جاتا ہے بہت وقت طلب ڈش ہے) اتنی دیر میں اذان کی آواز سنائی دی تو اس کے صرف تین رولز رہ گئے تھے (جن کے بھرنے میں زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ لگتے) لیکن اس نے حسب عادت سب کام چھوڑے اور نماز ادا کرنے کھڑی ہوگئی، اس خاتون کا شوہر اسے بار بار فون کرتا رہا لیکن کوئی جواب موصول نہیں ہوا جب وہ گھر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ اس کی بیوی سجدے میں ہے اور کھانا ابھی تک تیار نہیں ہے اس نے دیکھا کہ صرف تین رولز بھرنے رہ گئے ہیں تو اسے شدید غصہ آیا اور اسی غصے کے عالم میں اس نے اپنی بیوی کو ڈانٹنا شروع کر دیا "تم اپنا کام ختم کر کے دیگچی چولہے پر رکھ کر بھی نماز ادا کر سکتی تھی، تین رولز بنانے میں کتنی دیر لگتی ہے۔ لیکن اس کی بیوی کی طرف سے کوئی جواب نہ آیا جب وہ اس کے پاس آیا اور اس کے قریب بیٹھ گیا۔ بیٹھ جانے سے اس کا غصہ بھی ٹھنڈا ہو گیا۔ اس نے کافی نرم اور شریں لہجہ میں اپنی بیوی کو مخاطب کیا مگر اب تک وہ معلمہ سجدے سے نہ اٹھ سکیں پھر اس نے دیکھا کہ سجدے کی حالت میں اس کا انتقال ہو چکا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اللہ کے درمیان کلام ہوا۔ وہ سوال و جواب قرآن میں بیان ہوا۔ مذکورہ بالا آیت ایک سوال کا جواب ہے۔ اللہ کریم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے سوال کیا: وَمَاۤ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ یٰمُوْسٰی سورۃ نمبر 20 طہٰ۔

ترجمہ: اور اے موسیٰ تم نے اپنی قوم سے (آگے چلے آنے میں) کیوں جلدی کی؟ حضرت موسیٰ نے یہ عرض کیا: وَعَجِلْتُ اِلَیْکَ رَبِّ لِتَرْضٰی (سورۃ طٰہٰ۔85) ترجمہ: اے پروردگار میں نے تیری طرف آنے میں جلدی کی تاکہ تو خوش ہو۔ سبحان اللہ اگر اس نے ہماری طرح یہ سوچا ہوتا کہ چلو کوئی بات نہیں پہلے اپنا کام ختم کر لیتے ہیں پھر نماز پڑھ لیں گے تو اس کا انتقال کچن میں ہوتا۔ لیکن ایک شخص کا انتقال اسی حالت میں ہوتا ہے جس پر وہ ساری زندگی گزارتا ہے اور اسی حالت میں وہ دوبارہ اٹھایا جائے گا۔ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: مَنْ مَاتَ عَلٰی شَیْءٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ (رواہ الحاکم) جس حالت میں آدمی فوت ہوگا، اسی پر اسے قیامت کے دن اٹھایا جائے گا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اچھے خاتمہ کا سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمارے تمام کام سنوار دے اور ہمارے اعمال کی اصلاح فرمائے، بے شک وہ سننے والا، قبول کرنے والا اور بہت قریب ہے۔ اللہ والوں کا خوف کرنا برحق ہے۔ وہ ڈرتے ہیں کہ کہیں اللہ تعالیٰ انہیں گناہوں کے بدلے رسوا نہ کرے اور وہ نقصان والے نہ ہو جائیں وہ اپنے گناہوں سے ڈرتے بھی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کی امید بھی رکھتے ہیں۔ اللہ کی خفیہ تدبیر سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیئے۔۔۔ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہوا: اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ فَلَا یَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ (سورۃ نمبر 7 الاعراف۔ آیت نمبر 99) ترجمہ: "کیا یہ لوگ اللہ کی خفیہ تدبیر کا خوف نہیں رکھتے (سن لو کہ) اللہ کی خفیہ تدبیر سے وہی لوگ بے خوف ہوتے ہیں جو خسارہ پانے والے ہیں" تو کیا یہ لوگ اللہ کی ناگہانی پکڑ سے بیفکر ہو گئے سو (یاد رکھو کہ) اللہ کی خفیہ تدبیر سے صرف وہی لوگ بیفکر ہوتے ہیں جن کی شامت آگئی ہو۔ اللہ کی دی ہوئی ڈھیل' ایک وقت تک راحت و نعمت میں رکھتا ہے پھر اچانک نامعلوم راستہ سے عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے جس طرح کہ پہلی قوموں سے اس نے کیا۔ جنہوں نے کفر و معصیت کا ارتکاب کیا اور نظر و بصیرت سے کام لے کر اپنے حال کا گزشتہ اقوام کے حال سے تقابل نہیں کیا وہ ہی لوگ نقصان میں ہیں۔ آج ہم جس قدر بے فکر اور گناہ پر نڈر ہو گئے ہیں ماضی میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی۔۔۔ کاش! کہ اب ہم سمجھیں۔ کاش! کہ ہم واپس اللہ کی طرف پلٹ جائیں۔

---

# مومن کی صفتِ عظیم..... غصہ کو پی جانا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ "غصہ آگ کی چنگاری ہے۔ تم میں سے جو شخص اسے محسوس کرے اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور بیٹھا ہو تو لیٹ جائے"

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے جلال و جمال کا مظہر بنایا ہے۔ دونوں صفات اعتدال پر ہوں تو انسان اشرف المخلوقات ورنہ جلال یعنی غصہ حد سے بڑھ جائے تو باعث ندامت بن جاتا ہے۔ غصہ کے ہمیشہ انسان کی شخصیت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ندامت و شرمندگی کا اس کو سامنا کرنا پڑتا ہے۔ افراد معاشرہ میں نفرت جنم لیتی ہے۔ جبکہ صبر و حلم اور غصہ کو پی جانا عزت، اچھی شہرت اور نیک نامی کا باعث بنتا ہے۔ آج کل معاشرہ کو غصہ عروج پر ہے اور ہر کوئی چاہے وہ سیاسی ہو یا مذہبی شخص غصہ سے بھرا پڑا ہے۔ معاف کرنا، درگزر کرنا اور غصہ کا پی جانا جیسے ہمارے معاشرے سے اٹھا لیا گیا ہو۔ انہی سخت حالت کے پیش نظر فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ کی مایہ ناز تصنیف تنبیہ الغافلین سے اکتباس فیض کر کے نظر قارئین یہ مضمون کیا جاتا ہے۔ غصہ کا علاج اور اس کی رو سے بہترین اور بد ترین لوگ: فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ "غصہ آگ کی چنگاری ہے۔ تم میں سے جو شخص اسے محسوس کرے اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور بیٹھا ہو تو لیٹ جائے۔"

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد مبارک بھی نقل کرتے ہیں کہ: "غصہ سے بہت بچتے رہو کہ وہ ابن آدم کے دل میں آگ پیدا کرتا ہے۔" کبھی دیکھا ہے کہ جب کسی کو غصہ آتا ہے تو اس کی آنکھیں کیسی سرخ ہو جاتی ہیں اور رگیں کیسے پھولنے لگتی ہیں؟ جب تم میں سے کسی کو یہ صورت پیش آئے تو اسے لیٹ جانا چاہیے اور مناسب ہے کہ زمین کے ساتھ چمٹ جائے۔ نیز ارشاد فرمایا کہ تم میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو جلدی غضب ناک ہو جاتے ہیں اور جلدی ان کا غصہ فرو ہو جاتا ہے۔ یہ دونوں باتیں ایک دوسرے کا بدل بن جاتی ہیں۔ اور کچھ لوگ ہیں جنہیں غصہ دیر سے آتا ہے مگر زائل بھی دیر ہی سے ہوتا ہے۔ یہاں بھی ایک بات دوسری کا بدل بن گئی۔ اور تم میں سے بہتر لوگ وہ ہیں جنہیں غصہ دیر سے آتا ہے مگر جلدی زائل ہو جاتا ہے اور بدترین وہ لوگ ہیں جنہیں غصہ بہت جلد آتا ہے اور بہت دیر سے جاتا ہے۔

غصہ کو پی لینے کی فضیلت اور اس کے واقعات: حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص غصہ کو پی جائے حالانکہ وہ اس کے تقاضے کو پورا کر سکتا تھا مگر پھر بھی دبا گیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے دل کو اپنی رضا سے بھر دے گا۔

کہتے ہیں کہ انجیل میں یہ بات لکھی ہوئی ہے "اے ابن آدم! تو اپنے غصے کے وقت مجھے یاد کر، میں اپنے غصے کے وقت تجھے یاد کروں گا۔ اور تو اپنے لئے میری نصرت پر راضی ہو جا کہ یہ تیرے لئے تیری نصرت سے کہیں بہتر ہے۔ منقول ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے ایک آدمی کو جس نے آپ کو ناراض کیا تھا یوں کہا کہ اگر تو نے مجھے غضب ناک نہ کیا ہوتا تو میں تجھے سزا دیتا۔ اس قول میں والکاظمین الغیظ۔ کی طرف اشارہ ہے کہتے ہیں کہ ایک دفعہ آپ نے ایک مدہوش آدمی کو دیکھا۔ ارادہ کیا کہ اسے پکڑ کر نشہ پینے کی سزا دیں کہ اس نے آپ کو گالی دی۔ آپ نے چھوڑ دیا۔ عرض کیا گیا امیر المومنین کیا وجہ ہے کہ اس نے گالی دی اور آپ نے چھوڑ دیا۔؟ فرمایا اس کی گالی پر مجھے غصہ آگیا۔ اب اگر میں اسے سزا دوں گا تو میرے ذاتی غصہ کا دخل بھی اس میں شامل ہوگا اور مجھے یہ پسند نہیں کہ کسی مسلمان کو اپنے ذاتی غصہ کی وجہ سے سزا دوں۔ کہتے ہیں کہ میمون بن مہران رحمۃ اللہ علیہ کی باندی شوربا لئے جا رہی تھی۔ پاؤں اکھڑ گیا اور شوربا میمون پر گرا۔ میمون نے اسے مارنا چاہا۔ باندی نے عرض کیا آقا! والکاظمین الغیظ پر عمل کیجئے۔ کہنے لگے بہت اچھا۔ باندی نے عرض کیا اور اس کے بعد والے کلمہ والعافین عن الناس پر بھی غور کیجئے۔ کہنے لگے بہت اچھا! میں نے معاف کر دیا۔ باندی پھر عرض کرنے لگی کہ حضور! اس سے آگے واللہ یحب المحسنین بھی تو ہے۔ میمون نے کہا میں احسان بھی کرتا ہوں۔ جا! تو اللہ کیلئے آزاد ہے۔

تین خصلتوں کے بغیر ایمان کی حلاوت نصیب نہیں ہوتی: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد عالی ہے جس میں تین خصلتیں نہیں وہ ایمان کی حلاوت نہیں پا سکتا۔ 1۔۔۔ ایسی بردباری جس سے کسی کا علاج ہو سکے۔ 2۔۔۔ ایسا تقویٰ جو اسے حرام سے روک سکے۔

3۔۔۔ ایسا خلق جس سے لوگوں کو گرویدہ کر سکے۔

صبر اور حلم کی فضیلت: بعض متقدمین میں سے ایک کا ذکر ہے کہ اس کے پاس ایک گھوڑا تھا جو اسے بہت پسند تھا۔ ایک دن آئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ گھوڑا تین ٹانگوں پر کھڑا ہے۔ غلام سے پوچھا یہ کس کا کام ہے۔ اس نے جواب دیا کہ یہ میں نے ہی کیا ہے۔ پوچھا کیوں؟ تو اس نے کہا اس لئے کہ تجھے صدمہ اور تکلیف پہنچے۔ کہنے لگے بس! میں بھی اسے یعنی شیطان کو غم پہنچاؤں گا جس نے تجھے اس کام پر لگایا۔ جا! تو آزاد ہے اور یہ گھوڑا بھی تیری ملک ہے۔

صبر اور حلم کا ثمرہ: فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کو حلم اور صبر والا ہونا چاہئے کہ یہ متقی لوگوں کی عادات میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں حلم والوں کی تعریف فرمائی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یہ تو ایک ایسی حقیقت ہے جسے اپنانے والوں کو ثواب دیا جاتا ہے اور وہ اجر عظیم پاتے ہیں۔ (القرآن) یہ صفت اختیار کرنے سے تیرا دشمن بھی قریبی دوست بن جائے گا۔" اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مدح میں صفت حلم کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے: "واقعی ابراہیم بڑے حلیم الطبع، رحیم المزاج اور رقیق القلب تھے۔" (القرآن) حلیم درگزر کرنے والے کو کہتے ہیں اور منیب وہ شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت پر لگا رہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی صبر اور حلم کی تلقین فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ انبیاء سابقین بھی اسی صفت پر قائم تھے آپ بھی اسی پر چلیں: "کفار کی ایذا اور تکذیب پر اسی طرح سے صبر اختیار کیجئے جیسا کہ ان انبیاء کرام نے صبر کیا جنہیں کفار کے ساتھ جہاد کا حکم دیا گیا تھا۔" (القرآن) اولوالعزم ایسے لوگوں کو کہتے ہیں جو کسی بات پر ثابت قدم رہتے ہیں اور جم جاتے ہیں۔ حسن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: "اور جب جہلاء ان سے جہالت کی بات کرتے ہیں تو وہ رفع شر کی بات کرتے ہیں۔" ان کا یہ قول حلم کی وجہ سے ہے اور لوگ اگر ان کے ساتھ جہالت سے پیش آتے ہیں تو وہ بردباری دکھاتے ہیں۔ ایک عابد کا قصہ: وہب بن منبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بنی اسرائیل میں ایک عابد تھا۔ شیطان نے اسے بہکانا چاہا مگر کامیاب نہ ہوا۔ عابد ایک دن کہیں باہر گیا۔ شیطان بھی اس تاک میں اس کے ساتھ ہو لیا کہ شاید کوئی موقعہ ملے۔ چنانچہ شہوت اور غضب کے ذریعہ اسے بہکانا چاہا مگر ناکام رہا۔ پھر ڈرانے کی صورت اختیار کی اور پتھر کی ایک چٹان اس کے سر کے قریب کر دی۔ عابد نے اللہ کا نام لیا وہ دور ہٹ گئی۔ پھر یہ شیر اور درندوں کی شکلوں میں ظاہر ہونے لگا مگر عابد اللہ تعالیٰ کے ذکر میں لگا رہا اور ادھر دھیان تک نہ کیا۔ پھر اس نے ایک سانپ کی شکل بنائی۔ عابد نماز پڑھتا تھا یہ اس کے پاؤں سے لپٹنے لگا حتیٰ کہ جسم پر سے ہوتا ہوا سر تک پہنچ گیا۔ وہ سجدہ کا ارادہ کرتا یہ اس کے چہرہ پر لپٹ جاتا۔ وہ سجدہ کیلئے سر جھکاتا یہ لقمہ بنانے کیلئے منہ کھول دیتا مگر وہ اسے ہٹا کر سجدہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ نماز سے فارغ ہوا تو شیطان کہنے لگا کہ یہ سب حرکتیں تیرے ساتھ میں نے ہی کی ہیں مگر میں کسی میں بھی کامیاب نہ ہو سکا۔ اب تو میرا ارادہ ہے کہ تیرے ساتھ دوستی لگا لوں اور آج کے بعد تجھے بہکانے کا خیال تک بھی دل میں نہ لاؤں۔ عابد نے کہا ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ نہ تو پہلے تیرے ڈرانے پر مجھے کوئی خوف ہوا اور نہ ہی آج تیری دوستی کی مجھے حاجت ہے۔ شیطان کہنے لگا کہ اپنے اہل و عیال کا حال مجھ سے پوچھ کہ تیرے بعد ان پر کیا گزرے گی۔ عابد نے جواب دیا کہ میں تو اس وقت مر چکا ہوں گا۔ شیطان کہنے لگا کہ پھر یہی پوچھ لے کہ میں بنی آدم کو کیسے گمراہ کرتا ہوں؟ عابد نے کہا یہ بتا دے کہ انہیں گمراہ کرنے میں تو کیسے کامیاب ہوتا ہے؟ کہنے لگا تین چیزوں سے: بخل سے، غصہ سے اور مدہوشی سے۔ ایک انسان جب بخیل ہوتا ہے تو ہم اس کا مال اس کی نگاہوں میں قلیل دکھاتے ہیں جس سے وہ حقوقِ واجبہ میں صرف کرنے سے رک جاتا ہے۔

> اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے جلال و جمال کا مظہر بنایا ہے، دونوں صفات اعتدال پر ہوں تو انسان اشرف المخلوقات ورنہ جلال یعنی غصہ حد سے بڑھ جائے تو باعث ندامت بن جاتا ہے

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

# صنعت و تجارت نیوز

# معیشت نامہ

## کمپری ہینسو سکول کے زیر اہتمام تقسیم انعامات اور فیئر ویل کے موقع پر پروقار تقریب منعقدہ ہوئی

### سرپرست اعلیٰ چوہدری نوید احمد وڑائچ، چیئرمین وارث ندیم وڑائچ، ڈائریکٹر اکرام اللہ وڑائچ، ایڈیشنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سید اعجاز کاظمی ودیگر کی شرکت

سرگودھا (عبدالمنان چودھری سے) کمپری ہینسو سکول کے زیراہتمام تقسیم انعامات اور فیئر ویل کے موقع پر پروقار تقریب منعقدہ ہوئی جس میں سرپرست اعلی چوہدری نوید احمد وڑائچ، چیئرمین وارث ندیم وڑائچ، ڈائریکٹر اکرام اللہ وڑائچ، ایڈیشنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سید اعجاز کاظمی، پرنسپل 49 ٹیل کیمپس احسن چیمہ، محمد اسلم، امجد محمود بھٹی، خالد وڑائچ سمیت شہر بھر سے مختلف مکاتب فکر سے نامور شخصیات کی بڑی تعداد شریک تھی اس موقع پر کمپری ہینسو سکول کی جانب سے سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے کلاس دہم کے طلباء کے اعزاز میں فیئر ویل پارٹی کا اہتمام کیا گیا جبکہ کلاس نہم اور دہم کے شائننگ سٹار سٹوڈنٹ کو تعریفی سرٹیفکیٹس میڈلز اور شیلڈز پیش کی گئیں شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سرپرست اعلی کمپری ہینسو سکول چوہدری نوید احمد وڑائچ و دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ کمپری ہینسو گروپ آف سکولز اینڈ کالجز طلباء کو بہترین تعلیمی معیار نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں، بچوں کو دینی تعلیم کے ساتھ اخلاقی تربیت فراہم کر رہا ہے کمپری ہینسو کا منشور ملک بھر میں علم کی شمع کو روشن کرنا اور تعلیم کو عام کرتے ہوئے ہر فرد کو وطن عزیز کا فعال شہری بنانا ہے تقریب میں آنے والے مہمانان گرامی کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئی جبکہ طلباء نے حمد و نعت ملی نغمے اور مختلف ٹیبلو پیش کیئے آخر میں ملک کے نامور گلوکار ساون علی نے اپنی خوبصورت آواز کے ذریعے حاضرین سے خوب داد وصول کی اس موقع پر تمام شرکاء کے لیے پر تکلف عشائیہ کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔

## رمضان المبارک رحمتوں برکتوں اور گناہوں کی معافی کا مہینہ ہے

### رمضان المبارک ہمیں اخوت ہمدردی اور غمگساری کا درس دیتا ہے۔علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) رمضان المبارک رحمتوں برکتوں اور گناہوں کی معافی کا مہینہ ہے رمضان المبارک ہمیں اخوت ہمدردی اور غمگساری کا درس دیتا ہے۔علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی۔ جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں کے خطیب مفتی نوید اقبال چشتی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک ہمیں غریبوں کا احساس دلاتا ہے یہ وہ بابرکت مہینہ ہے جس میں نوافل کا ثواب فرائض کے برابر اور فرائض کا ثواب ستر گنا بڑھا دیا جاتا ہے، مسلمانوں کو ماہ رمضان کی عظمت وفضیلت سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ جملہ عبادات کی طرف راغب کرنے کیلئے ہمیں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، مسلمانوں کو توحید وسنت کی پیروی اور اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر اپنی طرز حیات اور تجارت کو اسلام کے تابع بنانا ہوگا تاکہ معاشرے سے غیر اسلامی رسومات کا خاتمہ ممکن ہو سکے، مسلمانوں کو عبادات کے بعد اللہ تعالی کے حضور گڑ گڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگنی چاہئے اور آئندہ گناہوں سے بچنے کا عہد کرنا چاہئے اسی میں فلاح و کامرانی کا راز مضمر ہے اور یہی اللہ تعالی کی خوشنودی کے حصول کا راستہ ہے۔

## رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے:علی شہزاد اسلم بھٹی

### اس بابرکت مہینے میں مستحق اور ضرورتمندوں کا ضرور خیال رکھیں:سماجی شخصیت

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے اس کی ہر ساعت اللہ کی رحمت اور بخشش کے وسیلے لے کر آتی ہے ہمارے لیے بہترین موقع ہے کہ توبہ کر کے اللہ سے معافی مانگ کر اس کے پسندیدہ بندے بن جائیں روزہ دار کیلئے بہت بڑا اجر ہے رمضان المبارک امت مسلمہ کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں روزہ سے روحانی جسمانی اور باطنی بیماریاں دور ہوتی ہیں یوں یہ طبی لحاظ سے بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اس بابرکت مہینے میں مستحق اور ضرورتمندوں کا ضرور خیال رکھیں جہاں تک ممکن ہو سکے ان کیلئے سحری وافطاری کیلئے آسانی پیدا کریں مخلوق کی خدمت بہترین عبادت ہے اللہ کی رضا اور خوشنودگی کیلئے مخلوق خدا کی مدد کرنا بہترین عمل ہے۔

## سرکاری سطح پر رمضان بازار نہ لگ سکا:شہری پریشان

### انجمن تاجران صدر بازار نارنگ نے اپنی مدد آپ کے تحت سستا سٹال لگا لیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرکاری رمضان سہولت بازار نہ لگ سکے بلدیہ میں لگنے والا سستی چینی کا سٹال بھی فعال نہ ہو سکا حکومتی دعوے دھرے رہ گئے دوسری طرف انجمن تاجران صدر بازار نارنگ نے اپنی مدد آپ کے تحت سستا سٹال لگا لیا جس میں پھل آٹا بیسن سمیت سحری وافطاری کے اوقات میں استعمال ہونے والی اشیاء بغیر منافع کے مہیا کی جا رہی ہیں اہل علاقہ نے حکومت کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ بھاری ٹیکسز کے باوجود عام آدمی کے لئے سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں رمضان المبارک میں ہر سال غریب خاندانوں کے لئے ریلیف فراہم کیا جاتا تھا لیکن اس دفعہ کوئی اقدامات نہیں کیے گئے جو لمحہ فکریہ ہے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں ایسا سلوک کیا جا رہا ہے جبکہ غیر اسلامی ممالک میں رمضان المبارک میں ریلیف فراہم کیا جاتا ہے۔

## انسانی سمگلروں کے خلاف ایف آئی اے گوجرانوالہ زون متحرک جہلم سمیت دیگر شہروں سے انسانی سمگلر گرفتار

جہلم (بیورو رپورٹ) انسانی سمگلروں کے خلاف ایف آئی اے گوجرانوالہ زون متحرک جہلم سمیت دیگر شہروں سے انسانی سمگلر گرفتار تفصیلات کے مطابق گجرانوالہ ایف آئی اے پوری طرح متحرک ہو گئی ہے انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری اغواء، تشدد، انسانی سمگلنگ میں ملوث 6 انسانی سمگلرز گرفتار گرفتار انسانی سمگلرز میں 3 اشتہاری بھی شامل گرفتار ملزمان کی شناخت محمد عارف حسین، ابرار علی، امتیاز علی محمد ایان بٹ، آصف رضا، ذکا اللہ عرف احسان اللہ سیفی شامل گرفتار سمگلرز کو جہلم، ڈسکہ، سیالکوٹ، شیخوپورہ اور گجرانوالہ سے گرفتار کیا گیا۔ملزم ابرار علی نے 6 شہریوں کو یورپ بھجوانے کا جھانسہ دے کر 2 کروڑ روپے سے زائد کی رقم وصول کی ملزم نے شہریوں کو وزٹ ویزے پر موریطانیہ بھجوایا ملزم نے شہریوں کو موریطانیہ سے کشتی کے ذریعے یورپ بھجوانے کی کوشش کی شہریوں نے غیر قانونی طور پر کشتی کے ذریعے یورپ سفر کرنے سے صاف انکار کر دیا اور واپس آ گئے ملزم آصف رضا سال 2022 سے اشتہاری ہے ملزم نے شہریوں کو یورپ بھجوانے کے لیے 1 کروڑ 35 لاکھ روپے سے زائد بٹورے ملزم نے شہریوں کو یورپ کی بجائے آذربائیجان بھجوا دیا آذربائیجان میں مقیم ملزم کے ساتھیوں نے شہریوں کو محصور کر لیا اور تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔

## میاں جلیل احمد شرقپوری کی ایڈووکیٹ ملک آصف نسوآنہ کو صدر لاہور ہائی کورٹ بار منتخب ہونے پر مبارکباد

### اس موقع پر ایڈووکیٹ فرید احمد بھٹی اور ایڈووکیٹ اسلم سہوترہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے

شرقپور شریف (نامہ نگار) میاں جلیل احمد شرقپوری کی ایڈووکیٹ ملک آصف نسوآنہ کو صدر لاہور ہائی کورٹ بار منتخب ہونے پر مبارکباد تفصیلات کے مطابق رکن صوبائی اسمبلی میاں جلیل احمد شرقپوری نے ایڈووکیٹ ملک آصف نسوآنہ کو لاہور ہائی کورٹ بار کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر ایڈووکیٹ فرید احمد بھٹی اور ایڈووکیٹ اسلم سہوترہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔میاں جلیل احمد شرقپوری نے گفتگو کے دوران نہ صرف سیاسی بلکہ عدالتی نظام میں بھی اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کو اپنے پیشے کی اخلاقیات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے مؤکل کی وکالت سے انکار کر دینا چاہیے، جس کے جھوٹا ہونے کا علم ہو جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی کیس کا گواہ تین مرتبہ عدالت میں پیش ہو جائے اور مخالف وکیل جان بوجھ کر جرح سے گریز کرے تو جج کو گواہ کی گواہی نوٹ کر لینی چاہیے، اور چوتھی مرتبہ گواہ کو بلانے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے تاکہ انصاف میں غیر ضروری تاخیر سے بچا جا سکے۔میاں جلیل شرقپوری نے وکلاء نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ عوام کو جلد انصاف کی فراہمی کے لیے اپنی تجاویز پیش کریں تاکہ عدالتی نظام میں بہتری لائی جا سکے۔

## نارنگ منڈی:سحر وافطار میں سوئی گیس کی عدم فراہمی

### روزہ داروں کا پارہ ہائی خواتین بلبلا اٹھیں مشکلات کا سامنا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) رمضان المبارک میں بھی سوئی گیس صارفین کو پریشانی مکمل پریشر بحال نہ ہونے سے اہل علاقہ کو سحری وافطاری میں مشکلات کا سامنا خواتین کا پارہ ہائی حکومتی اعلان کے باوجود سحر وافطار میں میں مکمل سوئی گیس نہ مل سکی حکومتی اعلانات جھوٹ کا بلندہ ثابت ہوئے ہیں سوئی گیس بندش نے خواتین کی مشکلات بڑھا دیں اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ نارنگ کے علاوہ ہر جگہ سوئی گیس بحال ہے یہاں کے لوگوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے خدارا رمضان المبارک ماہ مقدس میں سوئی گیس کی مکمل فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ روزہ دار سحری وافطاری آرام سے کر سکیں۔

## ماہ رمضان میں اشیاء ضروریہ مہنگے داموں فروخت ہونے لگی

پتوکی (نامہ نگار) تحصیل انتظامیہ پتوکی کی عدم توجہ ماہ رمضان میں اشیاء ضروریہ مہنگے داموں فروخت ہونے لگی، منافع خور پھل، سبزیاں، مصالحے، گوشت، چینی اور گھی مقررہ نرخوں سے مہنگے بیچنے لگے، حکام سے نوٹس کا مطالبہ۔تفصیل کے مطابق گزشتہ روز ملک بھر کی طرح پتوکی میں بھی رمضان المبارک کا پہلا دن تھا جس پرائس کنٹرول ٹیموں اور تحصیل انتظامیہ کی غفلت اور عدم توجہ کے باعث منافع خور متحرک نظر آئے اور بازاروں میں سبزیاں، پھل، گوشت، چینی، آٹا، دالیں، سبز مصالحوں سمیت سلاد کا سامان مقررہ نرخ ناموں سے اضافی رقم پر فروخت کر کے شہریوں کو لوٹتے رہے۔جس پر شہریوں شاہد سلیمان خاں، ملک احسن، شیخ احمد و دیگر کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک میں اشیاء ضروریہ کی قیمتیں کم ہونے کی بجائے آسمانوں پر پہنچ گئی ہیں اس مبارک مہینے میں سبزیوں، پھلوں، گوشت، آٹا، چینی اور گھی سمیت دیگر اشیاء کا مقررہ نرخوں پر دستیاب نہ ہونا حکومتی گڈ گورننس کا پول کھول رہا ہے کہ یہ صرف زبانی جمع خرچ کے علاوہ کچھ نہیں۔جس پر انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سمیت چیف سیکرٹری پنجاب، ڈپٹی کمشنر قصور سے مطالبہ کیا ہے وہ پتوکی و نواح میں منافع خوروں کے خلاف سخت آپریشن عمل میں لا کر رمضان المبارک میں عام عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیاء کی دستیابی یقینی بنائیں۔

## مبارک کالونی کے مکین گندے پانی کے دیرینہ مسئلہ روز بروز شدت اختیار کرنے لگا

### نمازی، راہگیر اور بچے پریشان ہیں۔سیوریج و آب نکاسی سے روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) شہر کی معروف رہائشی آبادی مبارک کالونی کے مکین گندے پانی کے دیرینہ مسئلہ روز بروز شدت اختیار کرنے لگا۔گذشتہ روز شدید بارش اور ژالہ باری سے کسوکے روڈ گلہ المنیب میرج ہال والا، نزد مدرسہ مرکز حیات السلام (اہلحدیث) آب نکاسی و سیوریج عرصہ دو سال سے صورتحال خراب انتہائی خراب ہے۔ نمازی، راہگیر اور بچے پریشان ہیں۔سیوریج و آب نکاسی سے روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے۔بلکہ علاقے میں مختلف بیماریاں بھی پھیلنے کا خدشہ ہے۔مبارک کالونی رہائشیوں کے مطابق سیوریج سسٹم کی ناقص صورتحال اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث علاقے میں پانی کا نکاس ممکن نہیں ہو رہا۔ گلیاں جوہڑ کا منظر پیش کرنے لگتی ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ بچے اور بزرگ سبھی شدید متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ بدبو اور مچھروں کی بھرمار سے مختلف وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ چکا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر واقعی صفائی مہم سنجیدگی سے چلائی جا رہی ہوتی تو ہمارا علاقہ اس قدر مسائل کا شکار نہ ہوتا۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار میونسپل کمیٹی اور متعلقہ حکام کو شکایات درج کرائی جا چکی ہیں، مگر کوئی بھی شنوائی نہیں ہو رہی۔کئی بار وعدے کیے گئے، مگر عملدرآمد نہیں کیا گیا۔جس کے باعث عوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔مبارک کالونی کے رہائشیوں نے ضلعی انتظامیہ اور اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## کیری ڈبہ پر سوار 5 افراد نے 40 سالہ خاتون کو اغوا کر لیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) کیری ڈبہ پر سوار 5 افراد نے 40 سالہ خاتون کو اغوا کر لیا، کوٹ غلام محمد خاں کی رہائشی خاتون کنیز بی بی نے پولیس کو بتایا کہ وہ اپنے بھائی اور بہن کے ہمراہ موٹر سائیکل پر راجہ جنگ سے دفتوہ جا رہی تھی کہ روہی نالہ کے قریب پیچھے آنے والے کیری ڈبہ میں سوار 5 نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل کو روک لیا اور اس کی 40 سالہ بہن شمیم بی بی کو زبردستی کیری ڈبہ میں ڈال کر فرار ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

## خریداری کیلئے بازار آئی 25 سالہ دوشیزہ مبینہ طور پر اغواء

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گاؤں سے شہر خریداری کرنے آئی نوجوان لڑکی مبینہ طور پر غائب والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا تفصیل کے مطابق نواحی گاؤں گھڑیال کلاں کی رہائشی 25 سالہ (ب) بھائی کے ساتھ نارنگ بازار خریداری کرنے آئی اور مبینہ طور پر غائب ہو گئی نارنگ منڈی پولیس نے والد کی مدعیت میں اغواء کا مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی ہے۔

## وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں، اقلیتی برادری کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ ڈی پی او ساہیوال ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی ہدایات پر ضلع بھر کے چرچ ہائے پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔سیکورٹی انتظامات کو چرچ ہائے پر اضافی نفری اور سیکورٹی Gadgets کے ذریعے مزید فول پروف بنایا گیا ہے۔ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان نے جملہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایت کی ہے کہ اپنے اپنے چرچ ہائے کا وزٹ کر کے نفری کو چیک/بریف کریں اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے کر رپورٹ دیں سیکورٹی ڈیوٹی انتہائی الرٹ چوکس ہو کر کریں چرچ ہا✕ کے آس پاس سے گزرنے والوں پر کڑی نظر رکھیں۔چرچ میں آنے والوں کی تلاشی کو یقینی بنائیں۔

## درندہ صفت نوجوان کی 10 سالہ معصوم بچی کو اپنی حوس کا نشانہ بنا دیا

### عطا فرید ولد سید محمد وٹو نے کھانے والی چیز کے بہانے اسے دوکان کے اندر بلا لیا



عارفوالا (نمائندہ قوت) درندہ صفت نوجوان کی 10 سالہ معصوم بچی کو اپنی حوس کا نشانہ بنانے کی کوشش کو بچی کی چیخ و پکار نے ناکام بنا دیا تفصیل کے مطابق تھانہ صدر عارفوالا کے نواحی گاؤں 151 ای بی کے رہائشی عبدالمجید کھرل کی معصوم بیٹی 10 سالہ (نور فاطمہ) گاؤں میں شام کے وقت اپنے چھوٹے بھائی کے ہمراہ دوکان سے چیز خریدنے کیلئے گئی تو دوکان پر موجود درندہ صفت عطا فرید ولد سید محمد وٹو نے کھانے والی چیز کے بہانے اسے دوکان کے اندر بلا لیا اور اسے اپنی حوس کا نشانہ بنانے کیلئے اس کے جسم پر غلط اور نازیبا حرکات کرنے لگا جس پر بچی نے شور واویلا کرنا شروع کر دیا جس پر اہل دیہہ بچی کی چیخ و پکار سن کر اکٹھے ہو گئے جس پر ملزم عطا فرید اہل دیہہ کو آتا دیکھ کر موقع سے فرار ہو گیا بعد ازاں تھانہ صدر عارفوالا میں والد کی مدعیت میں ملزم کیخلاف پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا معصوم بچی کے غریب والدین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ سے اپیل کی ہے کہ زیادتی کرنے کی کوشش کرنے والے درندہ صفت انسان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

## رمضان کی آمد کے ساتھ ہی اشیائے ضروریہ کی قیمتیں اور متوسط وغریب طبقے کی مشکلات مسلسل بڑھ رہی ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) رمضان کی آمد کے ساتھ ہی اشیائے ضروریہ کی قیمتیں اور متوسط وغریب طبقے کی مشکلات مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ رمضان کی آمد کے ساتھ ہی ناجائز منافع خور متحرک ہو گئے ہیں اور مبینہ طور پر اشیاء خورد ونوش فروخت کرنے والی دکانوں پر اپنی گرفت مضبوط کر لی ہے۔غریب عوام کے لیے روزمرہ کی اشیائے ضروریہ خریدنا مزید دشوار ہو گیا ہے۔اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ماہ صیام کے دوران اشیاء کی قیمتیں جان بوجھ کر بڑھائی جا رہی ہیں۔

## حلقہ پی پی 105 کے عوام کی محبت کو فراموش نہیں کر سکتا، چوہدری عادل پرویز سلطان

### حلقہ کے عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا فرض سمجھتا ہوں، پی ٹی آئی کے ضلعی صدر سابق MPA کی خصوصی گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) حلقہ پی پی 105 کے عوام کی جانب سے ملنے والی محبت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا، حلقہ کے عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے چک نمبر 140 گ ب میں چوہدری مظہر ٹھیکیدار کے بڑے بھائی کی نماز جنازہ میں شرکت کے موقع پر ساتھیوں سے بات چیت کے دوران کہی، بعد ازاں محلہ نئی سمندری میں فوت شدگان کے لواحقین کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کیں، محلہ شوکت آباد میں افتخار عرف ننھے شاہ کے بھتیجے، رانا اعجاز کی ہمشیرہ، محلہ سلاٹر ہاؤس میں محمد عتیق کے چھوٹے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کیلئے پہنچے اور مرحومین کے بلندی درجات کیلئے دعائے مغفرت کی جبکہ معروف سماجی شخصیت مرزا محسن علی کی عیادت کیلئے ان کی رہائش گاہ پر پہنچے اور ان کی خیریت دریافت کرتے ہوئے ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ سینئر صحافی محمد اعظم رضا راول، چوہدری امجد گجر، چوہدری ندیم نمبردار، چوہدری مبشر حیات بھی موجود تھے۔

## مسلم لیگ ن کی حکومت عوام کو سہی معنوں میں ریلیف فراہم کر رہی ہے:ضرغام گورائیہ

### 2 لاکھ مستحق خاندانوں میں ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے رقم کی منتقلی خوش آئند ہے:صہیب گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان المبارک میں کیے گئے حکومتی اقدامات لائق تحسین ہیں 2 لاکھ مستحق خاندانوں میں ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے رقم کی تقسیم خوش آئند ہے وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی چینی کے حوالے سے پیشگوئی سچ ثابت ہوئی عام مارکیٹ میں چینی کی قیمتیں بڑھا دی گئی ہیں ملک بھر میں سرکاری سطح پر چینی 130 روپے فی کلو کے حساب سے تقسیم اچھا تحفہ ہے رمضان المبارک میں چینی کی طلب بڑھ جاتی ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت عوام کو سہی معنوں میں ریلیف فراہم کر رہی ہے عوام کی بنیادی ضروریات کا خیال رکھا جا رہا ہے آئندہ بجٹ میں ہر طبقے کیلئے خوشخبریاں ہیں۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

## جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی، مال مسروقہ برآمد

### گرفتار موٹر سائیکل چور ملزم کے قبضہ سے 16 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ محمود الحسن کی سربراہی میں پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں کا سلسلہ جاری ہے۔اے ایس آئی نصر اللہ خان نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور ملزم کو گرفتار کر لیا۔گرفتار موٹر سائیکل چور ملزم کے قبضہ سے 16 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں۔گرفتار موٹر سائیکل چور ملزم ساجد سے مزید تفتیش کا عمل جاری اور مزید اہم انکشافات متوقع ہیں۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے ضلع بھر میں عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے مکمل خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس اسٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

## ایڈیشنل سیشن جج امتیاز ندیم نے تھانہ صدر کے منشیات کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج امتیاز ندیم نے تھانہ صدر کے منشیات کے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔عدالت نے جرم ثابت ہونے پر منشیات فروش جاوید اقبال کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی۔تھانہ صدر پولیس نے منشیات فروش جاوید اقبال کو دولوآنہ سے گرفتار کیا تھا جس کے قبضہ سے 5200 گرام سے چرس برآمد ہوئی تھی۔منشیات فروش کیخلاف تھانہ صدر میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمہ درج تھا۔اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ معیاری تفتیش کیا تھا ثبوتوں کو بہترین انداز میں عدالت کے سامنے پیش کر کے منشیات فروشوں کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔انسداد منشیات کیلئے ضلع بھر میں پولیس آگاہی مہم سمیت بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اپنے جوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے عملی اقدامات کرتے ہوئے منشیات کا خاتمہ کیا جائے گا۔

## 130 کے قریب غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم

### ہر سال فلاحی ادارے اور مخیر حضرات غریب اور ناداروں کی مدد کرتے ہیں



لالیاں (رانا کاشف قیم سے) لالیاں میں انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کے زیر اہتمام 130 کے قریب غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک کا مہینہ جاری ہوتے ہی جہاں فلاحی ادارے اور مخیر حضرات غریب اور ناداروں کی مدد کرتے ہیں۔وہی پر رمضان المبارک کے آغاز پر انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کے زیر اہتمام تحصیل لالیاں کے 300 کے قریب غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔جس کا مقصد خاص اللہ کی رضا اور غریب اور مستحق خاندانوں کی مدد کرنا ہے۔اس موقع پر چیئرمین ٹرسٹ مولانا عتیق الرحمن نے کہا ہم ہر سال اپنے ملک اور اپنے بسنے والے غریب اور مستحق افراد کی مدد کرتے ہیں۔اسی طرح آج لالیاں میں بھی 300 کے قریب غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔ہماری بڑے بڑے سرمایہ داروں سے گزارش ہے کہ انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کا بازو بنیں تاکہ ہم ان کی اور بیوہ خواتین کے گھر کا چولہا ٹھنڈا نا ہو۔راشن تقسیم کے موقع پر مدرسہ عالمیہ کفایت القرآن کے مہتمم حافظ محمد کفایت اللہ۔ اور سماجی شخصیت محمد عمر رضا نے انوار ختم نبوت کے اس مشن کو خراج تحسین پیش کیا

## ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا تھانہ صدر میں کھلی کچہری کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے تھانہ صدر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں ڈی ایس پی سٹی سرکل جھنگ ملک طارق سنگھا، ایس ایچ او تھانہ صدر نواز خان، تفتیشی افسران اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی ڈی پی او نے فرداً فرداً عوام کی شکایات اور مسائل سنے اور عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے شہریوں نے کھلی کچہری کے انعقاد اور جرائم کے خلاف موثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے اعتماد کا بھی اظہار کیا کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کو بروقت انصاف فراہم کرنا ہے انصاف کی فراہمی کے سلسلہ میں کسی سفارش کی ضرورت نہیں ہے مجھ سے براہ راست رابطہ کیا کریں میری تعیناتی کا مقصد صرف اور صرف عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے پولیس ملازمین عوام کے ساتھ اپنا حاکمانہ رویہ چھوڑ کر خادمانہ رویہ اختیار کریں اور شریف شہریوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھیں تاکہ عوام تھانوں کو دار الامان سمجھیں

## پتوکی چور تالے توڑ کر دوکان سے 12 لاکھ روپے لے اڑے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی چور تالے توڑ کر دوکان سے 12 لاکھ روپے لے اڑے۔تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ صدر پتوکی کی حدود حبیب آباد میں نامعلوم چور دوکان کے تالے توڑ کر کاؤنٹر سے 12 لاکھ روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس نے واقعہ کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کر لی۔فوٹیج میں نامعلوم چور کو لوٹ مار کرتے واضح دیکھا جا سکتا ہے۔ تاجروں نے چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر ڈی پی او قصور سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## پولیس نے 15 پر بوگس کال کرنے والے شہری کیخلاف مقدمہ درج کر لیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) پولیس نے 15 پر بوگس کال کرنے والے شہری کیخلاف مقدمہ درج کر لیا، دفتوہ روڈ کے رہائشی عمر فاروق نے 15 پر کال کر کے پولیس کو بتایا کہ ڈکیتی کی واردات میں ڈاکو اس سے 84 ہزار نقدی چھین کر فرار ہو گئے ہیں، پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے تو وقوعہ کی تصدیق نہ ہوئی، جس پر پولیس نے بوگس کال کرنے پر مذکورہ شخص کو گرفتار کر لیا۔

## پتوکی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے حد سے زیادہ رفتار کے باعث ہونے والے مہلک حادثات کی روک تھام کے لیے بھرپور مہم کا آغاز کر دیا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے حد سے زیادہ رفتار کے باعث ہونے والے مہلک حادثات کی روک تھام کے لیے بھرپور مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ایس پی موٹروے عاطف شہزاد کے مطابق اوور اسپیڈنگ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور قواعد کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔

## ریلوے لائن عبور کرتے ہوئے ایک شخص ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں ریلوے لائن عبور کرتے ہوئے ایک شخص ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا۔تفصیلات کے مطابق نواحی قصبہ 8 فور ایل کا رہائشی 63 سالہ پیٹر یعقوب ولد یعقوب مسیح نواحی قصبہ 12 فور ایل کے قریب ریلوے لائن کراس کر رہا تھا۔

## حلقہ پی پی 104 کے عوام کی خدمت کیلئے دن رات موجود ہوں، چوہدری مستقیم مہار

### رمضان المبارک میں ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے اردگرد اپنے محلے اور گلیوں میں ایسے سفید پوش افراد کو بھی

سمندری (تحصیل رپورٹر) حلقہ پی پی 104 کے عوام میرے اپنے ہیں ان کی خدمت کیلئے دن رات موجود ہوں میرے دروازے حلقہ پی پی 104 کی عوام کیلئے دن رات کھلے ہیں۔ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے بلال شریف لانبوالہ سٹی سمندری سمیت معززین حلقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ سینئر صحافی محمد اعظم رضا راول، چوہدری امجد گجر، چوہدری مبشر حیات، چوہدری افضل ویس، سینئر صحافی مرزا زین اشرف، چوہدری آصف جٹ، چاند وڑائچ ثناء اللہ اعوان، میاں محمد جاوید، رانا نبیل خان صوفی بلال اعوان سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ چوہدری مستقیم مہار نے کہا کہ حلقہ پی پی 104 کے عوام کی خدمت کرکے دلی سکون ملتا ہے۔ انہوں نے رمضان المبارک کے حوالے سے اپنے ایک خصوصی پیغام میں کہا کہ رمضان المبارک کا مقدس و بابرکت مہینہ شروع ہو چکا ہے اس ماہ مقدس میں ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے اردگرد اپنے محلے اور گلیوں میں ایسے سفید پوش افراد کو بھی اپنی سحری وافطاری میں شامل کریں جو حقیقت میں ہماری اصل توجہ کے حق دار ہیں۔

## میونسپل کمیٹی کی یونین کونسل سے سرٹیفکیٹ کا حصول شہریوں کے لیے عذاب بن گیا

### یوسی سیکرٹری نیٹ ورک کا بہانہ بنا کر حرام کی کمائی کی خاطر شہریوں کو ذلیل وخوار کرنے لگے

جھنگ (بیورو رپورٹ) میونسپل کمیٹی کی یونین کونسل سے سرٹیفکیٹ کا حصول شہریوں کے لیے عذاب بن گیا یوسی سیکرٹری نیٹ ورک کا بہانہ بنا کر حرام کی کمائی کی خاطر شہریوں کو ذلیل وخوار کرنے لگے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر کی یونین کونسل میں کرپشن عروج پر پہنچ چکی ہے کمپیوٹر کے جدید دور سے یوسی سیکرٹری استفادہ حاصل کر کے کروڑوں پتی بن چکے ہیں یونین کونسل سے پیدائش، اموات، نکاح نامہ کا کمپیوٹر سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے شہری ذلیل وخوار ہو رہے ہیں شہری جب پیدائش، اموات اور نکاح نامہ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے یونین کونسل جاتے ہیں تو وہاں پر موجود یوسی سیکرٹری سلو نیٹ ورک یا نیٹ ورک بند ہونے کا بہانہ بنا کر ٹرخا دیتے ہیں شہری بار بار چکر لگانے کے بعد یوسی سیکرٹری کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور ہو جاتے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ جب یوسی سیکرٹری کو نذرانہ دے دیا جاتا ہے تو سلو نیٹ ورک تیز اور بند نیٹ ورک بھی کھل جاتا ہے یوسی کونسل کے متعلقہ افسران بالا کی جانب سے کرپشن پر نوٹس نہ لینا کرپشن کو فروغ دینے کے مترادف ہے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈی سی جھنگ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

## کام میں رکاوٹ ڈالنے والی پالیسیوں کو ختم کیا جائے:این جی او



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے مثبت کردار کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے کام میں رکاوٹ ڈالنے والی پالیسیوں کو ختم کیا جائے، ان خیالات کا اظہار ریجنل منیجر شاہ حسین نیٹ ورک ساجد علی نے سیکرٹریٹ ✕✕ شاہ حسین ✕✕ میں منعقدہ ایک خصوصی مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ دیگر شرکاء میں شہزاد حیدر خان، افشاں نازلی، خرم شہزاد احمد (گوجرانوالہ)، شہناز رفیق (وزیر آباد)، نذر حسین کھوکھر (حافظ آباد) اور شیخوپورہ سے رخسانہ لیاقت شریک تھیں۔شہزاد حیدر خان نے اس بات پر زور دیا کہ غیر سرکاری تنظیموں کو آزادانہ کام کرنے کا موقع ملنا چاہیے تاکہ وہ معاشرتی ترقی اور لوگوں کی فلاح کے لیے موثر طریقے سے کام جاری رکھ سکیں۔خرم شہزاد احمد نے کہا کہ غیر سرکاری تنظیمیں عوامی بہبود کے حوالے سے اہم خدمات فراہم کر رہی ہیں، اور انہیں اداروں کے ساتھ تعاون میں مزید آسانیاں فراہم کی جانی چاہئیں۔شہناز رفیق نے کہا کہ ترقی کے عمل میں این جی اوز کا کردار نہایت اہم ہے اور ان کے کام میں کسی قسم کی رکاوٹوں کا سامنا کرنے سے ملک کی معاشی و سماجی ترقی پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

## تھانہ صدر صدر پولیس کی بڑی کارروائی چور ڈکیت گینگ کے 7 ملزمان گرفتار

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر پولیس کی بڑی کارروائی چور ڈکیت گینگ کے 7 ملزمان گرفتار کر کے 50 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد کر لیا ڈی پی او نے ایس ایچ او نواز خان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کر دیا تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ صدر جھنگ نواز خان کی بڑی کارروائی سامنے آئی ہے پولیس نے کارروائی کے دوران چور ڈکیت گینگ کے سات ملزمان گرفتار کر لیے ہیں ان کے قبضہ سے مسروقہ مال انورٹر، موٹر سائیکلیں، زرعی موٹر، بالا پمپس، مال مویشی، آٹھ لاکھ روپے نقدی سمیت کل مالیتی 50 لاکھ روپے برآمد کر لیے ہیں مال مسروقہ کی برآمدگی پر پولیس افسران کو شاباش دیتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس ہمہ وقت سرگرم ہے۔

## تھانہ چناب نگر کے علاقہ موضع سانگرہ سادات میں 7 سالہ بچے سے بدفعلی

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) تھانہ چناب نگر کے علاقہ موضع سانگرہ سادات میں 7 سالہ بچے سے بدفعلی۔ملزم مسرور کیخلاف تھانہ چناب نگر میں مقدمہ درج کر دیا گیا۔تفصیلات کے مطابق تھانہ چناب نگر کے علاقہ موضع سانگرہ سادات میں محنت کش محمد ریاض قوم سپراء کے سات سالہ بچے نجف کو اوباش نوجوان مسرور نے بدفعلی کا نشانہ بنا ڈالا۔ملزم مسرور گھر سے باہر کھیلتے بچے کو قریب کھیتوں میں لے گیا جہاں اس نے معصوم کو اپنی حوس کا نشانہ بنایا۔بچے کے شور مچانے پر اہل علاقہ کے لوگ آ گئے۔جبکہ ملزم موقع سے بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گیا۔تھانہ چناب نگر کو اطلاع ملنے پر سب انسپکٹر اسلم سپراء اپنی نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے۔

## شیشہ کیفے چلانے، شیشہ پینے اور ساؤنڈ سسٹم کا استعمال کرنے پر 33 ملزمان پولیس کے شکنجے میں

### شیشہ کیفے چلانے اور ساؤنڈ سسٹم استعمال کرنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں ان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ملزمان کے قبضہ سے 15 حقہ شیشہ، 10 زہریلے فلیور کی ڈبیاں اور 02 ساؤنڈ سسٹم برآمد۔سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں شیشہ کیفے چلانے، شیشہ پینے اور ساؤنڈ سسٹم کا استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن فرحت عباس کی زیر قیادت، ڈی ایس پی سیٹلائٹ ٹاؤن انصر جاوید کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ جناح روڈ سب انسپکٹر احمد فراز نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ مخبر خاص کی اطلاع پر اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شیشہ کیفے چلانے، شیشہ پینے اور ساؤنڈ سسٹم استعمال کرنے والے 33 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 15 عدد حقہ شیشہ، 10 عدد زہریلے فلیور کی ڈبیاں اور 02 ساؤنڈ سسٹم برآمد کر لیے۔گرفتار کیے گئے ملزمان میں روشان، زوہیب الیان وغیرہ شامل ہیں۔ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری۔اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ انسانی جانوں کی حفاظت ضلعی پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، شیشہ کیفے چلانا اور ساؤنڈ سسٹم کا استعمال کرنے پر سخت پابندی عائد ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ شیشہ کیفے چلانے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ جناح روڈ اور انکی پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

## پتوکی عدالتی مفرور اور 6 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ منشیات فروش پولیس نے گرفتار کر لیا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی عدالتی مفرور اور 6 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ منشیات فروش پولیس نے گرفتار کر لیا ملزم کے قبضہ سے ڈیڑھ کلو گرام چرس برآمد مقدمہ درج۔تفصیل کے مطابق تھانہ صدر پتوکی پولیس کی گزشتہ روز ایس ایچ او میاں محمد امین کی سربراہی میں کارروائی کے دوران حبیب آباد کا رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش اللہ دتہ عرف دتو گرفتار ہو گیا۔ملزم کے قبضہ سے ڈیڑھ کلو گرام کے قریب چرس برآمد ہوئی پولیس کے مطابق ملزم منشیات 06 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اور 02 مقدمات میں عدالتی مفرور تھا ملزم عرصہ دراز سے حبیب آباد اور پتوکی کے گردونواح میں منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا۔اس موقع پر ایس ایچ او میاں امین کا کہنا تھا کہ ڈی پی او محمد عیسی خاں کی ہدایت پر ضلع قصور کو ڈرگ فری بنانے کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔

## ڈسٹرکٹ آفیسر پیٹرولنگ پولیس سجاد محمد خاں ٹکا نے ضلعی ہیڈ کوارٹر دفتر میں صحافیوں سے گفتگو

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ آفیسر پیٹرولنگ پولیس سجاد محمد خاں ٹکا نے ضلعی ہیڈ کوارٹر دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران پیٹرولنگ پولیس کی ماہ فروری 2025 کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ بارے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ریجنل آفیسر ایس۔پی۔ فتح احمد کاہلوں کی زیر کمانڈ پیٹرولنگ پولیس کیجانب سے گزشتہ ماہ دوران موثر گشت و سویپ آپریشنز ضلع اوکاڑہ سمیت ریجن بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ضلع اوکاڑہ کے 70 مقدمات سمیت انسداد منشیات ناجائز اسلحہ، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ کی برآمدگی۔ تیز رفتاری، ریش ڈرائیونگ، پبلک ٹرانسپورٹ میں غیر قانونی آتش گیر گیس سلنڈرز کے استعمال اور مال بردار گاڑیوں پر اوور لوڈنگ کرنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے پیٹرولنگ پولیس کی مدعیت میں ٹوٹل 232 مقدمات درج کروائے گئے۔متعدد کارروائیوں کیدوران بھاری مقدار میں شراب، چرس، ہیروئن، ناجائز اسلحہ اور لاکھوں روپے مالیت کی سرقہ شدہ موٹر سائیکلوں وکاروں کی برآمدگی عمل میں لا کر متعدد ملزمان کو گرفتار کیا۔ دوران آپریشن ✕✕ اپنوں سے ملاپ ✕✕ 03 گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے والدین کے حوالے کیا گیا۔

## پیر انجم شاہ سپرڈنٹ جیل کے سسر پیر اقبال شاہ شیرازی مرحوم کی وفات پر فاتحہ خوانی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی صاحبہ اور جناب نوید اسلم خان لودھی ممبر پنجاب اسمبلی 201 نے 9AL/188 میں پیر انجم شاہ سپرڈنٹ جیل کے سسر پیر اقبال شاہ شیرازی مرحوم کی وفات پر فاتحہ خوانی کی موضع تلہ بھلہ مہر علی شیر تلہ کے جوان بیٹا مہر گلشیر تلہ کے داماد جو روڈ ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہو گیا تھا مرحوم کی فاتحہ خوانی کی اور گھر والوں سے اظہار تعزیت کی اور شدید غم کا اظہار کیا۔

## تھانہ نورشاہ کا علاقہ ڈاکوؤں کا گڑھ بن گیا، شہری پریشان

کیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) تھانہ نورشاہ کا علاقہ ڈاکوؤں کا گڑھ بن گیا ڈاکو دن دہاڑے سرعام گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹنے لگے ڈاکو گن پوائنٹ پر شہری سے اپلائڈ فار موٹر سائیکل اور ایک لاکھ 60 ہزار روپے لوٹ کر فرار۔ پولیس تھانہ نورشاہ خاموشی کی چادر اوڑھے بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی آئی جی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نورشاہ کا علاقہ چوروں ڈاکوؤں اور جرائم پیشہ افراد کا گڑھ بن گیا۔ڈکیت گینگ سرعام گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹنے لگے نواحی گاؤں چک نمبر 60 فور آر۔زمیندار کے ظفر علی سے موٹر سائیکل اپلائیڈ فار اور ایک لاکھ 60 ہزار روپے نقدی، جدید اسلحے کے ساتھ فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے جبکہ پولیس تھانہ نورشاہ ڈکیت گینگ پکڑنے میں مکمل طور پر ناکام جس کی وجہ سے علاقہ تھانہ نورشاہ کے شہری عدم تحفظ کا شکار اور ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر متاثرہ زمیندار ظفر علی کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ علاقہ تھانہ نورشاہ میں بے لگام ڈاکوؤں کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور جو کہ پولیس تھانہ نور شاہ سوئی ہوئی ہے اسے جگانے کی کوشش کریں

## نیو جوڈیشل کمپلیکس چونیاں بار کے وکلاء کا واپڈا کی غنڈہ گردی کے خلاف شدید احتجاج

چونیاں (تحصیل رپورٹر) نیو جوڈیشل کمپلیکس چونیاں بار کے وکلاء کا واپڈا کی غنڈہ گردی کے خلاف شدید احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق سرکل چونیاں میں واپڈا ملازمین کی طرف سے بلا امتیاز کارروائیوں کے دوران وکلاء کے گھروں میں بھی غیر قانونی طور پر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال اور گھریلو اشیاء کو غیر قانونی طور پر اٹھانے پر وکلاء برادری اور معززین علاقہ سمیت صدر بار ایسوسی ایشن کی پوری کیبنٹ کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء کی تذلیل اور چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرنے والے ذمہ داران کسی بھی رعائت کے مستحق نہیں قانونی حیثیت رکھنے والے وکلاء نے قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کسی قسم کی مزاحمت نہیں کی بلکہ واپڈا ملازمین نے جان بوجھ کر پراپیگنڈا کر کے وکلاء اور معززین علاقہ کے ساتھ ظلم اور زیادتیاں کرنا وطیرہ بنا لیا ہے لہذا واپڈا کی اس قانون شکنی کی بنا پر سول سوسائٹی انجمن تاجران نے سوموار کو صبح نو بجے مکمل شٹر ڈاؤن و پہیہ جام ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

### بقیہ بقیہ جات 1

ہدایات دیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کا ویڈیو لنک اجلاس ہوا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چیف سیکرٹری پنجاب کو گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف مہم کی ذاتی نگرانی کا حکم نرخوں کے بارے میں روزانہ جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی اور کہا کہ اشیائے خوردونوش کے مقررہ نرخوں اور معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈپٹی کمشنروں اور اسسٹنٹ کمشنروں کو روٹی اور آٹے کے نرخ پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فوڈ اتھارٹی کھانے پینے کی اشیاء کا معیار یقینی بنانے کے لیے کریک ڈاؤن کرے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں پھلوں اور سبزیوں کی فراہمی اور نرخوں کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ پھلوں اور سبزیوں کے نرخ بڑھانے والوں کے خلاف موثر قانونی کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، تاجر برادری غریب عوام کا احساس کریں، پوری دنیا میں رمضان المبارک کے دوران اشیاء کے نرخ کم کئے جاتے ہیں، ہمیں بھی رضا کارانہ طور پر نرخ کم کرنے چاہئیں۔ صوبہ بھر میں سہولت بازاروں میں مارکیٹ سے کم نرخ پر معیاری اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈیش بورڈ پر روزانہ بار بار اشیائے خوردونوش کے نرخ خود چیک کر رہی ہوں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے دوران گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے معاملے میں بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ رمضان المبارک کے دوران گراں فروشی کے خلاف مہم میں کسی سطح پر کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 2

ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق اعلیٰ سطح اجلاس میں حکومت کے انتظامی معاملات زیر بحث آئیں گے۔ بلاول بھٹو حکومت سے معاہدوں پر پارٹی تحفظات وزیراعظم کے سامنے رکھیں گے اور پنجاب میں ترقیاتی فنڈز کی عدم فراہمی سمیت اہم معاملات زیر بحث آئیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 3

کے ساتھ تبادلہ خیال بھی کیا، جس کے دوران انہوں نے نوجوانوں کی صلاحیتوں میں بہتری کیلئے پاک فوج کے اقدامات کو اجاگر کیا۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے زور دیا کہ وہ لگن کے ساتھ تعلیمی عمل مکمل کریں اور قومی ترقی میں بامعنی کردار ادا کے لئے تعلیمی مہارتیں حاصل کریں۔ انہوں نے پاکستان کے مستقبل کی تشکیل میں نوجوانوں کے اہم کردار کی تعریف کی اور نوجوانوں کی صلاحیتوں میں بہتری کے لئے فوج کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان اللہ پاک کا عطا کردہ ایک انمول تحفہ ہے، جس کو اللہ نے بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کبھی بھی اپنے عقیدے، اسلاف اور معاشرتی اقدار کو نہیں بھولنا چاہئے۔ سربراہ پاک فوج نے کہا کہ ملکی ترقی کے لئے ہم میں سے ہر کسی نے اپنے حصے کی شمع جلانی ہے اور بلاوجہ تنقید کی بجائے اپنی توجہ خود کی کارکردگی اور فرائض پر مبذول رکھنی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک عظیم مائیں اپنے بچے پاکستان پر نچھاور کرتی رہیں گی، اور یہ قوم بالخصوص نوجوان اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے تو کوئی بھی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے پیچھے ایک منظم غیر قانونی سپیکٹرم ہے، جس کی پشت پناہی کچھ مخصوص عناصر کرتے ہیں، جب بھی ریاست ان پر ہاتھ ڈالتی ہے تو آپ کو ان کے جھوٹے بیانیوں کی آواز سنائی دیتی ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ جب بھی ریاست اس اسپیکٹرم پر ہاتھ ڈالتی ہے تو ان کے جھوٹے بیانیے سنائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک عظیم مائیں اپنے بچے پاکستان پر نچھاور کرتی رہیں گی کوئی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا، جب تک قوم خصوصاً نوجوان افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے کوئی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ آرمی چیف کا کہنا ہے کہ پاکستان اللہ پاک کا عطاء کردہ ایک انمول تحفہ ہے، پاکستان کو اللہ نے بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے، ہمیں کبھی اپنے عقیدے، اسلاف اور معاشرتی اقدار کو نہیں بھولنا چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ ملکی ترقی کے لیے ہم میں سے ہر کسی نے اپنے حصے کی شمع جلانی ہے، بلاوجہ تنقید کے بجائے توجہ اپنی کارکردگی اور فرائض پر مبذول رکھنی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 4

ہے اور سندھ کی جماعتوں کے رہنماؤں کے ساتھ اس ہفتے مزید مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ایسا ڈرافٹ تیار کریں جس پر تمام اپوزیشن مشترکہ جدوجہد کرے۔ ذرائع کے مطابق رمضان کے پہلے عشرے میں اپوزیشن کے عملی طور پر آگے بڑھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اپوزیشن اتحاد کی توسیع اور مشترکہ لائحہ عمل رمضان میں ترتیب دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پارلیمان کے اندر اور باہر آئینی خلاف ورزیوں پر ردعمل دینے پر مکمل اتفاق کیا گیا ہے اور جماعتوں کے ڈرافٹ کو قومی ایجنڈے کے طور آگے بڑھایا جائے۔

### بقیہ بقیہ جات 5

بھٹو کو بورڈ میں شرکت کی دعوت کے فیصلے کے باوجود اجلاس التوا کا شکار ہے۔ گریڈ 22 میں ترقی کا خواب لیے کئی افسران گریڈ 21 کے انتظار میں ہی ریٹائرڈ ہوگئے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ گریڈ 22 میں ترقی کا خواب لیے کئی افسران گریڈ 21 کے انتظار میں ہی ریٹائرڈ ہوگئے، درجنوں اسامیاں دستیاب ہونے کے باوجود بورڈ نہ ہونے سے گریڈ 22 میں ترقیاں تاخیر کا شکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق بورڈ اجلاس میں تاخیر سے پولیس سروس کے غلام رسول گریڈ 21 میں ریٹائر ہوئے، پولیس سروس کیا حسان صادق کو بھی گریڈ 22 نہ مل سکا اور وہ بھی ریٹائر ہوچکے، پولیس سروس کے اشتیاق احمد، فیاض احمد، سلطان علی خواجہ، عبدالقادر قیوم، صابر احمد اور خالد خٹک بھی گریڈ 21 میں ریٹائر ہوچکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق بورڈ میں تاخیر کے سبب پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز کے خاقان مرتضی اور حسن اقبال گریڈ 21 میں ریٹائر ہوئے، سیکرٹریٹ گروپ کے بھی کئی افسران گریڈ 21 میں ریٹائرڈ ہوگئے جن میں ڈاکٹر عامر ارشاد شیخ، عامر محمود حسین، سید خالد رضا، محمد سلمان، معراج انیس عارف، سلیم خان اور منیر احمد بھی گریڈ 21 میں ریٹائر ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق ہائی پاورڈ سلیکشن بورڈ میں گریڈ 21 سے 22 میں ترقیوں کے کیسز زیرغور آتے ہیں، آخری بار ہائی پاورڈ سلیکشن بورڈ کا اجلاس مارچ 2023 میں ہوا تھا۔ دوسری جانب گریڈ 20 اور 21 میں ترقیوں کیلئے سینٹرل سلیکشن بورڈ کا اجلاس رواں ماہ شیڈول ہے، سینٹرل سلیکشن بورڈ اجلاس کی صدارت چیئرمین فیڈرل پبلک سروس کمیشن کریں گے، سینٹرل سلیکشن بورڈ کا اجلاس ڈیڑھ سال سے التوا کا شکار تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 6

کہ مہنگائی کی رفتار کو حکومت کنٹرول میں رکھتی ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما نے کہا کہ حکمرانی کارڈ سمیت دیگر پروگرام کا مقصد آسانی فراہم کرنا ہے،

موجودہ مہنگائی میں اس رقم سے سہارا ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمت کارڈ کے بارے میں اس سے پہلے کسی نے بھی نہیں سوچا، یہ اقدامات بلاتفریق ہیں کہ کس نے ہمیں ووٹ دیا کس نے نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جب جب خدمت کا موقع ملا بھرپور خدمت کی۔

### بقیہ بقیہ جات 7

پر سماعت آج پیر کو ہوگی۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد بلال حسن پر مشتمل سپریم کورٹ کے سات رکنی آئینی بینچ سماعت کرے گا۔ سابقہ سماعت پر ایڈووکیٹ فیصل صدیقی نے کہا کہ مجھے آپ تمام ججز سے اچھے کی امید ہے، جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھنے والے ہیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ ہلکے پھلکے انداز میں کچھ کہنا چاہتا ہوں، شاعر احمد فراز نے تو عدالت میں یہ کہہ دیا تھا کہ یہ نظم میری ہے ہی نہیں، جسٹس افضل ظلہ نے احمد فراز سے کہا آپ کوئی ایسی نظم لکھ دیں جس سے فوجی کے جذبات کی ترجمانی ہو جائے۔ جج آئینی بینچ نے ریمارکس دیے کہ احمد فراز نے اپنے دفاع میں کہا تھا کہ میرے پاس تو وسائل ہی نہیں کہ اپنی نظم کی تشہیر کر سکوں، آج کل تو سوشل میڈیا کا زمانہ ہے، اس دور میں اگر احمد فراز ہوتے تو وہ یہ دفاع نہیں لے سکتے تھے۔ اس کے ساتھ ہی سپریم کورٹ نے کیس کی سماعت پیر تک ملتوی کر دی تھی۔

### بقیہ بقیہ جات 8

برادر عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان روحانی غور وفکر، اتحاد اور ہمدردی کا مہینہ ہے، ایک ایسا وقت جو سخاوت اور باہمی احترام جیسی مشترکہ اقدار کو مزید مضبوط کرتا ہے، امارات اور پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات ہمارے مشترکہ عزم کا ثبوت ہیں۔ اماراتی سفیر نے کہا کہ یہ عزم امن، خوشحالی اور انسانی اقدار کو فروغ دینے کے لیے ہے، یہ مقدس مہینہ ہمارے دونوں ممالک کے لیے برکت، ہم آہنگی اور ترقی لائے، یہ ہمیں نیکی اور صدقہ وخیرات کے ذریعے ضرورت مندوں کی مدد جاری رکھنے کی ترغیب دے۔ فرانسیسی سفارت خانہ کی جانب سے رمضان المبارک کی مبارکباد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر دی گئی، فرانسیسی سفارتخانے نے پیرس کی جامع مسجد کی تصویر بھی جاری کی۔ امریکی مشن پاکستان کی جانب سے بھی رمضان کی مبارکباد دی گئی، سفارتخانے کی جانب سے کہا گیا کہ رمضان کا یہ بابرکت مہینہ سب کے لیے امن، اتحاد اور خوشحالی لائے۔ جرمن قونصل جنرل ڈاکٹر روڈیگر نے رمضان المبارک کے موقع پر خصوصی ویڈیو پیغام جاری کیا اور کہا کہ امت مسلمہ کو رمضان المبارک مبارک ہو، رمضان مفاہمت کا درس دیتا ہے، عالمی امن میں مفاہمت کی بہت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان ہماری زندگی کی عکاسی کرتا ہے، رمضان ہماری زندگی، صحت کو بہتر کرتا ہے، رمضان ہمیں سکھاتا ہے کہ ایک دوسرے کے ساتھ کیسے پیش آنا ہے۔ جرمن قونصل جنرل ڈاکٹر روڈیگر نے کہا کہ رمضان ہمیں سکھاتا ہے اپنے دوستوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ہے، میری جانب سے آپ سب کو بہت بہت رمضان مبارک ہو۔

### بقیہ بقیہ جات 9

اس امید کا اظہار کیا ہے کہ امریکا پاکستان کے ساتھ اقتصادی شراکت داری کو فروغ دینے، استحکام کو فروغ دینے، تنازعات اور انتہاپسندی کا باعث بننے والے حالات کی روک تھام کے لیے کام کرے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ابھی تک یہ واضح نہیں ہے کہ آیا یہ مضمون واقعی عمران خان نے لکھا تھا اور یہ میگزین کو کیسے پہنچایا گیا تھا۔ عمران خان نے پاکستان میں 'سیاسی افراتفری' اور جمہوریت کے لیے اپنی جاری لڑائی پر روشنی ڈالی، انہوں نے ملک میں جمہوریت کے مبینہ زوال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ دور کو ملکی تاریخ کا سب سے مشکل دور قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قید اور ان کے خلاف لگائے گئے الزامات جمہوری اصولوں کے لیے ان کی وکالت کو دبانے کی سیاسی محرکات پر مبنی کوششیں ہیں، انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کی جدوجہد ذاتی نہیں بلکہ انہوں نے جمہوریت کے وسیع تر مسئلے کو حل کیا، جس کے نا صرف ملک بلکہ علاقائی اور عالمی استحکام کے لیے بھی دوررس نتائج مرتب ہوئے۔ پاکستان کی تذویراتی اہمیت کے پیش نظر عمران خان نے اس بات پر زور دیا کہ عالمی برادری کو اس بحران سے نمٹنے کی فوری ضرورت کو تسلیم کرنا چاہیے۔ آرٹیکل میں عمران خان نے پی ٹی آئی کے خلاف کریک ڈاؤن، عہدیداروں اور کارکنوں کی گرفتاریوں سمیت ملکی امور پر عالمی برادری کی توجہ مبذول کروانے کی کوشش کی ہے۔ دہشت گردی کے معاملے پر عمران خان نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ پی ٹی آئی کے خلاف سیاسی انتقام کے لیے انسداد دہشتگردی کی اہم کوششوں سے وسائل کا رخ موڑ رہی ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان جیسے علاقے، جہاں دہشتگردی کی سرگرمیوں میں اضافہ دیکھا گیا ہے، 'سیاسی مخالفین کے خلاف فوجی مہمات' کے حق میں نظر انداز کیا گیا۔ عمران خان نے الزام لگایا کہ عدلیہ کو سیاسی ظلم وستم کا آلہ بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے جیسے ہم آگے بڑھ رہے ہیں، پاکستان کے بارے میں اپنے وژن پر قائم ہوں، جو انصاف، مواقع اور مساوات پر مبنی ہے، آگے کا راستہ مشکل ہوگا تاہم مجھے کوئی شک نہیں کہ پاکستان کے عوام اپنے عزم میں متحد ہو کر ان چیلنجز پر قابو پالیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 10

کرنے اور ٹیمنٹ کی کلیرنس میں غیر معمولی تاخیر کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ملاقات کرنے والے وفد میں پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد اور سینئر رہنما عثمان اشرف شامل تھے۔ وفد نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کو آگاہ کیا کہ مذکورہ چیلنجز ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں، ڈیوٹیز اور سیلز ٹیکس کی پیچیدگیوں سے برآمدات پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ وفد نے کہا کہ حکومت سے اپیل ہے کہ دنیا میں پاکستان کی پہچان سمجھے جانے والی اس صنعت کی سرپرستی کرے۔ پی سی ایم ای اے کے وفد نے درخواست کی کہ طورخم بارڈر کے راستے آنے والے جزوی تیار خام مال پر عائد 10 فیصد ریگولر ڈیوٹی کو ختم اور سیلز ٹیکس کو 25 فیصد سے کم کر کے ناقابل واپسی 5 فیصد کے فیصلے کو واپس لیا جائے۔ ایچ ایس کوڈ 5702 کو ڈیوٹی استثنیٰ کی فہرست میں شامل کیا جائے۔ وفاقی وزیر جام کمال خان نے پی سی ایم ای اے وفد کو یقین دلایا کہ ان کی جانب سے پیش کی گئی گزارشات کی شنوائی اور ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو فروغ دینے کے لیے مثبت پیشرفت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہوگی کہ بجٹ سے پہلے 10 فیصد ریگولر ڈیوٹی کو ختم کر دیا جائے جبکہ دیگر معاملات کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں حل کرنے کا بھی عندیہ دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت برآمدات کو بڑھانے اور کاروباری اداروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے پالیسیوں پر فعال طور پر کام کر رہی ہے تاکہ روایتی صنعتوں جیسے کہ ہاتھ سے بنے قالین کا شعبہ ترقی کر سکے اور پاکستان کی عالمی مارکیٹ میں پوزیشن کو مستحکم کر سکے۔

### بقیہ بقیہ جات 11

کے ہوئے تھے وہ ٹیکنوکریٹ سسٹم کی دھاندلی تھی لیکن ہم نے سسٹم کو چلانے کے لیے پھر بھی کہا کہ ہم آپ کے ساتھ تعاون کریں گے آپ کوئی کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا صاحب ہیں وہ بڑے اچھے سیاستدان ہیں، زیرک سیاستدان ہیں، سمجھ دار ہیں آپ ان کی طرف سے ناں ہی سمجھیں۔

### بقیہ بقیہ جات 12

عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ اپوزیشن اتحاد کو حکومت یا نظام کے لیے خطرہ نہیں سمجھتے۔ ایک انٹرویو میں عرفان صدیقی نے کہا کہ جہاں تک اپوزیشن الائنس کا تعلق ہے، یہ ایک جمہوری عمل ہے، حزب اختلاف کی جماعتیں اشتراک عمل کرتی رہتی ہیں، ماضی میں ایسا ہوتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ اب بھی اگر جمہوری اصول کی بنیاد پر ایسا ہوتا ہے تو اسے خوش آمدید کہنا چاہیے، اس

میں کوئی ایسی پریشانی کی بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان تحریک انصاف کی وجہ سے مذاکرات ناکام ہوئے، قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف کہتے ہیں کہ مذاکرات کا کھیل تماشے کے طور پر نہیں ہونا چاہیے، ہماری طرف سے مذاکرات کے لیے بے چینی یا بے تابی نہیں ہے۔ عرفان صدیقی نے کہا کہ ہماری طرف سے مذاکرات کے لیے بے چینی یا بے تابی نہیں ہے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ تحریری معاہدے پر ضرور عمل ہونا چاہیے، پیپلز پارٹی نظام کو درہم برہم نہیں رکھنا چاہتی، پیپلز پارٹی کے تحفظات ضرور دور ہونے چاہئیں، اس کے لیے کوشش کی جارہی ہے۔ عرفان صدیقی نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا پہلا دور بھی زلزلہ انگیز تھا، امریکی صدر ٹرمپ کے حالیہ اقدامات کی عالمی پذیرائی نہیں ہو رہی، امریکی صدر کی قیادت میں واشنگٹن عالمی تنہائی کی طرف جارہا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 13

کہ بدقسمتی ہے جو ملکی حالات ہیں اس میں کوئی بھی محفوظ نہیں۔ عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کا دورہ کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ مولانا حامد الحق اور ان کے والد مولانا سمیع الحق سے گہرے تعلقات تھے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی ہے جو ملکی حالات ہیں اس میں کوئی بھی محفوظ نہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اگر ملک میں اتحاد کا مظاہرہ نہیں کریں گے تو دشمن ہم پر بھاری ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 14

چودھری کا کہنا تھا کہ ایک کانفرنس سے حکومت خوفزدہ ہوگئی، کانفرنس میں کسی کے خلاف کوئی بات نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے بانی پی ٹی آئی کی آواز اکیلی تھی اب ملک کی 18 جماعتیں ہم آواز ہیں، جے یو آئی اور پی ٹی آئی میں خلیج کو کم کیا گیا ہے۔ فیصل چودھری کا مزید کہنا تھا کہ جب اتحاد بنتا ہے تو اس میں تمام جماعتوں کی مرضی شامل ہوتی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 15

اور کم وسیلہ اور آؤٹ آف سکول بچوں کی تعلیم کے لیے کردار ادا کرنے کا عہد کرے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ رمضان اس عزم کے اعادے کا تقاضہ کرتا ہے کہ کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ اس ماہ مبارک میں ہر فرد کم از کم ایک بچے کی تعلیمی کفالت کا عزم کرے اور کسی بچے کے خواب کی تعبیر کا ذریعہ بن کر ماہ رمضان کی حقیقی روح کو زندہ کرے۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ کسی کم وسیلہ کے خواب پورے کرنا بھی رمضان المبارک کے پیغام کا حصہ ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 16

ہماری پارٹی میں جو گندے انڈے تھے ان کو نکال دیا ہے، جو گندے انڈے باقی رہ گئے وہ بھی جلد نکل جائیں گے۔ رہنما تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ مولانا اور پی ٹی آئی کے درمیان تمام مسائل حل ہو جائیں گے، حکومت کب تک گھٹن کا ماحول برقرار رکھے گی۔ رؤف حسن کا مزید کہنا تھا کہ فواد چودھری جیسے لوگ ٹاؤٹ ہیں ان کی کوئی اہمیت نہیں، پرویز خٹک جیسے لوگ سیاسی جنازے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 17

(پیر) کے روز بند رہیں گے۔ اسٹیٹ بینک کے اعلامیے کے مطابق بینکوں کا عملہ ڈیوٹی پر حاضر ہوگا تاہم عوامی لین دین نہیں ہوگا۔ یکم رمضان المبارک اتوار کا روز ہونے کی وجہ سے بینک پیر کے روز بند رہیں گے۔ ہفتہ اور اتوار کو معمول کی تعطیلات اور پیر کے روز زکوٰۃ کٹوتی کیلئے بند رہنے کی وجہ سے بینکس تین روز بعد منگل کے روز کھلیں گے۔ وزارت تخفیف غربت نے اسال کے لئے زکوٰۃ کا نصاب جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق بینکوں میں ایک لاکھ 79 ہزار 689 روپے یا اس سے زائد رقم پر زکوٰۃ کٹوتی ہوگی۔ مراسلہ کے مطابق بچت اکاؤنٹ، نفع ونقصان اور اس طرح کے اکاؤنٹس پر زکوٰۃ کٹوتی ہوگی۔

### بقیہ بقیہ جات 18

سکتا ہے، پاکستان کے تعلیمی اداروں میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ پاکستان کی نوجوان نسل کی تربیت انتہائی ضروری ہے۔ تمام تعلیمی اداروں کے مالکان اور پرنسپل صاحبان کو چاہیے کہ وہ طالب علموں کے لیے علم کی روشنی کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی پر بھی بھرپور توجہ دیں، تاکہ فارغ التحصیل طالب علم معاشرے کے لیے بہتر انسان بن سکیں۔ تعلیمی اداروں میں بچوں کو کتابی کیڑا بنانے کی بجائے ان کو انسان دوست بنانا ضروری ہے تاکہ وہ انسانیت کی خدمت کر سکیں اور معاشرے میں تاحیات اللہ کی مخلوق کے کام آ سکیں۔ انہوں نے تعلیمی اداروں کے مالکان اور پرنسپل صاحبان سے کہا کہ تمام قومی ایام کو کالجوں میں منانے کا اہتمام اور تقریبات منعقد کی جائیں تاکہ طالب علموں اور نوجوان نسل میں ملک سے محبت کا جذبہ اجاگر ہو سکے اور ایسی تقریبات سے ملک میں یکجہتی کا شعور بھی پھیلے گا۔ حکومت تمام قومی دنوں پر چھٹی کرنے کی بجائے تعلیمی اداروں میں اس دن کی مناسبت سے تقریبات کا انعقاد کرے تاکہ ہماری نئی نسل جو ہمارے قومی تقاضے ہیں ان سے آگاہی حاصل کر سکے۔ پروفیسر اسحاق میو نے فارمیسی کالجز کے مالکان سے گزارش کی کہ پاکستان کے فارمیسی ٹیکنیشنز اور فارماسسٹس کو دنیا سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے

کہ گورنر ہاؤس میں آئی ٹی پڑھنے والے بچوں کو جامعہ کراچی سند فراہم کرے گی، اور سندھ کو آئی ٹی کا صوبہ بنائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر تعلیم کو عام کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ پاکستانی افواج ہیں تو دنیا میں کوئی ہمیں آنکھیں نہیں دے سکتا، گورنر سندھ نے اپنے خطاب میں افواج پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 21

آئندہ اقدامات کے حوالے سے غیر یقینی صورت حال کے درمیان ایک نازک جنگ بندی کے پہلے مرحلے کی میعاد ختم ہونے کے قریب ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عزالدین القسام بریگیڈز کی جاری کردہ ویڈیو میں تین افراد کے چہرے نظر آ رہے تھے۔ ان میں سے دو کو فروری میں قید کیا گیا تھا جبکہ تیسرے نے اسرائیلی حکومت سے اپنی رہائی کا مطالبہ کیا۔ ویڈیو میں دو دیگر افراد کو بھی دھندلے چہروں کے ساتھ دکھایا گیا۔ اس کے ساتھ یہ پیغام تھا: صرف جنگ بندی کا معاہدہ ہی انہیں زندہ واپس لا سکتا ہے۔ وزیراعظم نیتن یاہو کے دفتر نے نئی جاری کردہ فوٹیج کو حماس کا پروپیگنڈا قرار دے کر مسترد کر دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 22

کہا ہے کہ ملک میں پی ٹی آئی کا مسلسل استحصال کیا جارہا ہے، پارٹی قیادت اپنے اصولی موقف پر قائم ہے اور جعلی حکومت کے خاتمہ کی جدوجہد کر رہی ہے، ملک کی حقیقی آزادی پی ٹی آئی کی بنیادی ترجیح ہے اسی پاداش میں خان کو انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے چہرے بدل بدل کر عوام کا استحصال کرنے والوں کو باشعور پاکستانی عوام نے مسترد کر دیا ہے قوم کی تمام تر امیدیں پی ٹی آئی سے وابستہ ہیں جو ملک وقوم کو درپیش مسائل و بحرانوں سے چھٹکارا دلائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 23

جبکہ 5 زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ نعشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ضروری کارروائی کے بعد نعشیں لواحقین کے حوالے کر دی گئیں، زخمیوں میں بچے بھی شامل ہیں۔ لواحقین کا کہنا ہے کہ دھماکا گیس لوڈشیڈنگ کے باعث رات 3 بجے ہوا، دھماکے کے نتیجے میں مکان کو شدید نقصان پہنچا۔

### بقیہ بقیہ جات 24

میڈیا کو ایک بیان میں کہا کہ خطے میں استحکام اور قیدیوں کی واپسی کا واحد راستہ معاہدے پر عمل درآمد مکمل کرنا ہے جو دوسرے مرحلے کے نفاذ کے ساتھ شروع ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 25

(صلاح الدین راہداری) سے عدم انخلا کا عندیہ دیے جانے کے بعد اس راہداری میں نئی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ یہ انخلا غزہ فائر بندی کے معاہدے میں مذکور ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی ٹینکوں نے پوری راہداری پر شدید گولہ باری کی۔ اس سے قبل ایک اسرائیلی ذمے دار نے دو روز قبل واضح کیا تھا کہ اسرائیلی فوج کو مصر کے ساتھ سرحد پر غزہ کی جانب فلاڈلفیا راہداری میں باقی رہنے کی ضرورت ہے تاکہ ہتھیاروں کی اسمگلنگ روکی جا سکے۔ ادھر اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے مقامی قیادت کے ساتھ ایک اجلاس میں دعوی کیا کہ انہوں نے مذکورہ راہداری کے حالیہ دورے کے موقع پر ایسی سرنگیں دیکھیں جو سرحدی حدود کو پامال کر رہی تھیں۔

### بقیہ بقیہ جات 26

سے جمعرات تک دفتری اوقات صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک ہوں گے۔ جبکہ جمعہ کو صبح 9 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک بغیر کسی وقفے کے کام ہوگا۔ اسی طرح، ملک بھر کے بینکوں میں عوامی لین دین (پبلک ڈیلنگ) کے اوقات پیر سے جمعرات صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک مقرر کیے گئے ہیں، جبکہ جمعہ کو صبح 9 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک بغیر کسی وقفے کے ہوگی۔

### بقیہ بقیہ جات 27

مکمل کر لی۔ پولیس ترجمان کے مطابق، انسپکٹر جنرل (آئی جی) پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر لاہور سمیت صوبے بھر میں شہداء پولیس کے گھروں کی دہلیز پر رمضان پیکج پہنچایا گیا۔ اس موقع پر سی پی اوز، ڈی پی اوز، ایس پیز سمیت سینئر پولیس افسران نے شہداء کے گھروں کا دورہ کیا، اہلخانہ سے ملاقات کی اور انہیں پھول اور مٹھائی بھی پیش کی۔ سینئر پولیس افسران نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے شہداء کے لواحقین کو رمضان المبارک کی مبارکباد اور نیک تمناؤں کا پیغام بھی پہنچایا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق افسران نے شہداء پولیس کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں رمضان پیکج اور شہداء میڈلز بھی دیے۔ اس موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا تھا کہ پنجاب پولیس خوشی اور غمی کے لحات سمیت تمام تہواروں پر اپنے شہداء کے اہلخانہ کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوان ہمارا فخر ہیں۔ آئی جی پنجاب کے مطابق رمضان پیکج کے تحت پولیس ویلفیئر فنڈ سے اشیائے خورد و نوش پر مشتمل سامان شہداء کے گھروں تک پہنچایا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 28

اجلاس میں ممبران ضلعی و تحصیل امن کمیٹی، انجمن تاجران کہوٹہ کے نمائندگان، اور ممبران پریس کلب کہوٹہ نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران ماہ صیام کے لیے مرتب کردہ خصوصی سیکیورٹی اور ٹریفک پلان پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے تحصیل بھر میں حفاظتی انتظامات، کہوٹہ شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے، اور عوام کو بھرپور ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے موثر تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں حساس اور رش والے مقامات کے علاوہ مختلف حساس مساجد کی نشاندہی بھی کی گئی۔ ایس ایچ او تھانہ کہوٹہ سیدز کا گیلانی نے اجلاس میں اتفاق کیا کہ تحصیل میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ نماز تراویح، سحر، اور افطار کے اوقات میں تمام مساجد اور رش والے مقامات پر پولیس اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، کہوٹہ شہر کے داخلی راستوں پر چیکنگ کا عمل مزید سخت کر دیا جائے گا، اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔ ڈی ایس پی محمد افضل لودھی نے بتایا کہ کہوٹہ میں 85 سے زائد مساجد موجود ہیں، جن میں سے 10 سے 12 مساجد پر پولیس سیکیورٹی تعینات ہوگی، جبکہ باقی مساجد میں نجی طور پر رضا کاروں کو سیکیورٹی کی ذمہ داری سونپی جائے گی۔ اجلاس میں شریک تاجروں اور کمیٹی ممبران نے پولیس کی کاوشوں کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی تعاون سے رمضان المبارک کے دوران شہر میں پرامن اور محفوظ ماحول کو یقینی بنایا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 33

زرعی شعبے کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کو دکھایا گیا۔ تقریباً 15 چینی کمپنیوں نے جدید ٹیکنالوجی اور پائیدار حل کی نمائش کی، اس تقریب میں پاکستان کی کاشتکاری اور لائیو سٹاک کی صنعتوں کو جدید بنانے کے اقدامات پر روشنی ڈالی گئی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق رائل جے ڈبلیو فوڈز، چین اور پاکستان کے درمیان 2024 میں قائم ہونے والا ایک مشترکہ منصوبہ ہے، جس میں بھینسوں کی صنعت کی ترقی، بیماریوں سے پاک فارمنگ اور ڈیری پروسیسنگ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ کمپنی پہلے ہی اعلیٰ معیار کی ڈیری مصنوعات کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرتے ہوئے چین کو بھینس کا دودھ برآمد کرنے میں پیش رفت کر چکی ہے۔ رائل جے ڈبلیو فوڈز کے سی ای او ڈیرک چھن نے کہا کہ فروری 2025 میں، ہم نے چین کو اپنی مصنوعات کی پہلی کھیپ برآمد کی، جو خاص طور پر چینی مارکیٹ کے لئے تیار کی گئی ہے، مستقبل میں ہم مزید اعلیٰ قیمت والے بھینس کے دودھ کی مصنوعات، جیسے دہی، پنیر اور مکھن لانچ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چھن نے چینی مارکیٹ سے باہر پھیلنے کے کمپنی کے عزائم پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا اس ایکسپو میں شرکت سے ہمیں مشرق وسطی اور شمالی افریقہ جیسی نئی مارکیٹوں میں مواقع تلاش کرنے کا موقع ملا ہے۔ ہم پاکستان کو ایک پیداواری بنیاد کے طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں اور آہستہ آہستہ اپنی مصنوعات کو زیادہ سے زیادہ مسلم اکثریتی ممالک تک پھیلانا چاہتے ہیں۔ ایکسپو کے دوران کمپنی نے متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب کے ممکنہ خریداروں سے بات چیت کی جنہوں نے اپنی 100 فیصد بھینس کے دودھ کی مصنوعات میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ذائقے سے متاثر ہوئے اور انہوں نے دبئی اور دیگر علاقوں میں آزمائشی فروخت کے لیے نمونوں کی درخواست کی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق برآمدی منڈیوں کے علاوہ رائل جے ڈبلیو فوڈز مقامی پاکستانی ریٹیل چینز کے ساتھ شراکت داری پر غور کر رہا ہے تاکہ بھینس کے دودھ کی مصنوعات کو مقامی مارکیٹ کے مطابق تیار کیا جا سکے۔ ہم اپنے بھینسوں کی فارمنگ کو وسعت دینے کا ارادہ رکھتے ہیں اور ہمارے معیار پر پورا اترنے والے کنٹرولڈ دودھ کے ذرائع کے پیمانے کو بڑھانے کے لئے کمپنی پلس فارم ماڈل اپنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چائنہ پویلین میں ایک اور اہم نمائش کنندہ شچیا چوانگ ہان گینگ لمیٹڈ پاکستان میں لائیو سٹاک کے شعبے میں اسمارٹ فارمنگ ٹیکنالوجیز کو ضم کرنے پر توجہ مرکوز کر رہا ہے۔ کمپنی کے نقطہ نظر میں کلاؤڈ پر مبنی ڈیٹا جمع کرنا، بہتر افزائش نسل اور موثر کھانے کے طریقوں کو شامل کرنا شامل ہے۔ شی جیا چوانگ ہیٹنگ لمیٹڈ کے سی ای او اینڈی لیاو نے کہا پاکستان زراعت اور لائیو سٹاک پر مبنی معیشت ہے، لیکن اس میں بے پناہ امکانات موجود ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستان کا زرعی شعبہ، جو جی ڈی پی میں 24 فیصد اور روزگار میں 37.4 فیصد حصہ ڈالتا ہے، غذائی تحفظ کو یقینی بناتا ہے اور صنعتی شعبے کو خام مال فراہم کرتا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 34

کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی حکومتوں کو عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں، انہوں نے ہر دور میں قومی وسائل کی لوٹ مار کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی ملک کی خوشحالی کے نعرے لگا کر عوام کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتے، دونوں جماعتوں کی قیادت وژن سے عاری ہے، یہ دھونس اور دھاندلی سے نظام چلا رہے ہیں جس سے ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے بطور وزیر اعظم بہترین اصلاحات متعارف کرائیں جس

کردی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو نوجوان قیادت کی ضرورت ہے جس کے لئے بلاول بھٹو زرداری بہترین انتخاب ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری اس وقت ملک کی یوتھ کے حقیقی لیڈر بن چکے ہیں، بلاول بھٹو کو ملک کا آئندہ وزیراعظم بنانا ہے جس کے لئے سخت محنت، جوش اور ولولے کی ضرورت ہے۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہیدوں کی پارٹی ہے، اس پارٹی نے ملک کے لیے بہت قربانیاں دی ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب سمیت پورے ملک میں تیزی سے مقبول ہورہی ہے۔ میرا ایک ہی مشن ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو مضبوط کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جو غریبوں کا دکھ رکھنے والی جماعت ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے لیے جدوجہد کی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی پیپلز پارٹی نے معاشرے کے تمام طبقات کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی اور پاکستان میں کمزور جمہوریت کو مضبوط کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 40

ہوئی۔ جہاں سحری کے مزے منفرد پکوان سے لئے گئے وہیں بعض شہروں میں عوام کو گیس کی کمی کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ سحری کے بعد نماز فجر میں مساجد نمازیوں سے بھر گئیں، ذکر واذکار اور تلاوت قرآن پاک بھی کا خاص اہتمام کیا گیا، اس موقع پر فرزندان اسلام نے رب کے حضور رحمت، مغفرت اور بخشش طلب کی۔ علاوہ ازیں گزشتہ رات ماہ رمضان المبارک کا چاند نظر آنے پر نماز عشا کے بعد پہلی تراویح کا اہتمام کیا گیا، ملک کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں روح پرور اجتماعات منعقد ہوئے جہاں اہل ایمان نے نماز تراویح ادا کی۔ دوسری جانب رمضان المبارک کے آغاز پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے قوم کو بابرکت مہینے کی مبارکباد پیش کی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 41

روپے کے بجائے مارکیٹ میں 70 روپے، آلو 55 روپے کے برعکس 70 روپے، لہسن 620 روپے کے بجائے 750 جبکہ ادرک 370 روپے کے بجائے 450 روپے کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔ مارکیٹ میں بند گوبھی اور پھول گوبھی 40 روپے، پالک اور ساگ، موسمی سبزیوں میں شلجم 40، مولی 30 اور گاجر 40 روپے کلو میں بیچی جارہی ہے۔ مارکیٹ میں سیب 300 سے 400 روپے کلو میں فروخت ہو رہے ہیں، کیلا 220 سے 350 روپے فی درجن تک دستیاب ہے، امرود 250 روپے کلو ہیں جبکہ کنو اور مالٹا 200 سے 400 روپے درجن اور خربوزہ 150 سے 250 روپے کلو تک فروخت کیا جارہا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 42

ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ بعد ازاں رفیق تارڑ نے پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کر لی تھی۔ مرحوم یکم جنوری 1998ء سے 20 جون 2001ء تک پاکستان کے 9 ویں صدر کے عہدے پر فائز رہے۔ سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ 7 مارچ 2022ء کو 82 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 43

کی صورت میں ان کے گھروں کی دہلیز تک پہنچا رہی ہے۔ کسی بھی مستحق اور سفید پوش شہری کی عزت نفس مجروح نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان بازاروں میں اشیاء مہنگی فروخت ہونے یا سبسڈی ختم کرنے کا صرف پروپیگنڈا ہے۔ پنجاب بھر کے تمام رمضان بازاروں میں معمول کے مطابق سستے داموں اشیاء دستیاب ہیں شہریوں کی بڑی تعداد مارکیٹ کی بجائے رمضان بازاروں سے سستی اشیاء خرید رہے ہیں۔ شہریوں کی جانب سے پنجاب حکومت کے اس اقدام کی تعریف کی جارہی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 44

سحری کے اوقات میں رات 3 بجے سے صبح 9 بجے تک گیس فراہم کی جائے گی۔ تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ محض دعوے ہی ثابت ہوئے۔ گیس کی بندش پر شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 45

سندھ کے اپ اسٹریم میں آزاد چھوڑ دیا گیا۔ حکام نے غیر قانونی شکار میں استعمال ہونے والا سامان بھی قبضے میں لے لیا جبکہ ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے چالان عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے چھاپہ مار ٹیم کے افسران اور عملے کو شاباش دی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی شکار کرنے اور جنگلی جانوروں کو تحویل میں رکھنے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔

### بقیہ بقیہ جات 46

بھی رمضان المبارک کا آغاز مہنگائی کی نئی لہر سے ہوا اور کھانے پینے کی اشیا کی قیمتوں میں 10 سے 50 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا۔ مارکیٹوں میں پیاز 80 سے 100، آلو 70 سے 80، ٹماٹر 40، لہسن 800 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہا ہے۔ اسی طرح ادرک 600 سے 800، لیموں 800، ہری مرچ، ہری پیاز، شملہ مرچ 200 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے۔ بازاروں میں بینگن، بند گوبھی، پالک، مولی، گاجر 80 روپے کلو، پھول گوبھی، شلجم 100 روپے کلو میں فروخت ہو رہا ہے۔ اسی طرح لوکی اور چقندر 120،

وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اخباری صنعت کو درپیش مسائل کے حل کے لئے مرحوم کی شبانہ روز دیرینہ کاوشوں اور خدمات کو تادیر یاد رکھا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 49

موجود نہیں تھا، روڈ چیکنگ کمیٹی نے 4,106 گاڑیوں کی جانچ کی، 195 گاڑیاں ضبط کر لی گئیں۔ 26 ڈرائیور بغیر ڈرائیونگ لائسنس کے گاڑی چلاتے پائے گئے 98 گاڑیوں کی حالت انتہائی خراب پائی گئی، کارروائیوں کے دوران 64 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ مسترد کر دیے گئے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ روڈ سیفٹی کو یقینی بنانا اور ٹرانسپورٹ قوانین کا سختی سے نفاذ ہماری اولین ترجیح ہے، غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ اور ناقص گاڑیاں عوام کی جان کے لیے خطرہ ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خاتمے کے لئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ آپریٹرز کو قوانین کی پاسداری کرنی ہوگی بصورت دیگر وہ قانونی کارروائی کے لیے تیار رہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 50

دیا جائے گا۔ اگر مستقل جنگ بندی پر کوئی معاہدہ طے پا گیا تو باقی یرغمالیوں اور لاشوں کو بازیاب کرایا جائے گا۔ وٹکوف نے جنگ بندی میں توسیع کے لیے خاکہ بھی پیش کیا۔ ان کا خیال ہے کہ اس مرحلے پر جنگ کے خاتمے کے لیے فریقین کو قریب لانے کا کوئی امکان نہیں ہے، اور مستقل جنگ بندی پر بات چیت کے لیے اضافی وقت درکار ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 51

درست فضائی حملہ کیا جس میں دہشت گرد تنظیم حراس الدین کے سینئر فوجی رہنما محمد یوسف ضیا کو نشانہ بنایا اور ہلاک کر دیا۔ چونکہ حراس الدین نے جنوری کے آخر میں خود کو تحلیل کرنے کا اعلان کیا تھا تو سینٹ کام کے مطابق امریکی فضائی حملوں میں گروپ کے کئی رہنما ہلاک ہو چکے ہیں۔ سینٹ کام نے 22 فروری کو کہا کہ ایک عین درست فضائی حملے میں اس گروپ کا ایک لیڈر وسیم تحسین بیرقدار ہلاک ہو گیا جسے امریکہ دہشت گرد تنظیم قرار دیتا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 52

جھمرہ کے علاقہ 105 ج ب کے آصف کی بیٹی (ک)' ساہیانوالہ کے علاقہ 132 رب کے فیاض کی بھتیجی (ن)' سرگودھا روڈ کے علاقہ محلہ چہاں کی گل ناز کی بیٹی (م)' پیپلز کالونی کے علاقہ ڈی گراؤنڈ کے حمزہ کی سالی (ر)' مدینہ ٹاؤن X بلاک کے عابد کی بیٹی (آ)' فیکٹری ایریا کے زاہد کی ہمشیرہ (س)' ٹھیکری والا کے علاقہ 276 ج ب کے اسحاق کی بیٹی (ط)' جڑانوالہ کے علاقہ محلہ گیلانی کے یٰسین کی ہمشیرہ (ع) کو اغواء کر لیا' قصبہ تاندلیانوالہ کے شہزاد کی بیٹی (ز) اور ٹھیکری والا کے علاقہ 276 ج ب کی نسیم بی بی کی بیٹی کو ملزمان نے بے آبرو کر دیا

### بقیہ بقیہ جات 53

بھی موصول ہو چکی تھیں۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور اس کا سابقہ کریمنل ریکارڈ معلوم کرنے کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 54

وزرائے خزانہ ریچل ریوز اور سرگئی مارچینکو نے ایک تقریب میں قرض کے معاہدے پر دستخط کیے جبکہ قرض کی ادائیگی اضافی منجمد روسی خود مختار اثاثوں سے کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ زیلنسکی کی واشنگٹن میں امریکی انتظامیہ اور صدر کے ساتھ تلخ کلامی کے بعد لندن پہنچنے پر ان کا استقبال کیا گیا۔ زیلنسکی یورپی رہنماؤں کے سربراہی اجلاس سے قبل اسٹارمر کے ساتھ ڈاؤننگ اسٹریٹ آفس میں بات چیت کے لیے پہنچے۔ زیلنسکی نے کہا کہ اسٹارمر کے ساتھ ملاقات اہم اور دوستانہ تھی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ برطانوی قرض یوکرین کے لیے ہتھیاروں کی تیاری کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 55

تاجر زوار رانا صغیر احمد منج کی سبزی منڈی میں دوکان امان اللہ ٹریڈرز سے ان کا ڈرائیور بشارت عرف بھولا 19 لاکھ روپے لے کر غلہ منڈی میں سامان خریداری کی غرض سے آیا اور ابھی گاڑی لگا کر دوکان میں داخل ہی ہوا تھا کہ اس دوران آنے والے نامعلوم چور نے ڈرائیور سائیڈ سے گاڑی پر چڑھ کر ڈیش بورڈ کے نیچے رکھا ہوا رقم سے بھرا ہوا ڈبہ چوری کر لیا جس میں 19 لاکھ روپے موجود تھے۔ تھانہ فیکٹری ایریا میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزم کی واضح شناخت کی جا سکتی ہے۔ جو کوئی اس شخص کو پہچانتا ہو اطلاع دے اس کا نام صیغہ راز میں رکھ کر انعام بھی دیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 56

گیا جسے فوری طبی امداد کے لیے عباسی شہید ہسپتال لیجایا گیا۔ ایس ایچ او امجد کیانی نے بتایا کہ واقعہ ناظم آباد 4 نمبر ہادی مارکیٹ کے قریب قائم رہائشی عمارت کے فلیٹ میں پیش آیا ہے جبکہ واقعہ اسلحہ صاف کرنے کے دوران چلنے والی اتفاقیہ گولی ہاتھ پر لگنے سے پیش آیا ہے۔ تاہم، پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ سائٹ ایریا ایس ایس نورانی گودام کے قریب فائرنگ سے نوجوان زخمی ہوگیا جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال لیجایا گیا۔ سائٹ بی پولیس کے مطابق نوجوان کی شناخت 20 سالہ سانول ولد امداد کے نام سے کی

گئی۔ یہی مادے دماغ میں یادداشت کے نظام سے متعلق اعضا پہ جم کر انھیں خراب کرتے اور انسان کو بھلکو پن کا مریض بناتے ہیں۔ نیز روزوں کی برکات سے زیر تجربہ انسانوں میں نیند بھی اچھی ہوگئی اور انھوں نے خود کو ذہنی و جسمانی طور پر پہلے کی نسبت زیادہ تندرست محسوس کیا، یوں جدید طبی سائنس نے بھی روزوں کی افادیت انسانیت پر آشکارا کر دی۔

### بقیہ بقیہ جات 61

سعودی عرب سے پاکستان پہنچا۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مسافر کے دستاویزات مشکوک پائے گئے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق مسافر کے پاس موجود ایمرجنسی پاسپورٹ جعلی پایا گیا۔ مسافر کے پاسپورٹ پر ضروری سیکیورٹی فیچرز غائب تھے۔ مسافر نے بتایا کہ اس نے یہ پاسپورٹ عبداللہ نامی یمنی ایجنٹ کے ذریعے حاصل کیا۔ مسافر نے مذکورہ ایجنٹ کو پاسپورٹ کے عوض 7500 ریال بھی ادا کیے۔ ایک اور کارروائی میں محمد زید نامی مسافر کو آف لوڈ کر دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 62

مبارک مہینہ کا شایان شان استقبال کریں۔ روزے اور نوافل کے اہتمام کا عزم کریں اور نیکی اور تقویٰ کو زیادہ سے زیادہ زادِ راہ فراہم کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس مہینہ کا پہلا حصہ رحمت ہے، درمیانی حصہ مغفرت ہے اور آخری حصہ دوزخ کی آگ سے نجات ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے رمضان کو دوسرے انسانوں کے ساتھ ہمدردی اور انکی خیر خواہی کا ذریعہ بنایا ہمیں چاہیے کہ رمضان المبارک میں اپنے اردگرد مستحق اور سفید پوش مسلمانوں بھائیوں کا خاص خیال رکھیں اور ان کی ہر لحاظ سے مدد کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 63

کی طرف سے رمضان پیکج اور شہدا میڈلز بھی دیئے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس خوشی غمی کے لحات سمیت تمام تہواروں پر اپنے شہداء کے اہلخانہ کے ہمراہ ہے۔ ملک وقوم اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوان ہمارا فخر ہیں۔ رمضان پیکج کے تحت پولیس ویلفیئر فنڈ سے اشیاء خوردو نوش پرمنی رمضان پیکج شہدا کے گھروں کی دہلیز پر پہنچایا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 64

ریلیف سٹالز پر 41 ہزار کلو سے زائد چینی فروخت ہوئی، تمام ریلیف سٹالز پر فی کلو چینی 130 روپے میں فروخت کی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور ڈویژن میں 1383، گوجرانوالہ اور گجرات 579 جبکہ راولپنڈی کے اضلاع میں 1198 تھیلے آٹا فروخت ہوا، فیصل آباد 213، سرگودھا 160 اور ساہیوال ڈویژن کے اضلاع میں 301 تھیلے، ملتان ڈویژن 381، بہاولپور 80 اور ڈی جی خان کے اضلاع میں 576 آٹا تھیلے ریلیف سٹالز سے خریدے گئے۔ ڈی جی فوڈ پنجاب نے کہا کہ عوام تک سستی اشیا خوردونوش کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں، آٹے کے تھیلوں کی قیمت میں ریلیف وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر دیا جارہا ہے، انڈسٹری کے تعاون سے متعدد اشیا سہولت سٹالز پر مارکیٹ ریٹ سے کم قیمت پر دستیاب ہیں۔ چینی اور آٹا تھیلوں کے سٹاک کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائی گی۔

### بقیہ بقیہ جات 65

صیام اللہ تعالیٰ کی طرف سے انمول تحفہ ہے، رمضان کا یہ مقدس مہینہ امن وامان، بھائی چارہ کے فروغ، جذبہ ایثار اور غرباء کی مدد کا بھی درس دیتا ہے، رمضان کا مہینہ ہمارے دلوں کو پاک کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان کا مہینہ اللہ کی خاص رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، جو ہمیں تقویٰ، صبر اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس مقدس مہینے میں اپنی عبادات میں اضافہ کریں، اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں اور فطرہ وصدقہ دینے کے ذریعے مستحقین کی مدد کریں۔ حکومت کو رمضان کے دوران امن وامان کی صورت حال پر خصوصی توجہ دینی چاہیے تاکہ لوگ سکون کے ساتھ عبادات کر سکیں اور ماہ رمضان کی برکات سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔

### بقیہ بقیہ جات 66

آگاہی فراہم کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں تلور کا بے دریغ شکار کیا جاتا ہے جبکہ دنیا بھر سے ہجرت کر کے آنے والے پرندوں کی تعداد میں بھی نمایاں کمی ہو چکی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر بے دریغ شکار کو نہ روکا گیا تو آنے والے دنوں میں بعض جانوروں کا وجود صرف کتابوں اور تصاویر میں ہی رہ جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 67

میں 2.40 فیصد کم ہے، نومبر میں ملک میں 52026 میٹرک ٹن خوردنی تیل کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد وشمار کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں ملک میں 730350 میٹرک ٹن بناسپتی گھی کی پیداوار ہوئی جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 2.82 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 543751 میٹرک ٹن بناسپتی گھی کی پیداوار حاصل ہوئی تھی۔ دسمبر میں ملک میں 124476 میٹرک ٹن بناسپتی گھی کی پیداوار ہوئی جو نومبر کے مقابلے میں 0.83 فیصد زیادہ ہے، نومبر میں ملک میں 517125 میٹرک ٹن بناسپتی گھی کی پیداوار ہوئی تھی۔

ہر گھر میں سجے
خوشیوں کا دسترخوان
وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے
30 ارب روپے کا نگہبان رمضان گفٹ
پی ایس ای آر کے شفاف، مستند اور حالیہ ڈیٹا کے تحت کم آمدنی والے 30 لاکھ گھرانوں کو اس رمضان المبارک کے دوران بھی
10,000 روپے کا تحفہ ان کی دہلیز پر عزت واحترام کے ساتھ
نگہبان رمضان پیکج کے پے آرڈر آپ اپنے کسی بھی بینک اکاؤنٹ میں جمع کرا سکتے ہیں
اگر آپ کا کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں تو آپ Alpha Pay، ایچ بی ایل کنیکٹ اور یو بی ایل اومنی کے
18000 سے زائد مقامات پر بغیر کسی فیس کے بینکنگ اوقات کے دوران اپنی رقوم فوری وصول کر سکتے ہیں
نگہبان
آپ کا حق۔ آپ کی دہلیز پر
رمضان کریم
رقم کی وصولی کیلئے اپنا پے آرڈر، اصل شناختی کارڈ اور رجسٹرڈ موبائل نمبر ہمراہ رکھیں | یاد رکھیں! پے آرڈر کے آخری چھ ہندسے آپ کا پن کوڈ ہے
کسی بھی ایجنٹ کی جانب سے رقم میں کٹوتی کی صورت میں
08000 2345
پر فوری شکایت درج کرائیں
حکومت پنجاب
SPL-425

## رمضان المبارک قربِ الٰہی اور گناہوں سے بخشش کا مہینہ ہے: ضیاالدین انصاری

### رمضان وہ مہینہ ہے جس میں اللہ تعالی مومن کا رزق بڑھا دیتا ہے، رمضان امت مسلمہ کیلئے رحمتوں، برکتوں اور نجات کی نوید لیکر آیا ہے

### روزہ گناہوں کیلئے اور نفسانی خواہشات کی تکمیل سے نجات کیلئے ایک مضبوط ڈھال ہے، استقبال رمضان تقریبات اور مختلف وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک صبر کا مہینہ اور صبر کا صلہ اللہ رب العزت کے ہاں جنت ہے۔ رمضان المبارک قرب الٰہی اور گناہوں سے بخشش کا مہینہ ہے۔ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں اللہ تعالی مومن کا رزق بڑھا دیتا ہے۔ روزہ گناہوں کیلئے اور نفسانی خواہشات کی تکمیل سے نجات کیلئے ایک مضبوط ڈھال ہے۔ روزہ بندے کو اپنے رب سے جوڑتا ہے اور اس سے وفاداری اور صرف اس کی اطاعت کے جذبے پر دل و دماغ کو قائع اور مستحکم کرتا ہے، اور اس کے اس عہد کی تجدید کی خدمت انجام دیتا ہے کہ بندے کا جینا اور مرنا اور عبادات اور قربانیاں سب صرف اللہ کے لیے ہے۔ رمضان المبارک کی آمد پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم صحابہ کرام کو جمع کر کے ایک خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے تا کہ وہ اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ پختون وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

## پنجاب پولیس ماہِ صیام میں اپنے شہدا کے اہل خانہ کی دیکھ بھال کیلئے پرعزم

### شہدا پولیس کے اہلخانہ کو آئی جی پنجاب کی طرف سے رمضان پیکج اور شہدا میڈلز بھی دیئے گئے، جام شہادت نوش کرنے والے بہادر جوان ہمارا فخر ہیں

### انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہداء پولیس کے گھروں کی دہلیز پر رمضان پیکج پہنچا دیئے گئے ہیں، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس ماہ صیام میں اپنے شہدا کے اہل خانہ کی دیکھ بھال کے لئے پرعزم ہے جس کے تسلسل میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں شہداء پولیس کی فیملیز میں رمضان پیکج کی تقسیم کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر شہداء پولیس کے گھروں کی دہلیز پر رمضان پیکج پہنچا دیئے گئے ہیں۔ سی پی اوز، ڈی پی اوز اور ایس پیز سمیت سینئر افسران شہدا پولیس کے گھروں میں گئے، اہلخانہ سے ملاقات، پھول اور مٹھائی بھی پیش کی۔ سینئر پولیس افسران نے شہدا پولیس کے اہلخانہ کو آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے رمضان المبارک کا تہنیتی پیغام پہنچایا۔ سینئر افسران نے شہداء پولیس کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ شہدا پولیس کے اہلخانہ کو آئی جی پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس افسران صوبہ بھر میں شہداء پولیس کی فیملیز میں رمضان پیکج تقسیم کر رہے ہیں

## علماء، طلبہ کا خون بہانے والے وحشی درندے ہیں' قاضی عبدالودود

### یہ کیسی ریاست ہے جہاں مساجد و مدارس خون میں نہلائے جا رہے ہیں، اسلام دشمن آزاد گھوم رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) تحصیل لاہور کے خزانچی قاضی عبدالودود نے کہا ہے کہ علما اور طلبہ کا خون بہانے والے وحشی درندے ہیں، حکمرانوں کی غفلت نے ملک کو دہشتگردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے دینی مراکز بھی محفوظ نہیں، یہ کیسی ریاست ہے جہاں مساجد و مدارس خون میں نہلائے جا رہے ہیں، اسلام دشمن آزاد گھوم رہے ہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے بڑھتے واقعات، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو مسلسل نشانہ بنانا ایک گہری سازش ہے علم و دین کے قلعے مٹانے کے خواب دیکھنے والے جان لیں مدارس کے چراغ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ کا عالمی دن (آج) منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ کا عالمی دن (آج) 3 مارچ کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد بڑھتے ہوئے شکار کو روکنا، جانوروں، پرندوں اور تیزی سے معدوم ہوتی جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں محکمہ وائلڈ لائف، چڑیا گھروں کی انتظامیہ کے زیر انتظام تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں ماہرین جنگلی حیات کے متعلق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

## ملک میں بناسپتی گھی اور خوردنی تیل کی پیداوار میں جاری مالی سال کے دوران کمی ہوئی

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں بناسپتی گھی اور خوردنی تیل کی پیداوار میں جاری مالی سال کے دوران کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 6 ماہ میں ملک میں 313819 میٹرک ٹن خوردنی تیل کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 0.49 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 315364 میٹرک ٹن خوردنی تیل کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔ دسمبر میں ملک میں 50777 میٹرک ٹن خوردنی تیل کی پیداوار ریکارڈ کی گئی جو نومبر کے مقابلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

## اسٹیل ملز ملازمین کا نیشنل ہائی وے پر 7 گھنٹے تک احتجاج، ٹریفک کا نظام درہم برہم

کراچی (این این آئی) اسٹیل ملز ملازمین نے نیشنل ہائی وے پر 7 گھنٹے سے زائد احتجاج کر کے ٹریفک کا نظام درہم برہم کر دیا۔ ہفتے کی شام 5 بجے سے شروع کیے جانے والا احتجاج رات ساڑھے بارہ بجے ختم ہوا، احتجاج کی وجہ سے نیشنل ہائی وے کے دونوں ٹریک پر ٹریفک معطل ہونے سے ملحقہ علاقوں میں بدترین ٹریفک جام رہا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق اسٹیل ملز کے ملازمین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

## فوج دمشق کے دیہی علاقوں کے دفاع کے لیے تیار رہے، اسرائیلی وزیراعظم

### نیتن یاہو کے ملٹری سیکرٹری نے کریملن میں روسی حکام کے ساتھ کئی ملاقاتیں کیں ہیں

تل ابیب (این این آئی) وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو اور وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے اسرائیلی فوجی دستوں کو تیار رہنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے دعوی کیا ہے کہ وہ دمشق کے دیہی علاقوں میں دروز کی اکثریت والے قصبے کا جرمانا کا دفاع کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو کے دفتر نے کہا کہ اسرائیل دروز کی سلامتی کے لیے پرعزم ہے اور انھیں نقصان پہنچانے کی کسی بھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

## اسرائیل نے غزہ میں جنگ بندی کے لیے وٹکوف کا پلان منظور کرلیا

### مستقل جنگ بندی پر کوئی معاہدہ طے پا گیا تو باقی یرغمالیوں اور لاشوں کو بازیاب کرایا جائے گا، امریکی ایلچی

### امریکی صدارتی ایلچی کے تجویز کردہ معاہدے کے مطابق پہلے دن آدھے یرغمالیوں کو رہا کردیا جائے

واشنگٹن (این این آئی) اگرچہ غزہ پر قاہرہ میں ہونے والے حالیہ مذاکرات میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، لیکن اس فائل میں کچھ نا کچھ نیا ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر نے بتایا کہ آخر الذکر کی زیر صدارت اہم سکیورٹی اجلاس ہوا جس میں وزیر دفاع، اعلی سکیورٹی حکام اور مذاکراتی ٹیم نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسرائیل نے ماہ رمضان اور پاس اوور کے دوران عارضی جنگ بندی کے لیے امریکی صدارتی ایلچی سٹیو وٹ کوف کے تجویز کردہ وسیع خاکہ کو اپنانے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاہدے کے پہلے دن آدھے یرغمالیوں کو رہا کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

## وفاق ٹی او آرز کی منظوری میں مزید تاخیر سے گریز کرے، بیرسٹر سیف

### اکوڑہ خٹک دھماکہ، خیبر پختونخوا حکومت کا وفاق سے افغان مذاکرات کے ٹی او آرز فوری منظور کرنے کا مطالبہ: مشیر اطلاعات

### مریم نواز بھارت سے اسموگ ڈپلومیسی کر سکتی ہیں تو خیبر پختونخوا حکومت کو بھی افغانستان سے بات چیت کا موقع ملنا چاہیے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے وفاق سے مطالبہ کیا ہے کہ افغانستان سے بات چیت کے لیے مجوزہ ٹرمز آف ریفرنس (ٹی او آرز) جلد از جلد منظور کیے جائیں۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ وفاق ٹی او آرز کی منظوری میں مزید تاخیر سے گریز کرے تا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے مسئلے پر فوری اقدامات کر سکے۔ بیرسٹر سیف کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت ہنگامی بنیادوں پر ایک وفد افغانستان بھیجنا چاہتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: ڈائریکٹر آف انٹرنیشنل اینیملز ویلفیئر ڈاکٹر عامر خلیل برآمد ہونیوالے سات سال کے ریچھ کا معائنہ کر رہے ہیں

لاہور: رمضان المبارک کی مناسبت سے ایک دکاندار گاہکوں کیلئے سموسے نکال رہا ہے

## کراچی: فائرنگ کے مختلف واقعات میں تین افراد زخمی

### زخمیوں کی شناخت 35 سالہ حامد رضا، 40 سالہ خرم منیر اور 20 سالہ سانول کے ناموں سے کی گئی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں تین افراد زخمی ہو گئے جس میں ایک شخص ڈاکوؤں کی فائرنگ کا نشانہ بنا۔ تفصیلات کے مطابق بلدیہ اتحاد ٹاؤن مفتی محمود چوک، گلی نمبر 2 بلاک سی میں موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر 35 سالہ حامد رضا ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہو گیا جسے ایدھی کے رضا کاروں نے فوری طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا۔ ناظم آباد میں فائرنگ کے پراسرار واقعہ میں 40 سالہ خرم منیر نامی شخص گولی لگنے سے زخمی ہو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

## ماہِ صیام اللہ تعالیٰ کی طرف سے انمول تحفہ ہے' جے یو آئی

### رمضان کا مہینہ دلوں کو پاک کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے: امیر جمعیت علمائے اسلام لاہور

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ماہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

## کراچی، تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے ایک اور شخص کی جان چلی گئی

### مشتعل افراد کی ٹرالر کو نذر آتش کرنے کی کوشش، تاہم پولیس نے بروقت پہنچ کر ٹرالر کو جلنے سے بچالیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ڈمپر اور ٹرالر کے باعث ہونے والی ہلاکتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا، لیاقت آباد میں تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے ایک اور شخص کی جان چلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق، یہ حادثہ لیاقت آباد چار نمبر، ارم بیکری کے قریب پیش آیا، جہاں ایک موٹر سائیکل سوار ٹرالر کی ٹکر سے جاں بحق ہو گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق، جاں بحق ہونے والے شخص کی عمر تقریبا 55 سال بتائی جاتی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

## فیصل آباد، اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر دو لڑکیوں کو بے آبرو، دس خواتین اور دو نوجوانوں کو اغواء کرلیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر دو لڑکیوں کو بے آبرو، دس خواتین اور دو نوجوانوں کو اغواء کرلیا' پولیس مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق جھنگ بازار کے علاقہ اسماعیل ٹاؤن کے فیضان علی کی اہلیہ (م)' محلہ سیف آباد کے افتخار احمد کی جواں سالہ بیٹی (ح)' ملت ٹاؤن کے علاقہ بھائی والہ کے حفیظ کی اہلیہ (ش)' چک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

## فیصل آباد، تھانہ فیکٹری ایریا کے علاقے غلہ منڈی میں دن دیہاڑے چور 19 لاکھ روپے کا سامان چوری کر کے لے گئے

مکوآنہ (این این آئی) تھانہ فیکٹری ایریا کے علاقے غلہ منڈی میں دن دیہاڑے چور 19 لاکھ روپے کا سامان چوری کر کے لے گئے، تفصیلات کے مطابق غلہ منڈی میں ایک دوکان کے باہر کھڑی گاڑی میں سے نامعلوم چور آسانی سے رقم سے بھرا ہوا ڈبہ اٹھا کر رفوچکر ہو گیا جس میں 19 لاکھ روپے تھے۔ فیصل آباد کے معروف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

## شام میں القاعدہ کا سینئر رہنما محمد یوسف ہلاک

### حراس الدین گروپ کے سینئر فوجی رہنما کو نشانہ بنایا گیا، امریکی فوج

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے کہا ہے کہ اس نے القاعدہ کی شامی شاخ حراس الدین کے ایک اعلی فوجی رہنما کو ہلاک کر دیا ہے۔ اس شاخ نے جنوری میں اپنی تحلیل کا اعلان کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شرق اوسط میں امریکی افواج کی انچارج امریکی مرکزی کمان (سینٹ کام) نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس کی افواج نے 23 فروری کو شمال مغربی شام میں ایک عین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

## کراچی، راہ چلتی خواتین کو ہراساں کرنے والا ملزم پولیس کے ہاتھوں گرفتار

### پولیس کو ملزم کے خلاف کئی شکایات بھی موصول ہو چکی تھیں، ملزم کے خلاف مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) گارڈن پولیس نے راہ چلتی خواتین کو ہراساں کرنے اور نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سٹی پولیس کے مطابق ملزم محمد علی کو تھانہ گارڈن کی حدود سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نشے کی حالت میں راہ چلتی خواتین کو ہراساں کرنے اور نازیبا حرکات کرنے کے متعدد واقعات میں ملوث ہے۔ اس حوالے سے پولیس کو ملزم کے خلاف کئی شکایات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

## ہتھیاروں کی تیاری کے لیے برطانیہ یوکرین کو قرض دے گا

### یوکرائنی صدر کی ٹرمپ سے تلخ کلامی کے بعد لندن پہنچنے پر شاندار استقبال

لندن (این این آئی) برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلینسکی کو گرمجوشی سے گلے لگا کر خوش آمدید کہا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں ممالک نے کیف کی دفاعی صلاحیتوں کی حمایت کے لیے 2.26 ارب یورو کے قرض کے معاہدے پر بھی دستخط کیے، جسے لندن نے یوکرینی عوام کے لیے ثابت قدم اور مسلسل حمایت کی علامت قرار دیا۔ دونوں ممالک کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لاہور: شہری مقامی مارکیٹ سے رمضان المبارک کی تیاریوں کی مناسبت سے سبزیاں اور پھل خرید رہے ہیں

## مرکز میں جہازی سائز کابینہ بدحال عوام کے ساتھ سنگین مذاق ہے، مسرت چیمہ

### (ن) لیگ، پیپلز پارٹی کی حکومتوں کو عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں' انہوں نے ہر دور میں قومی وسائل کی لوٹ مار کی ہے

### مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی ملک کی خوشحالی کے نعرے لگا کر عوام کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتے، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ مرکز میں جہازی سائز کابینہ ابتر معاشی حالات سے بدحال عوام کے ساتھ سنگین مذاق ہے، ایک طرف سرکاری محکموں کو بند کرنے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں کٹوتی کا ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے اور دوسری جانب دھاندلی زدہ حکومت کو بچانے کیلئے وزارتوں کی بندر بانٹ کی جا رہی ہے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

## پی آئی اے انتظامیہ کا تین ناکارہ جہازوں کو فروخت کرنے کا فیصلہ

### خواہشمند ادارے، تین مارچ سے سات مارچ تک جہازوں کا معائنہ کر سکتے ہیں، انتظامیہ پی آئی اے

کراچی (این این آئی) پی آئی اے انتظامیہ نے پروازوں کیلئے ناکارہ قرار دیئے جانیوالے تین جہازوں کو فروخت کرنیکا فیصلہ کر لیا۔ ان جہازوں کو فروخت کرنے کے حوالہ سے بولی بارہ مارچ کو ہوگی۔ پی آئی اے انتظامیہ کے مطابق کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پروازوں کیلئے ناکارہ قرار دیئے جانے کے بعد گراؤنڈ کئے جانے والے طیاروں کو فروخت کیا جا رہا ہے۔ ان کی خریداری کے حوالہ سے تمام خواہشمند ادارے، فرمز تین مارچ سے لیکر سات مارچ تک کے دوران صبح گیارہ بجے سے سہ پہر ساڑھے تین بجے تک انکا معائنہ کر سکتے ہیں۔ ان طیاروں کی فروخت کے مرحلہ میں حصہ لینے کے خواہش مند افراد کو دس ہزار نیلامی فیس کے ساتھ ساتھ پانچ لاکھ روپے پی آئی اے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

## پنجاب حکومت ماہ صیام میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں کنٹرول کرنے کیلئے متحرک

### صوبہ بھر میں اشیائے خورونوش کے نرخوں میں بڑے پیمانے پر ریلیف کی فراہمی جاری ہے

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب حکومت ماہ رمضان کے دوران اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے متحرک ہو گئی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں رمضان کے دوران سہولت اور ماڈل بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی فراہمی سے متعلق رپورٹ پیش کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں اشیائے خورونوش کے نرخوں میں بڑے پیمانے پر ریلیف کی فراہمی جاری ہے، ماہ صیام کیدوران عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے سہولت اور ماڈل بازاروں میں ارزاں نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فروخت یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور: محکمہ جنگلی حیات کی ٹیم کی جانب سے شکاریوں سے برآمد کئے گئے نایاب نسل کے آبی پرندے نیل بلائی

## ماہ مقدس کا آغاز، پہلی تراویح کی ادائیگی، مساجد کی رونقیں بحال

مکوآنہ (این این آئی) ملک بھر میں رحمتوں اور برکتوں کے مہینے رمضان المبارک کا آغاز ہو گیا۔ آج نماز عشا کے بعد پہلی تراویح اور کل پہلی سحری ہوگی، ملک میں تمام چھوٹے بڑے شہروں میں روح پرور اجتماعات کا آغاز بھی ہو گیا جبکہ مختلف اضلاع میں رمضان کا چاند اہتمام کے ساتھ دیکھا گیا۔ فیصل آباد سمیت ملک بھر میں کروڑوں افراد کل سے روزے رکھیں گے اور خیرات و صدقات اور عبادات کی ادائیگی کے ذریعے خدائے بزرگ و برتر کا روحانی قرب طلب کریں گے، مساجد میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی: شہری رمضان سستا بازار سے سبزیاں اور پھل خرید رہے ہیں

## ملک بھر میں رمضان المبارک کے آغاز پر بارشوں کے سپیل کی پیش گوئی

### کے پی کے میدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کا سلسلہ 4 مارچ تک جاری رہے گا

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں رمضان المبارک کے آغاز پر بارشوں کے سپیل کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج اور کل ملک بھر میں شدید بارش اور پہاڑوں پر برف باری متوقع ہے۔ پنجاب میں بھی آج اور کل بادل کھل کر برسیں گے، خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کا سلسلہ 4 مارچ تک جاری رہے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

## پنجاب میں پیپلز پارٹی اپنا کھویا مقام دوبارہ حاصل کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے' رانا جمیل منج

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ لاہور کے بعد پارٹی مزید مضبوط اور متحرک ہو گئی ہے، پیپلز پارٹی پنجاب میں اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرنے کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی بلدیاتی الیکشن میں بھرپور تیاری کے ساتھ اترے گی او اچھے نتائج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

## ماہ صیام کا آغاز، ملک بھر میں پہلی سحری کا اہتمام، مساجد نمازیوں سے بھر گئیں

### لاہور، کراچی، اسلام آباد سمیت تمام چھوٹے بڑے شہروں میں ہوٹلوں اور ریستورانوں پر بھی رش

لاہور (این این آئی) پاکستان میں ماہ صیام کا آغاز ہو گیا، ملک بھر میں رمضان المبارک کی پہلی سحری کے موقع پر خصوصی اہتمام کیا گیا۔ لاہور، کراچی، اسلام آباد سمیت تمام چھوٹے بڑے شہروں میں ہوٹلوں اور ریستورانوں پر بھی رش دیکھا گیا جہاں لوگوں نے خصوصی طور پر پہلی سحری کا اہتمام کیا، شہریوں کی بڑی تعداد چنے، بونگ پائے، پراٹھے، انڈہ، لسی سمیت متعدد کھانوں سے لطف اندوز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

## رمضان المبارک شروع ہوتے ہی سبزیوں و پھلوں کے دام بے لگام

### مارکیٹ میں منافع خوروں نے حکومتی ریٹ لسٹ کو ہوا میں اڑا دیا، سبزیاں اور پھل من چاہے نرخوں پر فروخت

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک شروع ہوتے ہی سبزیوں اور پھلوں کے دام بے لگام ہو گئے۔ مارکیٹ میں منافع خوروں نے حکومتی ریٹ لسٹ کو ہوا میں اڑا دیا، مارکیٹوں میں سبزیاں اور پھل من چاہے نرخوں پر فروخت کیے جا رہے ہیں۔ سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کے نرخ بدستور 80 روپے کلو برقرار ہیں جبکہ مارکیٹ میں پیاز 100 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے، ٹماٹر 50 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

## پاکستان کے سابق صدر رفیق تارڑ کی تیسری برسی 7 مارچ کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے سابق صدر رفیق تارڑ کی تیسری برسی 7 مارچ کو منائی جائے گی۔ رفیق تارڑ 2 نومبر 1929ء کو منڈی بہاالدین میں پیدا ہوئے تھے، انہوں نے 1951 میں پنجاب لا کالج سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی۔ وہ 17 جنوری 1991 سے یکم نومبر 1994 تک سپریم کورٹ کے جج رہے، اس سے قبل 6 مارچ 1989 سے 31 اکتوبر 1991 تک لاہور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)



اسلام آباد: رمضان المبارک کے پہلے روزے اور چھٹی والے دن فیصل ایونیو ویران دکھائی دے رہا ہے

## رمضان المبارک میں اردگرد لوگوں کا بھی خیال رکھیں' احسن افضل کھوکھر

### وزیر اعلیٰ مریم نواز کی کاوش سے پنجاب میں 80 رمضان سہولت بازار قائم، سستی، معیاری اشیاء دستیاب ہیں

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ رمضان المبارک برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے، ماہ مقدس مہینے میں ہمیں اپنے اردگرد موجود غریب، بیواؤں اور یتیموں کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش سے پنجاب میں 80 رمضان سہولت بازاروں لگے ہیں جہاں معمول کے مطابق سستی اور معیاری اشیاء دستیاب ہیں، رمضان بازاروں میں گھی، چینی، آٹا، دالیں، سبزیاں اور پھل عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں مل رہے ہیں۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ پنجاب حکومت تاریخ میں پہلی مرتبہ 30 ارب روپے کا رمضان پیکج لائی ہے۔ اس رمضان پیکج کے تحت 30 لاکھ خاندانوں میں کیش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

## کراچی: سحری کے وقت گیس غائب، سوئی سدرن کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

### شہریوں کو سحری کی تیاری میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑا' شہری سراپا احتجاج

کراچی (این این آئی) ماہ رمضان کی پہلی سحری کے دوران کراچی کے مختلف علاقوں میں گیس کی عدم فراہمی نے شہریوں کو مشکلات میں ڈال دیا۔ ملیر، رفاہ عام سوسائٹی، ناظم آباد، گلبہار اور رنچھوڑ لائن سمیت کئی علاقوں میں سحری کے وقت گیس دستیاب نہیں تھی، جس کی وجہ سے شہریوں کو کھانے کی تیاری میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) نے اعلان کیا تھا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

## وائلڈ لائف کی جھنگ اور تونسہ بیراج میں کارروائی، 5 آبی پرندے اور ریچھ برآمد

### برآمد ہونے والے آبی پرندوں "نیل بلائی" کو دریائے سندھ کے اپ اسٹریم میں آزاد چھوڑ دیا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ جنگلی حیات کی ٹیموں نے جھنگ اور تونسہ بیراج کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے نایاب نسل کے 5 آبی پرندوں (نیل بلائی) اور ریچھ کو غیر قانونی قبضے سے برآمد کروا لیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جنگلی جانوروں اور نایاب پرندوں کی حفاظت اور فروغ کے وژن پر عمل درآمد جاری ہے۔ برآمد ہونے والے آبی پرندوں "نیل بلائی" کو دریائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

## موٹروے پولیس کی گاڑی پر نامعلوم افراد کی شدید فائرنگ، اہلکار زخمی

### سنگجانی انٹرچینج کے قریب شدید فائرنگ کی وجہ سے گاڑی میں آگ بھڑک اٹھی اور جل کر خاکستر ہوگئی

راولپنڈی (این این آئی) موٹروے ایم ون پر سنگجانی انٹرچینج کے قریب شرپسند عناصر کی موٹر پولیس کی گاڑی پر فائرنگ سے اہلکار زخمی ہو گیا جبکہ شدید فائرنگ کی وجہ سے گاڑی میں آگ بھڑک اٹھی اور جل کر خاکستر ہو گئی۔ موٹروے پولیس حکام کے مطابق موٹروے سنگجانی انٹرچینج ایم ون پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

## روزہ خطرناک مرض الزائمر ختم کرنیکا عمدہ علاج، تحقیق

### روزے سے دماغ میں ایمیلوائڈ پروٹین کی مقدار کم ہو جاتی جو جم کر بھلکڑ پن بناتا ہے، ماہرین

کراچی (این این آئی) امریکی یونیورسٹی آف کیلی فورنیا سان ڈیاگو میں نیورو سائنٹسٹ ڈاکٹر پالا ڈریپ کی زیر رہنمائی انجام پائی گئی طبی تحقیق سے انکشاف ہوا کہ انٹرمیٹنٹ فاسٹنگ الزائمر مرض دور کرنے کا عمدہ طریقہ ہے، روزے رکھنا بھی انٹرمیٹنٹ فاسٹنگ کی ایک بہترین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

کراچی: ایک گلی میں پہلی رمضان المبارک کی سحری کرنے والوں میں کھانا تقسیم کیا جا رہا ہے

## مفاہمت، ثالثی کے ذریعے تنازعات کے حل کے موثر نظام کے نفاذ سے عدلیہ پر کیسز کا بوجھ کم ہوگا' پنجاب بار کونسل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ انصاف کے نظام میں بہتری کیلئے ڈیجیٹل تبدیلی کی طرف بھی پیشرفت کرنا ہوگی، ضلعی عدلیہ کی کارکردگی میں مزید بہتری لانے کے لیے ججز کی نئے رجحانات کے مطابق تربیت اچھا اقدام ہوگا، مفاہمت اور ثالثی کے ذریعے تنازعات کے حل کے موثر نظام کے نفاذ سے عدلیہ پر کیسز کا بوجھ کم ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب بار میں ملاقات کے لئے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

## ایف آئی اے فیصل آباد نے جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والے 2 مسافر گرفتار کر لئے

مکوآنہ (این این آئی) ایف آئی اے فیصل آباد نے جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والے 2 مسافر گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے امیگریشن نے فیصل آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کر کے جعلی دستاویزات پر سفر کرنے والے 2 مسافروں امجد علی اور محمد زید کو گرفتار کر لیا۔ ملزم امجد علی فلائٹ نمبر 562-G9 کے ذریعے یمن سے فیصل آباد پہنچا۔ ملزم ایمرجنسی پاسپورٹ پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

## صوبہ بھر میں آٹے، چینی کے نرخوں میں واضح ریلیف جاری ہے، شعیب جدون

### ریلیف سٹالز پر 10 کلو آٹا تھیلوں کی قیمت میں 20 سے 85 روپے تک ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے: ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب

### تمام ریلیف سٹالز پر فی کلو چینی 130 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 871 تھیلے آٹا فروخت ہوا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب شعیب جدون نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں آٹے اور چینی کے نرخوں میں واضح ریلیف جاری ہے۔ حکومتی ریلیف بازاروں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 871 تھیلے آٹا فروخت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر کے ریلیف سٹالز پر 10 کلو آٹا تھیلوں کی قیمت میں 20 سے 85 روپے تک ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے، 24 گھنٹوں کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)



لاہور: شہری سبزی منڈی سے خریداری میں مصروف ہیں

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداد اللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور